کوئٹہ اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونے والا روزنامہ
Member APNS
Daily Gwadar Business Quetta
روزنامہ
گوادر بزنس
کوئٹہ
ABC Certified
ایڈیٹر: ریاض احمد
جلد 22 | جمعرات 24 ستمبر 2026ء | 11 ربیع الثانی 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 75
Email.dailygwadarbusiness@gmail.com

شعبان، کیچ اور کوئٹہ میں سیکیورٹی فورسز کے آپریشن 19 دہشت گرد ہلاک، متعدد ٹھکانے تباہ، اسلحہ گولہ بارود، دھماکا خیز مواد برآمد

افغانستان کی پاکستان میں فضائی دراندازی کی کوشش ناکام، 8 ڈرونز مار گرائے

کرم سیکٹر میں افغان طالبان کی پاکستانی سرحدی چوکیوں پر بلا اشتعال فائرنگ، پاکستانی فورسز کا منہ توڑ جواب، دشمن کی توپیں خاموش کرا دیں

دہشتگردوں کے مذموم عزائم ناکام بنانے والے سیکیورٹی فورسز کے بہادر سپوتوں پر فخر ہے، سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں قومی سلامتی کے تحفظ کے عزم کی عکاس ہیں، محسن نقوی

کرم/پشاور/مستونگ/تربت/راولپنڈی/اسلام آباد (این این آئی) افواجِ پاکستان نے افغان طالبان رجیم کی جانب سے مبینہ طور پر ڈرونز کے ذریعے فضائی حدود کی خلاف ورزی کی کوشش ناکام بنا دی، پاکستانی حدود میں داخل ہونے والے 8 ڈرونز مار گرائے گئے، کرم (بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر)

راولپنڈی (این این آئی) سیکیورٹی فورسز کی جانب سے بلوچستان کے مختلف علاقوں میں آپریشنز کے دوران 19 دہشتگردوں میں جہنم واصل کر دیا گیا۔ پاک فوج کے شعبہ (بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر)

اپوزیشن سے مذاکرات آئینی دائرے میں رکھنے کا فیصلہ، حکومت اور اپوزیشن مذاکرات کا ایجنڈا کیا ہوگا، حکمت عملی طے

وزیراعظم کی امریکا سے واپسی کے بعد محمود اچکزئی سے ملاقات متوقع، وزیراعظم، اپوزیشن لیڈر ملاقات میں صرف چیف الیکشن کمشنر اور دو ارکان کی تقرری پر بات ہوگی

مذاکرات میں آئینی اور قانونی تقاضوں کو ملحوظ خاطر رکھا جائے گا، وفاق پر چڑھائی کے دبا میں عمران خان سے متعلق کسی معاملے پر بات چیت ممکن نہیں، حکومتی ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ اور قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈرز کی جانب سے مذاکرات کی پیشکش پر وفاقی حکومت نے مذاکرات کے حوالے سے اپنی حکمت عملی طے کر لی۔ ذرائع کے مطابق حکومت نے اپوزیشن سے مذاکرات آئینی وقانونی دائرے میں رکھنے کا فیصلہ (بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر)

سومنات پر 17 حملے ہوئے تھے، گنتی کر لیں کتنے ہو گئے، کتنے باقی ہیں، خواجہ آصف

پی ٹی آئی کو خیبر پختونخوا کا بھی 13 سال کا حساب دینا ہوگا، وزیر دفاع

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے پی ٹی آئی پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ 13 سال سے ایک صوبے کو لوٹا جا رہا ہے لیکن پھر بھی تسلی نہیں۔ ایک بیان (بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر)

ایران کیخلاف جنگ میں 1 اور امریکی فوجی کی ہلاکت کی تصدیق

واشنگٹن (این این آئی) امریکی محکمہ دفاع نے ایران کے خلاف جنگ میں ایک اور امریکی فوجی کی ہلاکت کی تصدیق کر دی۔ پینٹا (بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر)

امریکا ایران مذاکرات کا دوسرا روز، تہران نے شرائط واشنگٹن تک پہنچا دیں

امریکا اور ایران کے درمیان پیغامات کا تبادلہ تقریباً دو گھنٹے جاری رہا۔ اسماعیل بقائی

نیویارک (این این آئی) نیویارک میں امریکا اور ایران کے درمیان مذاکرات کے دوسرے روز قطر کی ثالثی میں پیغامات کا ایک اور تبادلہ ہوا ہے۔ ایرانی وزارت (بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر)

☆☆☆☆☆☆☆ نیویارک، وزیراعظم شہباز شریف سے گیٹس فاؤنڈیشن کے چیئرمین بل گیٹس ملاقات کر رہے ہیں ☆☆☆☆☆☆☆

پاکستان اور آئی ایم ایف مذاکرات آج شروع، 1.2 ارب ڈالر ملنے کا امکان

پہلے مرحلے میں اسٹیٹ بینک حکام سے تکنیکی مذاکرات کیے جائیں گے کرنٹ اکاؤنٹ خسارے، بنیادی شرح سود اور ایکسچینج ریٹ پر بات ہوگی، ذرائع

پاکستان نے زرمبادلہ ذخائر 17 ارب ڈالر سے زیادہ رکھنے کا ہدف حاصل کر لیا، موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کیلئے مزید 20 کروڑ ڈالر ملنے کی توقع

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان مذاکرات بدھ سے شروع ہو گئے ہیں جس کی کامیابی پر 1.2 ارب ڈالر ملنے کا امکان ہے۔ ایکسٹنڈڈ فنڈ فسیلٹی پروگرام کے تحت اقتصادی جائزے کے لیے آئی ایم ایف کا وفد پاکستان پہنچ گیا، قرض پروگرام کی (بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر)

سعودی عرب کی ترقی اور خوشحالی پاکستان کیلئے بھی باعثِ فخر ہے، وزیراعظم

سعودیہ کی سلامتی اور اسلام کے مقدس مقامات کے تحفظ کیلئے مملکت کیساتھ کھڑے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان سعودی عرب کی خودمختاری، سلامتی اور اسلام کے مقدس ترین مقامات کے تحفظ کیلئے سعودی عرب کے (بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر)

یہ سوچنا کہ مائنس عمران خان فارمولا کامیاب ہوگا، محمود خان اچکزئی

جمہوری احتجاج عوام کا حق ہے، ملک کے کروڑوں عوام کو اپنے حق کے لیے نکلنا ہوگا

لانگ مارچ غیر جمہوری حکومت کے خاتمے تک جاری رہے

کوئٹہ + اسلام آباد (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین و تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ اور قائد حزب اختلاف محمود خان اچکزئی نے نجی ٹی وی کو انٹرویو دیتے (بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر)

نیویارک، وزیراعظم محمد شہباز شریف سے بوسنیا و ہرزیگووینا کی صدارتی کونسل کے چیئرمین ڈاکٹر ڈینس بیچیر ووچ ملاقات کر رہے ہیں

بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کیلئے 6 افراد کی فہرست جیل حکام کو جمع

راولپنڈی (این این آئی) بانی پی ٹی آئی سے رفقا کی (آج) جمعرات کو ملاقات کے روز 6 افراد کی فہرست چوہدری اویس یونس نے جیل حکام کو جمع کرا دی۔ فہرست میں غلام فاروق اعوان، سہیل گردیزی، ضیا اللہ خان (بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر)

میر سرفراز بگٹی

دہشتگرد بلوچستان کے امن کو سبوتاژ کرنے میں کامیاب نہیں ہونگے

دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کے جوانوں کی قربانیاں قوم کے لیے باعثِ فخر ہیں

ردالفتنہ 3 کے تحت دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں آخری دہشت گرد کے خاتمے تک جاری رہیں گی

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مستونگ کے علاقے کنک وادی میں دہشت گردوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی کو قابلِ تحسین (بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد میں دفعہ 144 نافذ، ہر قسم کے اجتماع پر پابندی عائد

اسلام آباد (این این آئی) پنجاب کے بعد وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں بھی دفعہ 144 نافذ کر دی گئی جس کے تحت شہر میں کسی بھی قسم کے اجتماع پر پابندی لگا دی گئی (بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر)

محسن نقوی کی سربراہ پاسداران انقلاب سے ملاقات

ملاقات میں محسن نقوی اور جنرل احمد وحیدی نے مشرقِ وسطیٰ کی صورتحال سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر گفتگو کی

تہران (این این آئی) وفاقی وزیرِ داخلہ محسن نقوی نے ایران کے سربراہ پاسداران انقلاب جنرل احمد وحیدی سے ملاقات کی، جس میں مشرقِ وسطیٰ کی موجودہ صورتحال پر تبادلہ (بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سعودی عرب کے 96 ویں قومی دن کی مناسبت سے کیک کاٹ رہے ہیں

وزیراعظم سے بل گیٹس کی ملاقات

پاکستان سے پولیو کے مکمل خاتمے کیلئے حکومت کے غیر متزلزل عزم کا اعادہ

وزیراعظم کی بوسنیا و ہرزیگووینا کی صدارتی کونسل کے چیئرمین سے ملاقات، باہمی دلچسپی کے علاقائی اور عالمی امور پر تبادلہ خیال

شہباز شریف کا ملاقات میں بوسنیا و ہرزیگووینا کے ساتھ پاکستان کے تاریخی، قریبی اور برادرانہ تعلقات کی اہمیت کا اعادہ

نیویارک (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پولیو کے خاتمے، ماں و بچے کی صحت، غذائیت، حفاظتی ٹیکہ جات، ڈیجیٹلائزیشن اور مالیاتی شمولیت کے شعبوں میں (بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر)

نیویارک (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر بوسنیا و ہرزیگووینا کی صدارتی کونسل کے چیئرمین ڈاکٹر ڈینس بیچیر ووچ سے (بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر)

نیویارک، ایرانی صدر جنرل اسمبلی میں امریکی حملوں میں شہید ہونیوالوں کی تصاویر دکھا رہے ہیں

او آئی سی رابطہ گروپ کا کشمیری عوام کے حق خود ارادیت کی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ

بعض بھارتی رہنماؤں کی جانب سے آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کے بارے میں بلاجواز دعوے اور غیر ذمہ دارانہ بیانات علاقائی امن کے لیے خطرہ ہیں، اعلامیہ

سری نگر کی تاریخی جامع مسجد اور عیدگاہ میں عیدالاضحیٰ اور عیدالفطر جیسے اہم مذہبی مواقع پر مذہبی اجتماعات پر عائد پابندیوں کی مذمت

نیویارک (این این آئی) او آئی سی رابطہ گروپ برائے جموں و کشمیر نے کشمیری عوام کے حق خودارادیت کی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ جنوبی ایشیا میں پائیدار امن اور استحکام کا انحصار جموں و کشمیر کے تنازعہ کے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق حتمی تصفیے سے ہے، بھارتی رہنماؤں کی جانب سے آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کے بارے میں بلاجواز (بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر)

حکومت کی بات چیت کی پیشکش صرف پیشکش ہے اس میں عملی کچھ نہیں، بیرسٹر گوہر

بانی پی ٹی آئی کے خاندان کے چار لوگ اور آٹھ اراکین اسمبلی گرفتار، وزراء لاپتہ ہیں

ہمیں معلوم ہے ہم نے کس سے بات کرنی ہے، بات ہونی چاہیے لیکن بدقسمتی سے ابھی بات نہیں ہو رہی

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ ہمیں معلوم ہے کہ ہم نے کس سے بات کرنی ہے، بات ہونی چاہیے لیکن بدقسمتی سے ابھی بات (بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر)

ٹرمپ کی اقوام متحدہ میں تقریر امریکا کی اسٹریٹیجک شکست کی نشاندہی کرتی ہے، ایران

تہران/نیویارک (این این آئی) ایران کی مسلح افواج کی جنرل اسٹاف کمیٹی اور خاتم الانبیا مرکزی ہیڈکوارٹر نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے (بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ میں پولیس چوکی پر حملہ، جوابی فائرنگ سے 5 مبینہ دہشتگرد ہلاک

غبرگ میں پولیس چوکی پر نامعلوم افراد کی جانب سے فائرنگ کی گئی جوابی فائرنگ میں پانچ دہشتگرد مارے گئے

کوئٹہ کے نواحی علاقے اغبرگ میں پولیس چوکی پر نامعلوم افراد کی جانب سے فائرنگ کی گئی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے نواحی علاقے اغبرگ میں پولیس چوکی پر نامعلوم افراد کی جانب سے فائرنگ کی گئی جوابی فائرنگ میں پانچ دہشتگرد مارے گئے۔ پولیس کے مطابق (بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

حافظ نعیم

لانگ مارچ سے دستبردار نہیں ہونگے، احتجاج میں وسعت آئے گی

بدقسمتی سے بڑی سیاسی پارٹیاں عوامی مسائل پر آواز نہیں اٹھاتیں، اسلام آباد میں پریس کانفرنس

بہتر یہی ہے پٹرولیم لیوی ختم کر دی جائے ورنہ عوام حکومت گرانے نکل پڑیں گے، امیر جماعت اسلامی

اسلام آباد (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ پٹرولیم لیوی کے خلاف دھرنوں اور احتجاج میں مزید وسعت آئے گی، لانگ مارچ کے حق سے کسی صورت دستبردار نہیں ہوں گے، وزیراعظم کی درخواست پر مارچ کو چند روز کے لیے روکا گیا ہے، شہباز شریف کی وطن واپسی پر ملاقات میں عوام کو ریلیف نہ دیا گیا تو قافلے اسلام آباد کی جانب چل پڑیں گے۔ بہتر یہی ہے لیوی ختم کر دی (بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر)

ترقی پذیر دنیا میں قرضوں کی ادائیگی مالی گنجائش کو محدود کر رہی ہے، وزیراعظم

نیویارک (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ ترقی کا مقصد محض دولت پیدا کرنا نہیں بلکہ سماجی ترقی کو فروغ اور انسانی وقار کو برقرار رکھنا چاہیے، ترقی پذیر دنیا میں (بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر)

گزشتہ 18 سال سے کراچی کے وسائل پر ڈاکہ ڈالا جا رہا ہے، مصطفیٰ کمال

سیلز ٹیکس اور بندرگاہوں کا پیسہ براہ راست شہر کی ترقی پر خرچ ہونے کے بجائے وزیر اعلیٰ ہاؤس میں پارک ہو جاتا ہے

آج سے چھ ہفتے بعد شاہراہِ فیصل پر کراچی یک جان اور یک آواز ہو کر اپنا حق اپنا صوبہ مانگنے نکلے گا

کراچی (این این آئی) ایم کیو ایم پاکستان کے سینئر مرکزی رہنما اور وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ کراچی کے وسائل پر ڈاکہ ڈالا جا رہا ہے، اس شہر اور صوبے کے (بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر)

ٹرمپ اور برطانوی وزیراعظم کی پہلی بالمشافہ ملاقات، اہم امور پر گفتگو

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور برطانوی وزیراعظم اینڈی برنہم کی اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے موقع پر (بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر)

پنجاب میں ہمارے ورکرز کی زندگیاں اجیرن بنا دی گئی ہیں، اسد قیصر

پنجاب میں فری اینڈ فیئر الیکشن ہو جائیں وزیر اعلیٰ 10 سیٹیں بھی جیت گئیں (بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر)

نیویارک، وزیراعظم شہباز شریف سے بل گیٹس گفتگو کر رہے ہیں

عطا تارڑ

پی ٹی آئی کا سیاسی بیانیہ سوشل میڈیا پر جھوٹ اور شعبدہ بازی پر مبنی ہے

پاکستان مسلم لیگ (ن) ترقی پر یقین رکھتی ہے، پی ٹی آئی حکومت نے خیبر پختونخوا کو تباہی اور بربادی کے سوا کچھ نہیں دیا

انشااللہ ایک دن ایسا آئے گا جب خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی کا نام ونشان تک باقی نہیں رہے گا، کارکنوں سے گفتگو

پشاور (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کا سیاسی بیانیہ سوشل میڈیا پر جھوٹ اور شعبدہ بازی پر مبنی ہے، پاکستان مسلم لیگ (ن) ترقی پر یقین رکھتی ہے، پی ٹی آئی حکومت نے خیبر پختونخوا کو تباہی اور بربادی کے سوا کچھ نہیں دیا، خیبر پختونخوا میں دانش اسکول قائم کیے جا رہے ہیں، جب بھی صوبے کے عوام پاکستان مسلم لیگ (ن) (بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر)

پی ٹی آئی کے لانگ مارچ کے پیش نظر اسلام آباد کو کنٹینروں سے ڈھانپ دیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے لانگ مارچ کے پیش نظر اسلام آباد کو کنٹینروں سے ڈھانپ دیا گیا۔ (بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر)

شاہد خٹک نے اپوزیشن جماعتوں کو اسمبلیوں سے مستعفی ہو جانے کی تجویز دے دی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رکن قومی اسمبلی شاہد (بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، اسپیکر ایاز صادق یورپین پارلیمنٹ کے وفد کی سربراہ کو سووینئر دے رہے ہیں

توشہ خانہ کے قواعد مزید سخت، وفاقی حکومت نے نئے رولز نافذ کر دیے

اسلام آباد (این این آئی) توشہ خانہ کے قواعد مزید سخت کر دیے گئے، وفاقی حکومت نے نئے رولز نافذ کر دیئے، کابینہ ڈویژن (بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر)

پشتون کلچر ڈے پر وزیر اعلیٰ بلوچستان کی پشتون برادری کو مبارکباد

پشتون ثقافت بلوچستان کی تہذیبی شناخت کا اہم اور خوبصورت حصہ ہے، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے پشتون کلچر ڈے کے موقع پر پشتون برادری کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پشتون ثقافت بلوچستان کی تہذیبی (بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ سے ایشین ڈویلپمنٹ بینک کی کنٹری ڈائریکٹر کی ملاقات

سندھ اور اے ڈی بی کا ترقیاتی تعاون بڑھانے پر اتفاق

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ سے ایشین ڈویلپمنٹ بینک کی کنٹری ڈائریکٹر ایما فین نے ملاقات کی، جس میں سندھ حکومت اور اے ڈی بی کے درمیان (بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر)

پاکستان کیلئے مالی سال کے پہلے دو ماہ میں بیرونی قرضوں میں 23 فیصد اضافہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت کے نئے مالی سال کے پہلے دو ماہ کے دوران بیرونی قرضوں میں 23 فیصد اضافہ ریکارڈ (بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر)



روم، وفاقی وزیر رانا تنویر حسین ایف اے او کی ون ہیلتھ کانفرنس کے موقع پر بنگلہ دیش کے وزرا سے اعلیٰ سطحی ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان ہائیکورٹ

قومی شاہراہوں پر مسافروں کو سہولت اور پینے کے پانی کی فراہمی کیلئے اقدامات اٹھانے کی ہدایت

سماعت کے دوران عدالت کے حکم مورخہ 09 اپریل 2026 کی تعمیل میں این ایچ اے بلوچستان کے ممبر (ویسٹ زون) عدالت میں پیش

مناسب مقامات پر مسافروں کے آرام اور نماز کے لیے الگ جگہ مختص کی جائے، عدالت عالیہ

کوئٹہ (خ ن) چیف جسٹس عدالت عالیہ بلوچستان جسٹس محمد کامران خان ملاخیل اور جسٹس محمد نجم الدین مینگل پر مشتمل دو رکنی بینچ نے دائر آئینی درخواست کی سماعت کرتے ہوئے نیشنل ہائی وے اتھارٹی (این ایچ اے) کو قومی شاہراہوں بالخصوص N-25 اور N-50 (بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر)

پاکستان کی معاشی شرح نمو 3.7 فیصد ہو گئی، نجی سرمایہ کاری میں 8.6 فیصد اضافہ

مہنگی توانائی، بیرونی غیر یقینی صورتحال، عالمی مالیاتی حالات اور موسمیاتی خطرات معاشی نمو کے لیے چیلنج برقرار ہیں

اے ڈی بی کی رواں مالی سال بھی شرح نمو 3.7 فیصد رہنے کی پیشگوئی برقرار

کراچی (این این آئی) ایشیائی ترقیاتی بینک (اے ڈی بی) نے کہا ہے کہ پاکستان کی معاشی شرح نمو گزشتہ مالی سال کے دوران 3.2 فیصد سے بڑھ کر 3.7 فیصد ہو گئی، جبکہ شرح سود میں کمی اور بہتر کاروباری اعتماد کے باعث نجی سرمایہ کاری میں 8.6 فیصد اضافہ ہوا، تاہم مہنگی (بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر)

امریکی اور ایرانی وفود کے درمیان ثالثوں کے ذریعے رابطے جاری ہیں، اسٹیو وٹکوف

مذاکرات کا ایک دور مکمل ہو گیا ہے اور امید ہے کہ یہ بات چیت تعمیری اور مثبت ثابت ہوگی

واشنگٹن (این این آئی) امریکا اور ایران کے درمیان اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر نیویارک میں اہم سفارتی رابطہ ہوا ہے، جہاں دونوں ممالک کے وفود نے ثالثوں کے ذریعے طویل مذاکرات کیے ہیں۔ امریکی خصوصی ایلچی اسٹیو وٹکوف نے (بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر)

نیویارک، وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب ورلڈ اکنامک فورم کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

امریکی ایف 16 طیارہ تربیتی مشق کے بعد گر کر تباہ، پائلٹ محفوظ

واشنگٹن/برلن (این این آئی) جرمنی میں امریکی فضائیہ کا ایف 16 لڑاکا طیارہ تربیتی مشق کے بعد گر کر تباہ ہو گیا، تاہم پائلٹ (بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر)

سفارتخانے کا انتباہ جاری، سعودی عرب میں پاکستانیوں کو سیاسی سرگرمیوں سے دور رہنے کی ہدایت

ریاض (این این آئی) سعودی عرب میں پاکستانی سفارتخانے نے وہاں مقیم پاکستانی شہریوں کو سیاسی سرگرمیوں، مظاہروں اور (بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر)

پاک سعودیہ دفاعی معاہدے کے بعد پاکستان آرمی نئی طاقت بن کر ابھری، احسن اقبال

اگر ٹی وی سکرینوں پر مار کٹائی، ڈنڈے، ہلڑ بازی دکھائی جائے گی تو کون سا بین الاقوامی سرمایہ کار پاکستان آئے گا؟

ہم ملک کے استحکام، معاشی مفاد کا ہر قیمت پہ دفاع کریں گے، وفاقی وزیر

ناروال (این این آئی) وفاقی وزیر احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان سعودی عرب دفاعی معاہدے کے بعد پاکستان آرمی ایک نئی طاقت بن کر ابھری ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے (بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر)

جنگ میں ہتھیار نہیں ڈالیں گے ایرانی صدر

ایرانی صدر نے شہید ایرانی سپریم لیڈر اور میناب کے اسکول کے شہید بچوں کی تصاویر دکھائیں

نیویارک (این این آئی) ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ ایران امریکا کے ساتھ جنگ میں فوجی طاقت کے سامنے ہتھیار نہیں ڈالے گا تاہم ایران تنازع کے (بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر)

یمن، سعودی فضائی حملوں سے 2 بچوں اور خاتون سمیت 6 افراد ہلاک

حوثی تنظیم انصار اللہ کا یمن میں سعودی نگرانی کرنے والا ڈرون مار گرانے کا دعویٰ

صنعا (این این آئی) یمنی حوثی اکثریتی تنظیم انصار اللہ نے سعودی نگرانی کرنے والا ڈرون مار گرانے کا دعویٰ کیا ہے۔ ایرانی میڈیا کے مطابق انصار اللہ نے کہا کہ یمن کے صوبے تعز کے علاقے الخا میں سعودی نگرانی کرنے والے ڈرون کو مار گرایا گیا ہے۔ انصار اللہ نے دعویٰ (بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر)

پی ٹی آئی لانگ مارچ، وفاقی پولیس نے ضروری ساز وسامان کی فہرست تیار کر لی

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی آئی کے لانگ مارچ کے اعلان کے بعد اسلام آباد پولیس نے تیاریاں تیز کر دیں۔ وفاقی پولیس (بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر)

فورسز کی بلوچستان میں کارروائی، خواتین اور بچوں سمیت 103 غیر قانونی مقیم افغان باشندے گرفتار

دانا سر بائی پاس (این این آئی) سیکیورٹی فورسز نے بلوچستان کے علاقے دانا سر بائی پاس میں کارروائی کرتے ہوئے خواتین اور (بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر)

سندھ، 500 الیکٹرک بسیں خریدنے کی تیاری، 50 ڈبل ڈیکر نومبر تک پہنچیں گی

سندھ حکومت پبلک ٹرانسپورٹ کے نظام کو مزید وسعت دے رہی ہے، شرجیل میمن

کراچی (این این آئی) سندھ حکومت نے پبلک ٹرانسپورٹ کے نظام کو مزید وسعت دینے کے لیے 500 الیکٹرک بسوں کی خریداری کی تیاری کر لی ہے اس سلسلے میں محکمہ ٹرانسپورٹ نے بسوں کی خریداری کی سمری کابینہ کو ارسال کر دی ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، پی ٹی آئی کے لانگ مارچ کے پیشِ نظر جناح ایونیو پر کنٹینرز رکھ کر بند کیا گیا ہے

کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیرالاشاعت روزنامہ
Daily Gwadar Business
ABC Certified
روزنامہ
گوادر بزنس
ایڈیٹر ریاض احمد

حرمین شریفین کی حرمت وتقدس ہر چیز سے بڑھ کر ہے

ڈائریکٹر جنرل انٹر سروسز پبلک ریلیشنز لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کا کہنا ہے کہ سعودی عرب کا دفاع کرنے کے لیے پاکستان کسی بھی حد تک جائے گا۔ عرب ٹی وی کو دیے گئے انٹرویو کی مزید تفصیلات کے مطابق، ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ پاکستان سعودی عرب کے ساتھ کھڑا ہے اور حرمین شریفین کی حفاظت کے لیے وہاں موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ سعودی عرب کی سکیورٹی کے لیے پاکستان کا عزم غیر مشروط ہے۔ یہ دونوں ممالک کے عوام، افواج اور سیاسی قیادت کے درمیان ایک نہ ٹوٹنے والا تاریخی رشتہ ہے۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کا کہنا تھا کہ پاکستان سعودی عرب کا دفاع کرتا رہے گا اور اس مقصد کے لیے کسی بھی حد تک جانے کو تیار ہے۔ امریکہ کے ایران پر حملوں کے باعث خطے کی صورتِ حال پہلے ہی مخدوش ہے۔ اس دوران حوثیوں کی جانب سے سعودی عرب پر حملے بھی تیز کر دیے گئے ہیں۔ حوثیوں کو عموماً ایران کا پراکسی گروپ سمجھا جاتا ہے۔ چین کی جانب سے ایران سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ وہ حوثیوں کو سعودی عرب پر حملوں سے باز رکھے، جبکہ ایران نے واضح کیا ہے کہ اس معاملے میں وہ حوثیوں کے ساتھ نہیں ہے۔ یہ اطلاعات بھی سامنے آئی ہیں کہ عمان کے دارالحکومت مسقط میں امریکہ اور حوثی قیادت کے درمیان باقاعدہ ملاقاتیں ہوئی ہیں، جن میں مبینہ طور پر یہ طے پایا کہ حوثی اسرائیلی اور امریکی مفادات کو نقصان نہیں پہنچائیں گے، جبکہ امریکہ سعودی عرب کی حمایت کرتے ہوئے حوثیوں کے خلاف حملے نہیں کرے گا۔ یہ صورتِ حال نہایت حیران کن اور تشویش ناک ہے۔ میڈیا میں یہ رپورٹس بھی سامنے آ چکی ہیں کہ امریکہ نے حوثیوں کے خلاف حملے کرنے سے انکار کر دیا ہے، جس کا مطالبہ سعودی عرب کی جانب سے کیا گیا تھا۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا امریکہ سعودی عرب پر دباؤ ڈال کر اسے ابراہم معاہدے کا حصہ بنانا چاہتا ہے؟ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے سعودی عرب پر ابراہم معاہدے میں شامل ہونے کے لیے بار بار زور دیا گیا ہے۔ تاہم، سعودی ولی عہد محمد بن سلمان نے واضح موقف اختیار کیا ہے کہ فلسطین کے مسئلے کا دو ریاستی حل ہونے کے بعد ہی سعودی عرب ابراہم معاہدے کا حصہ بنے گا۔ حوثیوں کی جانب سے سعودی عرب پر کیے جانے والے ایسے ہی ایک حملے میں طائف کے قریب ایک ڈرون گرایا گیا، جبکہ مکہ مکرمہ کی جانب آنے والے ایک میزائل کو بھی سعودی فضائی دفاعی نظام نے تباہ کر دیا۔ مقدس مقامات پر حملوں کا تصور بھی کسی مسلمان کے لیے ناقابلِ قبول ہے۔ یہ کس قدر بدبختی کی بات ہے کہ بعض عناصر آسمانی مذاہب کے مقدس ترین مقامات میں سے ایک، حرمین شریفین، کی جانب میزائل حملے کرنے سے بھی گریز نہیں کرتے۔ بے شک، حرمین شریفین کی حفاظت نہ صرف بطور مسلمان ہمارا دینی فریضہ ہے بلکہ ہمارے ایمان، عقیدے اور قلبی وابستگی کا تقاضا بھی ہے۔ سعودی عرب کے ساتھ موجود مشترکہ دفاعی معاہدوں اور برادرانہ تعلقات کی بنیاد پر سعودی عرب کے خلاف کسی بھی بیرونی جارحیت کی صورت میں اس کے شانہ بشانہ کھڑے ہو کر دفاع کرنا ہماری قومی، اخلاقی اور دینی ذمہ داری ہے۔ حرمین شریفین کی حرمت و تقدس ہمارے لیے ہر چیز سے بڑھ کر ہے، اور ان کی حفاظت کے لیے اپنا کردار ادا کرنا ہمارے لیے باعثِ سعادت اور اعزاز ہے۔ پاکستان اپنی اس ذمہ داری کو ادا کرنے کے لیے ہمہ وقت تیار اور چوکس ہے۔ جن ممالک کا اثر و رسوخ حوثی گروہ پر ہے، انہیں چاہیے کہ وہ اللہ کے مقدس گھر اور رسول اللہؐ کے شہر کی حرمت کا پاس رکھتے ہوئے حوثیوں کو مسلم دنیا میں بدامنی، انتشار اور شر پھیلانے سے باز رکھنے کے لیے اپنا موثر کردار ادا کریں۔ امتِ مسلمہ کو باہمی اتحاد، اخوت اور حرمتِ حرمین کے تحفظ کے لیے یکجا ہونا چاہیے۔

تم اور تمہارا تیل ہمارا ہے

وسعت اللہ خان

بالآخر بلی تھیلے سے باہر آ ہی گئی۔ گزشتہ ماہ کی اٹھائیس تاریخ کو صدر ٹرمپ نے فاتحانہ اعلان کیا کہ سب سے بڑی تاریخی ڈیل ہو گئی ہے جس کے سبب بقول صدر ٹرمپ امریکا کے تیل کے ذخائر دوگنے ہو جائیں گے۔ یہ ڈیل وینزویلا سے ہوئی جس کے صدر نکولس مدیرو اور ان کی اہلیہ کو امریکا نے تین جنوری کو دن دہاڑے اغوا کر کے نیویارک پہنچایا اور وزیرِ خارجہ مارکو روبیو کو وینزویلا کا غیر علانیہ وائسرائے مقرر کیا گیا۔

تب سے روزانہ پانچ لاکھ بیرل تیل امریکا جا رہا ہے (یہ مقدار وینزویلا کی موجودہ روزانہ پیداوار (گیارہ لاکھ بیرل کا تقریباً پینتالیس فیصد ہے)۔ اس تیل کی آمدنی وینزویلا کی قومی تیل کمپنی کے نیویارک کے ایک بینک اکاؤنٹ میں ''امانتاً'' جمع ہوتی ہے۔ (جیسے ایران کے اربوں ڈالر لگ بھگ نصف صدی سے امانتاً امریکی بینکوں میں جمع ہیں)۔

وینزویلا کے اقتدار پر واشنگٹن کے ریموٹ کنٹرول قبضے کے آٹھ ماہ بعد اگلے ایک سو برس کے لیے باقاعدہ قانونی حصہ داری کے لیے مذکورہ معاہدے پر امریکا کی جانب سے وزیرِ خارجہ مارکو روبیو اور وزیرِ دفاع پیٹ ہیگسیتھ نے دستخط کیے۔ وینزویلا کی قائمقام صدر ڈولسی روڈریگز کا کام بس اتنا ہے کہ وہ واشنگٹن سے صادر ہدایات و احکامات پر بلا چون و چرا عمل کریں۔ عالمینقشے دیکھیں

اگرچہ وینزویلا کی مٹھی بھر حزبِ اختلاف نے اس معاہدے کو دن دہاڑے ڈاکہ قرار دیا تاہم قائمقام صدر نے معاہدے کا دفاع کرتے ہوئے کہا کہ وینزویلا کو اگلے پچیس برس میں تیل کی پیداوار کی مد میں دو سو نو ارب ڈالر کی رائلٹی ملے گی اور تیل کی مفلوج صنعت جو کئی عشروں کی امریکی پابندیوں کے سبب سرمایہ کاری کو ترس رہی ہے اس کی رگوں میں نئی توانائی بھر جائے گی۔

قائمقام صدر ڈولسی روڈریگز کے بھائی پارلیمنٹ کے اسپیکر ہیں۔ چنانچہ پارلیمنٹ نے بھی اس معاہدے کی توثیق میں دیر نہیں لگائی حالانکہ معاہدے کا مسودہ اب تک سوائے دو چار عہدیداروں کے کسی نے نہیں دیکھا۔

وینزویلا کو انرجی جیک پاٹ کہا جاتا ہے کیونکہ یہاں دنیا کا سب سے بڑا تیل کا ذخیرہ ہے۔ اس کا تخمینہ تین سو تین ارب بیرل ہے۔ گویا سترہ فیصد عالمی تیل وینزویلا میں ہے (سعودی عرب دوسرے نمبر پر ہے)۔

صدر ٹرمپ نے جس تاریخی ڈیل کا اعلان کیا اس کے تحت وینزویلا کا بیس فیصد سے زائد تیل (پینسٹھ ارب بیرل) براہِ راست امریکی کنٹرول میں آ جائے گا۔ یہ تیل امریکا کو بلا منافع اصل قیمت پر اگلے سو برس فراہم کیا جائے گا (قیمت بھی امریکی سرمایہ کار طے کریں گے)۔ اس تسلط کے لیے نارتھ امریکن بلیو انرجی پارٹنرز (نیبیپ) نامی ایک کمپنی کے ذریعے ایک سو ارب ڈالر کی سرمایہ کاری ہوگی۔ نارتھ امریکن بلیو انرجی پارٹنرز (نیبیپ) میں امریکی محکمہ دفاع کے شیئرز پینتیس فیصد ہوں گے۔ کمپنی کے سربراہ وینزویلا کے ایک ارب پتی کاروباری ایلیجاندرو بیٹن کورٹ ہیں۔ ایلیجاندرو صاحب نے وینزویلا کے کٹر امریکا مخالف صدر ہیوگو شاویز کے دور میں بجلی کے شعبے میں سرمایہ کاری سے خاصی دولت کمائی اور اب وہ صدر ٹرمپ کے پسندیدہ سرمایہ کار بن چکے ہیں۔

دو ہزار سترہ سے ایلیجاندرو بیٹن کورٹ منی لانڈرنگ کے الزامات کی زد میں ہیں۔ گزشتہ برس اسپین اور سوئٹزرلینڈ کی درخواست پر انہیں برطانیہ چھوڑنے سے منع کر دیا گیا۔ تاہم ان پر باقاعدہ فردِ جرم عائد نہیں ہے۔

نارتھ امریکن بلیو انرجی پارٹنرز (نیبیپ) کے ساتھ شراکت داری کے معاہدے پر امریکی قوانین لاگو ہوں گے۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی اکثریت امریکی شہریوں پر مشتمل ہو گی اور بورڈ میں نامزدگیوں اور تقرریوں پر امریکی انتظامیہ کو ویٹو کا اختیار حاصل ہوگا۔

اس معاہدے کا اعلان ہوتے ہی وینزویلا میں انیس سو تیس سے تیل کے کاروبار سے منسلک سب سے بڑی امریکی کمپنی شیورون کے حصص کی قیمت میں ڈھائی فیصد کا اضافہ ہو گیا اور شیورون نے وینزویلا میں اپنے آئل انفراسٹرکچر کو ترقی دینے کے لیے فوری طور پر سات ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کا اعلان کر دیا۔

انیس سو نوے کے عشرے میں وینزویلا میں تیل کی روزانہ پیداوار تین اعشاریہ تین ملین بیرل تھی۔ زیادہ تر تیل امریکا ہی خریدتا تھا۔ پھر پیداوار کم ہوتی ہوتی آج ایک اعشاریہ پچیس ملین بیرل یومیہ ہے۔ کمی کے اسباب میں طویل امریکی بائیکاٹ کے ساتھ ساتھ بدانتظامی اور کرپشن بھی ہے۔ دو ہزار سات میں صدر ہیوگو شاویز نے امریکی تیل کمپنیوں ایکزون موبائل اور کونو کو فلپس کے اثاثے قومیا لیے۔ ان کی جگہ چینی اور روسی تیل کمپنیوں کو ٹھیکے دیے گئے مگر فرسودہ انفراسٹرکچر کو ترقی دینے کے لیے جو بھاری سرمایہ کاری درکار ہے اس کے مہیا نہ ہونے کے سبب پیداوار میں قابلِ ذکر اضافہ نہ ہو سکا۔

اب امریکی اور مغربی کمپنیوں کے لیے دوبارہ منافع بخش راستہ کھل گیا ہے۔ شیورون کو تیل نکالنے کے لیے دو اضافی بلاکس اور اطالوی کمپنی ای این آئی کو بھی ایک بڑا آئل فیلڈ الاٹ ہو گیا ہے۔ ایک بھارتی کمپنی بھی آئل فیلڈ لیز حاصل کرنے کے لیے پر تول رہی ہے۔ ہدف یہ ہے کہ اگلے دس برس میں تیل کی پیداوار کم از کم دو ملین بیرل روزانہ کی سطح تک لائی جائے۔ امریکی کمپنی جی ای ویرونوا کو بھی ملک کے برقی نظام کو جدید بنانے کا ٹھیکہ مل گیا ہے۔

آبنائے ہرمز کے بحران سے دنیا کو روزانہ ایک کروڑ بیرل تیل کی قلت درپیش ہے۔ خلیجی ممالک کا تیل لائٹ کروڈ ہے اور یورپ سمیت اکثر ممالک کے لیے اسے صاف کرنا نسبتاً آسان ہے۔ البتہ وینزویلا کا ہیوی گریڈ تیل سلفر کی مقدار زیادہ ہونے کے سبب زیادہ تر شمالی امریکا، میکسیکو، چین اور بھارت کی ریفائنریوں میں ہی قابلِ استعمال بنایا جا سکتا ہے۔

وینزویلا کی اپوزیشن ملک میں جلد از جلد عام انتخابات کا مطالبہ کر رہی ہے۔ مگر قائمقام صدر ڈولسی کا کہنا ہے کہ ''مناسب وقت'' پر انتخابات بھی ہو جائیں گے۔ امریکی کانگریس کے کچھ ریپبلکن ارکان نے بھی وینزویلا میں انتخابات کروانے کا مطالبہ کیا ہے۔ صدر ٹرمپ نے جواباً کہا ہے کہ '' ابھی نیا نیا معاملہ ہے۔ ابھی وہ تیار نہیں۔ انہوں نے آمریت (معزول اغوا صدر نکولس مدیرو) سے تازہ تازہ چھٹکارا پایا ہے۔ وینزویلا کی موجودہ حکومت بہت اچھا کام کر رہی ہے''۔

وینزویلا پر آسان ترین کامیاب شبخون کے بعد ہی صدر ٹرمپ نے ایران کو ایک پکا ہوا رسیلا پھل سمجھا جو جھولی میں پٹاک سے گرنے کو تیار ہے۔ چنانچہ وینزویلا کی فتح کے لگ بھگ سات ساڑھے سات ہفتے بعد ہی امریکا نے ایران پر چھلانگ لگا دی۔ تب سے جو ہو رہا ہے آپ کے سامنے ہے۔

صحافت کو چاہیے، حاجی لق لق

نعمان یاور

''مہنگائی کا یہ عالم ہے کہ اب بازار جانے کے لیے جیب میں پیسے اور دل میں حوصلہ دونوں کا بڑا ہونا ضروری ہے، غریب تو اب صرف سانس مفت لے رہا ہے، اور مجھے ڈر ہے کہ حکومت کسی دن اس سانس پر بھی 'کسٹم ڈیوٹی' نہ لگا دے۔'' یہ جملے کسی دورِ جدید کے کالم نگار کے نہیں، بلکہ اردو صحافت کے اس درخشندہ ستارے کے ہیں جس نے عشروں پہلے اپنے کاٹ دار طنز سے معاشرے کے ناسوروں کو بے نقاب کیا۔ اردو صحافت اور طنز و مزاح کی تاریخ بیسویں صدی کے وسط میں جن نابغہ روزگار شخصیات کے دم قدم سے روشن تھی، ان میں حاجی لق لق کا نام کسی تعارف کا محتاج نہیں۔ ان کا اصل نام عطا محمد چشتی یا و؟ عطا محمد تھا، لیکن وہ اپنے قلمی نام ''حاجی لق لق'' سے برصغیر میں مقبول ہوئے۔ وہ بیک وقت ایک بے باک کالم نگار، قادر الکلام مزاحیہ شاعر، ادیب اور پاک فوج کے ریٹائرڈ کپتان تھے۔

حاجی لق لق 14 نومبر 1898ء کو پٹی (امرتسر، بھارتی پنجاب) میں پیدا ہوئے۔ وہ غیر معمولی طویل قامت اور دبلے پتلے تھے۔ بہت کم لوگ جانتے ہیں کہ حاجی لق لق صرف قلم کے ہی دھنی نہیں تھے بلکہ ایک باقاعدہ تربیت یافتہ فوجی بھی تھے۔ انہوں نے پہلی جنگِ عظیم کے دوران برطانوی ہند کی فوج میں شمولیت اختیار کی۔ عراق میں قیام کے دوران ان کی دراز قامت اور لمبی ٹانگیں دیکھ کر ان کے عرب دوست انہیں مذاق میں لمبی ٹانگوں والے پرندے (لق لق یا اسٹورک) کی مناسبت سے ''لق لق'' کہنے لگے۔ بعد ازاں جب انہوں نے حج کی سعادت حاصل کی تو وہ ''حاجی لق لق'' کہلانے لگے۔ جب انہوں نے باقاعدہ صحافت اور ادبی سفر کا آغاز کیا، تو اسی عوامی شناخت کو اپنا مستقل قلمی نام بنا لیا جبکہ سنجیدہ شاعری میں وہ ''ابواللہ چشتی'' کا نام استعمال کرتے تھے۔ فوج میں رہتے ہوئے بھی ان کی حسِ مزاح اور ادبی ذوق ہمیشہ زندہ رہا۔ ان کے رفقائے کار بتاتے ہیں وہ بیرکوں اور فوجی میس میں بھی اپنی شگفتہ مزاجی کی وجہ سے محفل کی جان ہوا کرتے تھے۔ ان کا یہ عسکری ڈسپلن اور دلیری بعد میں ان کے صحافتی سفر کی بنیاد بنی۔

حاجی لق لق کا دور اردو صحافت کا زریں اور سب سے متحرک دور تھا۔ انہوں نے برصغیر کے عظیم ترین اخبارات اور جرائد کے ساتھ کام کیا۔ انہوں نے مولانا ظفر علی خان کے مشہورِ زمانہ اخبار 'روزنامہ زمیندار' سے اپنے صحافتی سفر کا بڑا حصہ وابستہ رکھا۔ اس کے علاوہ انہوں نے 'شہباز'، 'احسان' اور 'مساوات' جیسے صفِ اول کے اخبارات میں بھی کالم لکھے۔ تقسیمِ ہند کے بعد وہ لاہور آئے اور آغا شورش کاشمیری کے معروف جریدے ''چٹان'' کے مستقل کالم نگار بن گئے۔ اردو صحافت میں چراغ حسن حسرت اور مولانا عبدالمجید سالک کے بعد عوامی زبان میں کاٹ دار سیاسی و سماجی مزاح لکھنے میں حاجی لق لق کا کوئی ثانی نہیں تھا۔ وہ بظاہر عام اور سادہ الفاظ کا استعمال کرتے تھے، لیکن ان کا نشانہ بہت گہرا ہوتا تھا۔ انہوں نے نثر اور نظم دونوں میں گراں قدر سرمایہ چھوڑا۔ ان کے کالموں میں سیاستدانوں کی پینترا بدلنے کی عادت اور بیوروکریسی کے رویوں پر کڑی ضرب لگائی جاتی تھی۔ سیاستدانوں کے وعدوں پر ایک کالم میں لیڈروں کی عادات کا نقشہ کھینچتے ہوئے لکھتے ہیں: ''ہمارے ملک کے لیڈر جب اسٹیج پر آتے ہیں تو ایسا لگتا ہے جیسے اب غریبوں کے گھروں میں دودھ کی نہریں بہنے والی ہیں، لیکن اسمبلی کی کرسی پر بیٹھتے ہی ان کو شدید قسم کا زکام ہو جاتا ہے، جس سے انہیں عوام کی چیخیں سنائی دینا بند ہو جاتی ہیں بھئی!''

شاعری میں طنز کا اچھوتا رنگ

ان کے نثری کالموں کی طرح ان کا شعری کلام بھی لاجواب تھا۔ ان کی شاعری میں انگریزی اور اردو الفاظ کا خوبصورت ملاپ اور معاشرتی فیشن پر طنز کا رنگ کچھ ایسے نظر آتا تھا:

آج کل کی لیڈیاں ہیں اور سیکنڈ ہینڈ ہیں
گو ظاہراً وہ دیکھنے میں بالکل برانڈڈ ہیں
ان کو ضرورت شوہر نہیں ہے اب
کافی ہیں ان کے واسطے جو بوائے فرینڈ ہیں
کہتے ہیں لق لق چشتی چلو اب سنبھل کے تم
بدلے ہوئے زمانے کے اب یہ سینٹی مینٹ ہیں

حاجی لق لق کے اپنے ہم عصر ادیبوں، خصوصاً چراغ حسن حسرت اور آغا شورش کاشمیری کے ساتھ تعلقات انتہائی دوستانہ مگر نوک جھونک سے بھرپور تھے۔ اخبارات کے صفحات میں یہ لوگ ایک دوسرے پر تیکھے جملے کستے تھے، مگر ذاتی زندگی میں گہرے دوست تھے۔ چراغ حسن حسرت نے حاجی لق لق کی پالتو بھینس پر ایک سدابہار مضمون لکھا تھا۔ جب حاجی صاحب کی غیر موجودگی میں ان کی بھینس بھاگ کر سرکاری حراست کانجی ہاو؟س پہنچ گئی، تو حسرت نے اخبار میں چٹکی لیتے ہوئے لکھا حاجی صاحب بھینس کے لیے چارہ ڈھونڈنے میں اتنے مگن رہتے ہیں کہ بعض اوقات خود چارے کی طرح نظر آنے لگتے ہیں۔''

آج جب ہم اپنے اردگرد ابلاغ کے ذرائع میڈیا پر نظر ڈالتے ہیں، تو دل مایوسی سے بھر جاتا ہے۔ صحافت جہاں سنجیدگی اور اخلاقی اصولوں سے محروم ہوتی جا رہی ہے، وہاں حالات کی تلخی اور لوگوں کی پریشانیاں انہیں ہلکے پھلکے، طنز و مزاح سے عاری بیانیوں سے مزید بوجھل کر دیتی ہیں۔ موجودہ دور کے ابلاغ میں کچھ بھی ایسا نہیں بچا جس سے عوام کے مرجھائے ہوئے چہروں اور مزاج پر خوشگوار تاثرات پڑیں۔ ہر طرف چیخ و پکار، سنسنی خیزی اور مایوسی کا راج ہے۔ ایسے گھٹن زدہ ماحول میں حاجی لق لق جیسی عبقری شخصیات کی کمی شدت سے محسوس ہوتی ہے، جو زہر آلود سیاسی ماحول میں بھی شگفتگی کا دامن ہاتھ سے چھوٹنے نہیں دیتے تھے۔ افسوس کہ ایسی شخصیات اب صرف تاریخ کی سطروں میں ہی ملتی ہیں۔

کئی دہائیوں پہلے صحافت کو ایک نیا رچاو؟، شگفتگی اور عوامی مقبولیت دینے والا یہ عظیم کالم نگار اور مجاہدِ صحافت 28 ستمبر 1961ء کو لاہور میں انتقال کر گیا۔ ان کی وفات سے اردو طنز و مزاح کا ایک ایسا باب بند ہو گیا جو دوبارہ نہ کھل سکا۔ مگر ان کی تحریریں، ان کا انداز اور ان کا بے باک اسلوب آج بھی آنے والی نسلوں کے لیے مشعلِ راہ ہے، اور یہ پکار رہا ہے کہ معاشرے کو سدھارنے کے لیے آج کی صحافت کو پھر سے کسی 'حاجی لق لق' کی ضرورت ہے

☆☆☆

خلا میں امریکی ہتھیار: ممکنہ خطرناک اثرات و نتائج

آغا عبدالستار

امریکہ نے گزشتہ ہفتے یہ انکشاف کیا کہ اس نے خلا میں بھی ہتھیار لگا دیے ہیں، جس سے پوری دنیا میں ان کے اثرات پر بحث چھڑ گئی ہے۔ ناقدین کا خیال ہے کہ یہ اعلان اس بات کا اشارہ دیتا ہے کہ دنیا میں اپنے تسلط کو مضبوط کرنے کے بعد امریکہ اب کائناتی تسلط کی طرف بڑھ رہا ہے، جس کے بڑے خطرناک نتائج برآمد ہو سکتے ہیں۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اپنے پہلے دورِ اقتدار میں خلا میں امریکی تسلط کو مضبوط کرنے کے لیے ایک خلائی فوج کی تشکیل کا بھی اعلان کیا تھا، جس کے لیے 10 ہزار افراد کو تربیت دی جانی تھی۔ اس مقصد کے لیے یو ایس اسپیس اکیڈمی کی تشکیل کے حوالے سے صدر ٹرمپ نے گزشتہ مہینے ایک ایگزیکٹو حکم نامے پر دستخط بھی کیے ہیں۔ اب تک امریکہ نے اس بات کی وضاحت نہیں کی ہے کہ کس طرح کے ہتھیار خلا میں بھیجے گئے ہیں۔ اس لیے ماہرین کا خیال ہے کہ اس اعلان کے بعد پہلے مرحلے پر امریکہ کے حوالے سے چین اور روس کے شکوک و شبہات بڑھیں گے۔ امریکی حکام نے ہتھیار لگانے کی وجہ بتاتے ہوئے یہ دعویٰ کیا کہ روس اور چین جارحانہ انداز میں خلائی تسلط کے لیے کام کر رہے ہیں۔ تاہم انہوں نے اپنے ان دعووں کو ثابت کرنے کے لیے کوئی ٹھوس ثبوت نہیں دیا۔ ناقدین کا خیال ہے کہ کیونکہ امریکہ نے 1967 کے خلائی تحفظ کے معاہدے کو بالائے طاق رکھتے ہوئے خلا کو مسلح کرنے کی ابتدا کی ہے۔ اس لیے یہ عمل یہیں نہیں رکے گا۔ خدشہ ظاہر کیا جا رہا ہے کہ چین، روس اور ممکنہ طور پہ دوسرے ممالک بھی خلا کو مسلح کرنے کے لیے اپنی کوششوں کو تیز کر دیں گے۔ 1967 کے معاہدے کے تحت تمام اقوام کو پابند کیا گیا تھا کہ وہ خلا کو صرف پر امن اور غیر عسکری مقاصد کے لیے استعمال کریں گی۔ چین اور روس نے اپنے ابتدائی ردعمل میں اس امریکی اقدام کو قابلِ تشویش قرار دیتے ہوئے اقوامِ متحدہ سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ خلا کو ہتھیاروں کی دوڑ سے بچائے۔ تاہم ماہرین کا خیال ہے کہ اقوام متحدہ اس کے حوالے سے کوئی ٹھوس اقدام نہیں اٹھا پائے گی۔ لہٰذا اس کا منطقی نتیجہ یہ نکلے گا کہ چین اور روس بھی خلا کو مسلح کرنے کی سرتوڑ کوشش کریں گے۔ ممکنہ طور پہ برطانیہ، فرانس، جرمنی، انڈیا اور پاکستان بھی اس دوڑ میں بعد میں شامل ہو سکتے ہیں جبکہ مشرقِ وسطیٰ سے اسرائیل اور ایران بھی پیچھے نہیں رہیں گے۔ گزشتہ برس عالمی دفاعی بجٹ دو اشاریہ 88 کھرب ڈالر تھا۔ اس امریکی اقدام کے نتیجے میں دنیا بھر میں جنگی اخراجات پر مزید پیسے خرچ ہوں گے۔

سماجی امور کے ماہرین کا خیال ہے کہ اس کی وجہ سے ممالک کو فلاحی کاموں پہ خرچ ہونے والی رقم میں سے کٹوتی کرنی پڑے گی، جس کا نقصان بالآخر پوری دنیا میں ایک عام آدمی کو ہو گا۔ اس امریکی اقدام سے دنیا میں ایک بار پھر لاقانونیت کا راستہ کھلے گا اور ممکنہ طور پر ہتھیاروں کی دوڑ کو روکنے کے جو ماضی میں معاہدے ہوئے تھے اس سے اُن پر بھی ضرب لگے گی۔ تو اس بات کے امکان کو رد نہیں کیا جا سکتا کہ دنیا مزید خطرات سے دوچار ہو گی جبکہ جنگوں اور تصادموں کے امکانات مزید بڑھیں گے۔ انسانوں کی صنعتی اور غیر صنعتی سرگرمیوں کی وجہ سے عالمی حدت میں پہلے ہی اضافہ ہو رہا ہے۔ جنگوں نے عالمی حدت کے مسئلے کو مزید شدت پیدا کی ہے۔ کیونکہ جنگوں میں سب سے زیادہ تیل کا استعمال ہوتا ہے اور اس سے اٹھنے والی تباہی آلودگی کے بڑے اسباب میں سے ایک سبب ہے۔ دنیا بھر کی فوجیں جن کی بمشکل تعداد دو کروڑ کے قریب ہو گی وہ پہلے ہی چار فیصد کے قریب عالمی ماحولیاتی آلودگی پھیلانے کی موجب ہیں جبکہ دنیا کے آٹھ ارب انسان اگر گائے کا گوشت کھائیں تو وہ عالمی ماحولیاتی آلودگی میں 14 فیصد خرابی کے ذمہ دار ہوں گے۔ خیال کیا جاتا ہے کہ اگر روس اور چین نے بھی اس طرح کے ہتھیار خلا میں لگائے اور اگر کوئی تصادم ہوا تو دنیا بھر کا جی پی ایس سسٹم، ایوی ایشن کا نظام، قدرتی آفات کے حوالے سے پیشگی اطلاعات کا نظام اور یہاں تک کہ کائنات کا کاروبارِ حیات بھی بری طرح متاثر ہو سکتا ہے۔ اس کے علاوہ ایسے تصادم کی صورت میں دنیا بھر میں بہت بڑی ماحولیاتی تباہی آئے گی، جس کا خمیازہ نسلوں کو بھگتنا پڑے گا۔ ایسے ہتھیاروں کا ملبہ انسانی اور حیوانی حیات کے لیے انتہائی خطرناک ثابت ہو سکتا ہے اور اس کے انسانی صحت پہ دوررس نتائج مرتب ہوں گے۔ اس طرح کے ہتھیاروں کو آسانی سے دیکھا نہیں جا سکتا۔ لہٰذا ابہام کی وجہ سے بھی ممالک میں ممکنہ طور پہ تصادم ہو سکتا ہے، جو پوری دنیا کو اپنی لپیٹ میں لے سکتے ہیں۔ امریکی حکمران طبقہ اس وقت اپنے تکبر کی معراج پر ہے۔ وینزویلا اور مشرقِ وسطیٰ کے تیل کو اپنے زیرِ تسلط لانے کے بعد صدر ٹرمپ کو یقین ہے کہ وہ دنیا پہ حکمرانی کر سکتے ہیں۔ تاہم ان کے اس خواب میں انسانوں کی زندہ حقیقتیں جل کر خاکستر ہو سکتی ہیں۔ اس مسئلے پر ہر بین الاقوامی فورم پر آواز اٹھائی جانی چاہیے۔ دنیا بھر کے سائنس دانوں اور ماہرین کو آگے آنا چاہیے۔ اقوام متحدہ کو اس حوالے سے شعور کی حد تک ہی صحیح فوری طور پر اجلاس بلا کر دنیا بھر کی عوام کو اس کے خطرناک نتائج سے آگاہ کرنا چاہیے۔ تاہم سب سے اہم ذمہ داری امریکی عوام کی ہے۔ امریکہ ایک جمہوریت ہے، جہاں پر عوام حکومت کو گھٹنے ٹیکنے پہ مجبور کر سکتی ہے۔ لہٰذا ضرورت اس امر کی ہے کہ امریکہ کے سارے امن پسند اور ماحول دوست لوگ اس غیر دانش مندانہ امریکی اقدام کے خلاف صدائے احتجاج بلند کریں۔ اس کے حوالے سے بڑے بڑے مظاہرے کریں۔

طلبہ، اساتذہ، سائنس دان، دانشور، لکھاری اور صحافی میدانِ عمل کے سپاہی بنیں اور امریکہ کے حکمران طبقے کو اس جنونیت سے روکیں ورنہ دنیا میں تہذیب و تمدن کی نشانیاں بھی نہیں ملیں گی

بقیہ 1

بلوچستان کے عوام کے حقوق، وسائل اور سیاسی اختیار کا مقدمہ پوری قوت سے لڑ رہا ہے۔ جمعیت علماء اسلام کو مسلسل سیاسی عمل سے باہر رکھنے، اس کے عوامی مینڈیٹ کو محدود کرنے اور حقیقی عوامی نمائندگی کے راستے میں رکاوٹیں کھڑی کرنے کا نتیجہ آج پورا بلوچستان بدامنی، سیاسی بے یقینی، معاشی جمود، انتظامی بحران اور بڑھتی ہوئی محرومیوں کی صورت میں بھگت رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی مینڈیٹ کو نظر انداز کر کے تشکیل دیا جانے والا کوئی بھی سیاسی بندوبست دیرپا استحکام کی ضمانت نہیں بن سکتا، مصنوعی سیاسی بندوبست عوام کے حقیقی مسائل کا حل نہیں۔ ماضی کی حکومتوں کی ناقص حکمرانی، کمزور ترجیحات اور غیر مؤثر پالیسیوں نے صوبے کے مسائل کم کرنے کے بجائے انہیں مزید گمبھیر بنایا؛ امن و امان، تعلیم، صحت، روزگار، انفراسٹرکچر، معیشت اور بنیادی سہولیات کے شعبے آج بھی عوام کی فوری توجہ کے متقاضی ہیں۔ سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام اقتدار کی کرسی کی نہیں بلکہ عوام کے حق، آئین کی بالادستی، جمہوری تسلسل، صوبائی خودمختاری اور بلوچستان کے اجتماعی مفادات کی سیاست کرتی ہے۔ عوام کے مسائل کو ایوانوں سے سڑکوں تک اجاگر کرنا، صوبے کے وسائل پر اس کے عوام کے آئینی حق کا تحفظ کرنا اور محرومیوں کے خاتمے کے لیے مؤثر سیاسی جدوجہد کرنا جمعیت علماء اسلام کے منشور کا بنیادی حصہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ قائد جمعیت مولانا فضل الرحمٰن کی کال پر ملک بھر میں عوامی اجتماعات اور سیاسی سرگرمیوں نے ایک مرتبہ پھر ثابت کیا ہے کہ جمعیت علماء اسلام منظم عوامی قوت اور مضبوط سیاسی تنظیم رکھتی ہے، جبکہ عوامی اسمبلیوں میں بھرپور شرکت اس امر کا اظہار ہے کہ بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے عوام کی سیاسی آواز کو کسی مصنوعی بندوبست کے ذریعے خاموش نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی مینڈیٹ پر شب خون، عوامی رائے کو غیر مؤثر بنانے کی کوشش اور سیاسی انجینئرنگ جمہوری عمل کو کمزور کرنے کے مترادف ہے

بقیہ 2

پشتون ثقافت اپنی شاندار روایات، مہمان نوازی، رواداری اور بھائی چارے کے حوالے سے منفرد مقام رکھتی ہے۔ پشتون عوام نے بلوچستان کی ترقی اور خوشحالی میں ہمیشہ اہم کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان مختلف اقوام، زبانوں اور ثقافتوں کا گہوارہ ہے، جبکہ صوبے کی تمام اقوام اور ثقافتیں بلوچستان کی خوبصورتی اور اجتماعی شناخت کا حصہ ہیں۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ ثقافتی روایات اور ورثے کا تحفظ نئی نسل کی اپنی شناخت سے وابستگی کو مضبوط کرتا ہے۔ پشتون کلچر ڈے باہمی احترام، رواداری، امن اور بھائی چارے کے فروغ کا پیغام دیتا ہے۔ میر ظہور احمد بلیدی نے کہا کہ ہمیں اپنی ثقافتی روایات کے ساتھ ساتھ دیگر اقوام اور ثقافتوں کا بھی احترام کرنا چاہیے

بقیہ 3

دورے کے موقع پر ڈپٹی ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن اوستہ محمد سید صدر علی شاہ اور کلسٹر فوکل پرسن سلطان احمد پندرانی بھی ان کے ہمراہ تھے۔ سکول کے ہیڈ انچارج عبدالروف راہوجہ نے ڈی ای او شبیر احمد لانگو کو سکول کے مجموعی انتظامی و تعلیمی امور، طلبہ کو فراہم کی جانے والی سہولیات اور سکول کو درپیش مسائل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈی ای او اوستہ محمد نے سکول کے مختلف حصوں کا دورہ کرتے ہوئے کلاس رومز اور عمارت کی موجودہ صورتحال کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر جی ٹی اے بی کے ضلعی جنرل سیکرٹری مولوی نعمت اللہ جمالی اور سکول ہیڈ نے انہیں سکول کے خستہ حال کلاس رومز کا معائنہ کروایا اور عمارت کی صورتحال سے تفصیلی طور پر آگاہ کیا۔ اس موقع پر سکول کے اساتذہ علی اسد اللہ زہری، محمد حسن پلال، ممتاز علی جمالی، لیاقت علی جمالی، عبدالرشید جمالی، ظفر اللہ جمالی، شاہنواز جمالی، بشیر احمد جمالی سمیت دیگر اسٹاف بھی موجود تھا۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر شبیر احمد لانگو نے دورے کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سکول کی عمارت کی مخدوش صورتحال کے باوجود اساتذہ جس محنت، لگن اور جذبے کے ساتھ تعلیمی سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہیں، وہ قابلِ تحسین ہے

بقیہ 4

وسائل پر دسترس سے مسائل و مشکلات میں کمی آ سکتی ہے طاقت کے استعمال کی بجائے مذاکرات بہترین راستہ ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں وفود سے ملاقات کے دوران گفتگو میں کیا انہوں نے کہا کہ اگر وزیراعظم شہباز شریف نے حافظ نعیم الرحمٰن سے وعدہ خلافی کی تو جماعت اسلامی کا لانگ مارچ دوبارہ وہیں سے شروع ہوگا جہاں پر رک گیا تھا۔ اسلام آباد کی طرف مارچ اور دھرنا جماعت اسلامی جیسے ملک گیر منظم تنظیم کیلئے کوئی مشکل نہیں۔ چاروں صوبوں ملک بھر میں تنظیم و منظم ہونے کی وجہ سے قومی مسائل کے حل کیلئے حافظ نعیم الرحمٰن کی ایک کال پر جماعت اسلامی کا مارچ ہر دم تیار ہوتا ہے۔ قبل ازیں امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے گوادر کے اپنے آبائی علاقوں کلاچی پاڑہ، بخشی کالونی، پشکان اور ماڑہ اور سربندن کے مکینوں کے مالکانہ حقوق کیلئے کوئٹہ میں سیکریٹری ایس ایم بی آر قمبر دشتی سے ملاقات کی۔ امیر جماعت اسلامی بلوچستان، قائد حق دو تحریک و رکن صوبائی اسمبلی گوادر مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے سیکرٹری ایس ایم بی آر قمبر دشتی سے ملاقات کی جس میں گوادر کے مختلف علاقوں کے مکینوں کو مالکانہ حقوق کی فراہمی کے حوالے سے اب تک ہونے والی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ ملاقات کے دوران کلاچی پاڑہ، بخشی کالونی، پشکان، اور ماڑہ اور سربندن سمیت مختلف علاقوں کے رہائشیوں کے مالکانہ حقوق کے معاملے پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ ان علاقوں کے لوگوں کو ان کے مالکانہ حقوق دلانے کے لیے مختلف مراحل میں مسلسل کوششیں کی جا چکی ہیں اور اس سلسلے میں اہم پیش رفت بھی ہوئی ہے

بقیہ 5

مظاہرہ کرتے ہوئے شہید حافظ ضیاء جان مینگل فٹبال کلب سوراب کو صفر کے مقابلے میں تین گول سے شکست دے کر ٹورنامنٹ کا فاتحانہ آغاز کیا، افتتاحی میچ کے آغاز سے ہی دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں نے بہترین کھیل پیش کیا اور ایک دوسرے کے گول پوسٹ پر بھرپور حملے کیے، تاہم سالانی فٹبال کلب کے کھلاڑیوں نے اپنی عمدہ کارکردگی کے ذریعے میدان میں برتری قائم رکھی، سالانی فٹبال کلب کی جانب سے سمیع اللہ نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے دو گول اسکور کیے، جبکہ آفتاب احمد نے ایک گول کر کے اپنی ٹیم کی کامیابی میں اہم کردار ادا کیا، یوں سالانی فٹبال کلب نے شہید حافظ ضیاء جان مینگل فٹبال کلب کو 3-0 سے شکست دے دی، افتتاحی میچ کے مہمانِ خصوصی نوجوان نیشنل فٹبال پلیئر عطاء الرحمٰن تھے، جبکہ ان کے ہمراہ انجینئر جاوید زہری، ینگ ڈاکٹر شاہ فہد، ماما محمد حسین رودینی اور صوفی غلام نبی رودینی سمیت دیگر معزز شخصیات بھی موجود تھیں، میچ دیکھنے کے لیے گدر اور گردونواح کے مختلف علاقوں سے فٹبال کے شائقین بڑی تعداد میں رودینی گدر پہنچے، جنہوں نے دونوں ٹیموں کے درمیان کھیلے جانے والے دلچسپ اور سنسنی خیز مقابلے سے بھرپور لطف اٹھایا شائقین کی جانب سے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لیے بھرپور جوش و جذبے کا اظہار بھی کیا گیا، افتتاحی میچ میں جج مین کے فرائض صدام ٹوڈی نے انجام دیے، جبکہ اسسٹنٹ آفتاب جے آر، ماجد بلوچ اور فورتھ آفیشل ابوبکر نے بھی اپنی ذمہ داریاں بخوبی سرانجام دیں، اس موقع پر مہمانِ خصوصی، اعزازی مہمانانِ گرامی اور فٹبال شائقین نے شاندار افتتاحی مقابلے کو سراہتے ہوئے ٹورنامنٹ کے انعقاد کو علاقے میں کھیلوں کے فروغ اور نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کرنے کے لیے ایک خوش آئند اقدام قرار دیا، اس موقع پر مہمان نیشنل پلیئر۔ عطاء الرحمٰن نے ٹورنامنٹ کمیٹی کے لئے دس ہزار روپے دینے کا اعلان کر دیا، افتتاحی میچ کی کمنٹری کے فرائض سراج ریکی نے سرانجام دی

بقیہ 6

بلوچ، گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج کے پرنسپل نصیر احمد بلوچ سمیت دیگر متعلقہ افسران اور اسٹیک ہولڈرز نے شرکت کی اجلاس میں ضلع بھر کے سرکاری اسکولوں کی فعالی، اساتذہ کی حاضری و کمی، اٹیچمنٹس کی منسوخی کے بعد پیدا ہونے والی صورتحال اور دور دراز علاقوں میں تدریسی عمل کو درپیش مسائل کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ہدایت کی گئی کہ کسی بھی اسکول میں اساتذہ کی کمی یا غیر حاضری کے باعث تدریسی سرگرمیاں متاثر نہیں ہونی چاہئیں ڈپٹی کمشنر نے ضلع بھر کے ہائی، مڈل اور پرائمری اسکولوں میں اساتذہ کی حاضری ہر صورت یقینی بنانے کی سخت ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ جو مرد یا خواتین اساتذہ باقاعدگی سے ڈیوٹی پر حاضر نہیں ہوں گے، ان کی غیر حاضری کا ریکارڈ مرتب کر کے حکومتی قواعد و ضوابط کے مطابق تنخواہ کی بندش اور محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے، جبکہ مسلسل غیر حاضری ثابت ہونے کی صورت میں ملازمت سے برطرفی کے لیے بھی قانونی تقاضے پورے کیے جائیں انہوں نے ضلعی افسرانِ تعلیم میل و فیمیل اور دیگر متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ مسلسل غیر حاضر اساتذہ کی فہرست مرتب کر کے پیش کی جائے اور اسکولوں میں حاضری کی مؤثر نگرانی یقینی بنائی جائے اجلاس میں پیش کی گئی ریئل ٹائم اسکول مانیٹرنگ رپورٹ کے مطابق ستمبر 2026ء کے دوران مختلف سرکاری اسکولوں کے معائنے میں 72 اساتذہ و ملازمین غیر حاضر پائے گئے، جن میں 61 فعال جبکہ 11 غیر فعال یا بند اسکولوں سے متعلق ہیں۔ رپورٹ میں 22 ملازمین کی طویل مدتی غیر حاضری، 11 کی اٹیچمنٹس منسوخ ہونے اور تعطیلات کے بعد اصل اسکولوں میں رپورٹ نہ کرنے، جبکہ 6 افراد کے حوالے سے متبادل افراد کے ذریعے ڈیوٹی جاری رکھنے کی نشاندہی کی گئی؛ مزید 33 ملازمین معائنے کے وقت غیر حاضر پائے گئے

بقیہ 7

دورے کے موقع پر ڈپٹی ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن اوستہ محمد سید صدر علی شاہ اور کلسٹر فوکل پرسن سلطان احمد پندرانی بھی ان کے ہمراہ تھے۔ سکول کے ہیڈ انچارج عبدالروف راہوجہ نے ڈی ای او شبیر احمد لانگو کو سکول کے مجموعی انتظامی و تعلیمی امور، طلبہ کو فراہم کی جانے والی سہولیات اور سکول کو درپیش مسائل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈی ای او اوستہ محمد نے سکول کے مختلف حصوں کا دورہ کرتے ہوئے کلاس رومز اور عمارت کی موجودہ صورتحال کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر جی ٹی اے بی کے ضلعی جنرل سیکرٹری مولوی نعمت اللہ جمالی اور سکول ہیڈ نے انہیں سکول کے خستہ حال کلاس رومز کا معائنہ کروایا اور عمارت کی صورتحال سے تفصیلی طور پر آگاہ کیا۔ اس موقع پر سکول کے اساتذہ علی اسد اللہ زہری، محمد حسن پلال، ممتاز علی جمالی، لیاقت علی جمالی، عبدالرشید جمالی، ظفر اللہ جمالی، شاہنواز جمالی، بشیر احمد جمالی سمیت دیگر اسٹاف بھی موجود تھا۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر شبیر احمد لانگو نے دورے کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سکول کی عمارت کی مخدوش صورتحال کے باوجود اساتذہ جس محنت، لگن اور جذبے کے ساتھ تعلیمی سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہیں، وہ قابلِ تحسین ہے

بقیہ 8

جمالی کی نگرانی میں طلبہ میں یونیفارم، تعلیمی سامان اور اسپورٹس کا سامان تقسیم کیا گیا، جبکہ طلبہ کے درمیان کرکٹ، فٹ بال، والی بال اور رسہ کشی کے شاندار مقابلے بھی منعقد کیے گئے۔ کھیلوں کے مقابلوں میں طلبہ نے بھرپور جوش و خروش کے ساتھ حصہ لیا اور اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا۔ اسکول انتظامیہ کی جانب سے طلبہ کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے کہا گیا کہ تعلیم کے ساتھ ساتھ کھیلوں کی سرگرمیاں بچوں کی جسمانی صحت، ذہنی نشوونما اور باہمی تعاون کے جذبے کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ اس موقع پر ہیڈ ماسٹر شاہین اسلم سمیجو نے کہا کہ اسکول میں طلبہ کو معیاری تعلیمی ماحول فراہم کرنے کے لیے اساتذہ اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں ادا کر رہے ہیں۔ اسکول میں تعلیمی سرگرمیوں کے ساتھ کھیلوں پر بھی خصوصی توجہ دی جا رہی ہے تاکہ طلبہ تعلیم کے ساتھ ساتھ غیر نصابی سرگرمیوں میں بھی آگے بڑھ سکیں۔ انہوں نے کہا کہ اسکول کو اس وقت متعدد بنیادی سہولیات کی ضرورت ہے

بقیہ 9

کنٹرول ٹیموں نے متحرک ہو کر کارروائیاں شروع کر دی ہیں۔ اس سلسلے میں اسپیشل مجسٹریٹ سریاب عزت اللہ دہانی نے لنک بادینی اور ایسٹرن بائی پاس کے مختلف علاقوں میں تندوروں اور نانبائیوں کے خلاف پرائس کنٹرول آپریشن کیا۔ آپریشن کے دوران مجموعی طور پر 10 تندوروں اور دکانوں کا باریک بینی سے معائنہ کیا گیا۔ دورانِ معائنہ سرکاری نرخ نامے کی خلاف ورزی کرنے، گرانفروشی اور روٹی کے مقررہ وزن میں کمی کے مرتکب 5 دکانداروں کو موقع پر ہی گرفتار کر کے جیل منتقل کر دیا گیا۔ اس موقع پر اسپیشل مجسٹریٹ سریاب عزت اللہ کا کہنا تھا کہ عوام الناس کو بنیادی اشیائے ضروریہ خصوصاً روٹی کی مقررہ اور منصفانہ قیمتوں پر فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ گرانفروشی، ذخیرہ اندوزی اور وزن میں کمی کرنے والوں کے ساتھ کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی اور یہ کارروائیاں بلاتعطل جاری رہے گا۔

بقیہ 10

کہ پشتون ثقافت اپنی قدیم روایات، تہذیب، زبان، ادب، مہمان نوازی، رواداری، بہادری اور بھائی چارے کی خوبصورت عکاس ہے۔ سردار کوہیار خان ڈوکی نے کہا کہ پشتو زبان، ادب، روایتی لباس اور ثقافتی اقدار پشتون قوم کے قیمتی تاریخی ورثے کا حصہ ہیں، نئی نسل کو اپنی ثقافت اور روایات سے روشناس کرانا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پشتون کلچر ڈے نہ صرف پشتون ثقافت اور روایات کو اجاگر کرنے کا دن ہے بلکہ تمام اقوام کے درمیان باہمی احترام، بھائی چارے، اتحاد اور ہم آہنگی کے فروغ کا بھی پیغام دیتا ہے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ بلوچستان مختلف اقوام، زبانوں اور ثقافتوں کا حسین امتزاج ہے، یہاں آباد تمام اقوام کی ثقافتیں صوبے کی خوبصورتی، پہچان اور اجتماعی تشخص کا اہم حصہ ہیں۔ سردار کوہیار خان ڈوکی نے پشتون کلچر ڈے کے موقع پر تمام پشتون بھائیوں کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

بقیہ 11

پیش کرتی ہوں۔ پشتون ثقافت امن، محبت، رواداری، مہمان نوازی، بہادری اور اعلیٰ اخلاقی اقدار کا حسین امتزاج ہے، جو صدیوں پر محیط ایک شاندار تاریخ اور تہذیبی ورثے کی عکاسی ہے۔ بلوچستان مختلف اقوام، زبانوں اور ثقافتوں کا خوبصورت گلدستہ ہے، جہاں پشتون اور بلوچ برادریاں صدیوں سے ایک دوسرے کے ساتھ محبت، بھائی چارے اور باہمی احترام کے رشتے میں جڑی ہوئی ہیں۔ صوبے کی ترقی، امن اور خوشحالی میں پشتون عوام کا کردار قابلِ قدر ہے۔ پشتون کلچر ڈے ہمیں اپنی ثقافتی شناخت اور روایات کے تحفظ کے ساتھ ساتھ بلوچستان میں تمام اقوام کے درمیان اتحاد، یکجہتی، برداشت اور بین الثقافتی ہم آہنگی کو مزید فروغ دینے کا پیغام دیتا ہے۔ بطور صوبائی وزیر، میں پشتون قوم کی اپنی ثقافت، تاریخ، زبان اور دھرتی سے محبت کو سلام پیش کرتی ہوں

بقیہ 12

قرار دیتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ مسافر گاڑیوں کو روکنے کا سلسلہ فوری طور پر ختم کر کے آمدورفت بحال کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا براستہ پنجاب جانے والی مسافر کوچز، بسوں اور ٹو ڈی گاڑیوں کو مسافروں سمیت روکنے سے خواتین، بچوں، بزرگوں اور دیگر مسافروں کو شدید مشکلات اور اذیت کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ دور دراز علاقوں سے سفر کرنے والے مسافروں میں متعدد افراد ضروری کاموں، علاج معالجے اور دیگر اہم امور کے لیے سفر کرتے ہیں، ایسے میں انہیں راستے میں روکنا انسانی ہمدردی کے تقاضوں کے بھی منافی ہے۔ ظاہر شاہ کاکڑ نے کہا کہ حکومتی اقدامات کے باعث ٹرانسپورٹرز کو بھی بھاری مالی نقصان اٹھانا پڑ رہا ہے، جبکہ سیاسی سرگرمیوں کے خدشات کی بنیاد پر عام مسافروں اور ٹرانسپورٹرز کو مشکلات سے دوچار کرنا کسی صورت قابلِ قبول نہیں

بقیہ 13

برادری، شہریوں اور گنداخہ پریس کلب کے صحافیوں کے ساتھ کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جس میں بڑی تعداد میں تاجروں، شہریوں اور صحافیوں نے شرکت کی۔ کھلی کچہری کے دوران تاجر برادری، شہریوں اور صحافیوں نے علاقے میں امن و امان، ٹریفک، جرائم کی روک تھام اور دیگر مسائل کے حوالے سے ڈی ایس پی محمد علی جمالی کو آگاہ کیا۔ اس موقع پر شہریوں نے اپنے مسائل اور تجاویز بھی پیش کیں، جنہیں ڈی ایس پی نے غور سے سنا اور مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن اقدامات کی یقین دہانی کرائی۔ ڈی ایس پی سرکل گنداخہ محمد علی جمالی نے کہا کہ شہریوں کی جان و مال کے تحفظ اور علاقے میں پائیدار امن کے لیے پولیس تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ شہریوں کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑیں گے، پولیس اور عوام کے درمیان رابطے کو مزید مضبوط بنایا جائے گا جبکہ تاجروں اور شہریوں کے مسائل کے حل کے لیے ترجیحی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ جرائم کی روک تھام اور امن و امان کے قیام میں عوام کا تعاون انتہائی اہم ہے

بقیہ 14

ایسوسی ایشن کے صدر سدھید لقمان، معراب خان سمیت متعلقہ افسران اور نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع کیچ کے نجی تعلیمی اداروں کی صورتحال، اسکولوں کی رجسٹریشن، بنیادی سہولیات کی فراہمی، اساتذہ کی تنخواہوں، انتظامی امور اور تعلیمی معیار میں بہتری سمیت مختلف امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کیچ تابش علی بلوچ نے کہا کہ ضلع کیچ میں پرائیویٹ اسکول ایسوسی ایشن کو منظم اور فعال بنانے کی ضرورت ہے تاکہ نجی تعلیمی اداروں کے مسائل کے حل اور تعلیمی نظام کی بہتری کے لیے مربوط اقدامات کیے جا سکیں۔ انہوں نے ایسوسی ایشن کے لیے ایک مضبوط کمیٹی تشکیل دینے اور بی سی آر اے کے تحت رجسٹریشن کا عمل مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ ضلع کیچ کے تمام نجی اسکولوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانا ضروری ہے۔ اس سلسلے میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کیچ کی سربراہی میں ایک کمیٹی تشکیل دی جائے گی، جو مختلف اسکولوں کا دورہ کر کے پانی، بجلی، واش رومز، تعلیمی ماحول اور دیگر بنیادی سہولیات کا جائزہ لے گی۔ اے ڈی سی کیچ نے کہا کہ اسکولوں کے معائنے کے دوران حقیقی صورتحال کا جائزہ لیا جائے گا اور بنیادی سہولیات کی عدم دستیابی یا مقررہ ضوابط کی خلاف ورزی کی صورت میں متعلقہ اداروں کے خلاف ضابطے کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اجلاس میں نجی اسکولوں کے تدریسی عملے کو درپیش مسائل، بالخصوص اساتذہ کی تنخواہوں کے معاملے پر بھی غور کیا گیا اور اس کے حل کے لیے ضروری اقدامات پر زور دیا گیا

بقیہ 15

علاقوں، گلی محلوں اور آبادیوں میں آوارہ کتوں کے خلاف کارروائی میں مصروف ہے۔ اس حوالے سے میونسپل کمیٹی وندر کے ذمہ داران کا کہنا ہے کہ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اور انہیں صاف ستھرا اور محفوظ ماحول فراہم کرنا میونسپل کمیٹی کی ذمہ داری ہے۔ شہر میں آوارہ کتوں کی بڑھتی ہوئی تعداد کے باعث شہریوں بالخصوص بچوں، خواتین اور بزرگوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا تھا۔ جس کا بروقت نوٹس لیتے ہوئے کتا مار مہم شروع کی گئی ہے۔ وندر کے مختلف علاقوں میں میونسپل کمیٹی کا عملہ صورتحال کا جائزہ لے کر آوارہ کتوں کے خلاف کارروائی کر رہا ہے۔ جبکہ شہریوں کی جانب سے نشاندہی کیے جانے والے علاقوں کو بھی مہم میں شامل کیا جا رہا ہے۔ شہریوں کو کسی بھی قسم کے خطرے سے محفوظ رکھنے کے لیے میونسپل کمیٹی اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں ادا کرے گی اور آوارہ کتوں کے خلاف مہم کو صرف چند روز تک محدود نہیں رکھا جائے گا بلکہ ضرورت کے مطابق اس کا سلسلہ مزید جاری رکھا جائے گا۔ انہوں نے شہریوں سے بھی اپیل کی کہ اپنے علاقوں میں آوارہ کتوں کی موجودگی کی اطلاع میونسپل کمیٹی وندر کو دیں تاکہ عملہ بروقت کارروائی کر سکے۔ ان کا کہنا تھا کہ میونسپل کمیٹی وندر شہریوں کے بنیادی مسائل کے حل اور شہر میں بہتر ماحول کی فراہمی کے لیے دستیاب وسائل کے اندر رہتے ہوئے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری رکھے گی۔

بقیہ 16

کے لیے لورالائی، موسیٰ خیل، زیارت، دکی اور ہرنائی سمیت ڈویژن کے مختلف اضلاع سے بڑی تعداد میں امیدوار انٹرویو کے لیے پہنچے اس موقع پر محکمہ صحت کے متعلقہ افسران اور ماہرین نے امیدواروں کے تعلیمی ریکارڈ، پیشہ ورانہ قابلیت اور متعلقہ معیار کے مطابق انٹرویوز لیے۔ انٹرویوز کے عمل کو منظم انداز میں مکمل کرنے کے لیے امیدواروں کی دستاویزات اور دیگر متعلقہ امور کا بھی جائزہ لیا گیا انٹرویوز کے دوران کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ نے خود بھی انٹرویو کے عمل کا جائزہ لیا اور متعلقہ حکام سے بھرتی کے طریقہ کار، امیدواروں کی شرکت اور انتظامات کے حوالے سے بریفنگ حاصل کی اس موقع پر ڈویژنل ڈائریکٹر ہیلتھ ڈاکٹر مقبول احمد، ایم ایس ڈی کی ڈاکٹر جوہر خان، ایم ایس لورالائی ڈاکٹر نقیب اللہ نیازی سمیت محکمہ صحت کے دیگر افسران بھی موجود تھے کمشنر لورالائی ڈویژن نے انٹرویوز کے عمل کے دوران متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ تمام امیدواروں کو میرٹ اور مقررہ قواعد و ضوابط کے مطابق یکساں مواقع فراہم کیے جائیں اور بھرتی کے تمام مراحل شفاف انداز میں مکمل کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ صحت میں خالی آسامیوں پر اہل اور قابل ڈاکٹرز کی تعیناتی سے ڈویژن کے مختلف اضلاع میں عوام کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی اور صحت کے شعبے میں افرادی قوت کی کمی دور کرنے میں مدد ملے گی۔

بقیہ 17

فورسز بلوچستان میں دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے مؤثر اور فیصلہ کن کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہیں۔ شاہد رند نے کہا کہ مستونگ کے علاقے کنک وادی میں فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں نے چوکی پر حملے کی بزدلانہ کوشش کی، جس پر سیکیورٹی فورسز نے فوری اور مؤثر کارروائی کرتے ہوئے 2 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا انہوں نے کہا کہ فرار ہونے والے دہشت گردوں کا سیکیورٹی فورسز نے تعاقب کیا اور کارروائی کے دوران مزید 7 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا گیا، جس کے بعد کارروائی میں ہلاک ہونے والے دہشت گردوں کی مجموعی تعداد 9 ہو گئی ہے۔ معاون وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے 3 موٹر سائیکلوں سمیت بھاری مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا ہے۔ شدید فائرنگ کے تبادلے میں سیکیورٹی فورسز کا ایک جوان زخمی ہوا جسے طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے شاہد رند نے کہا کہ فتنہ الخوارج کے دہشت گرد بلوچستان کے امن و استحکام کو نقصان پہنچانے کے مذموم عزائم میں کامیاب نہیں ہو سکتے۔ سیکیورٹی فورسز نے ردالفتنہ 3 کے تحت دہشت گردوں کے خلاف مؤثر کارروائیوں سے واضح کر دیا ہے کہ ریاست دشمن عناصر کے لیے بلوچستان میں کوئی محفوظ پناہ گاہ نہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان سے آخری دہشت گرد کے خاتمے تک سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری رہیں گی، جبکہ صوبے کے امن، عوام کے جان و مال کے تحفظ اور ریاستی رٹ کے قیام کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔

بقیہ 18

ٹیکنیکی، لیبارٹری اور دیگر طبی سہولیات کی بہتری پر تبادلہ خیال کیا ڈاکٹر یاسر طاہر بلوچ نے کہا کہ ضلع گوادر میں صحت کی سہولیات کی بہتری اور مراکزِ صحت کو مزید فعال بنانے کے لیے اقدامات جاری ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ کی کوششوں سے آر ایچ سی جیونی کے لیے بجٹ بھی منظور کیا گیا ہے، جبکہ دیگر مسائل کے حل کے لیے بھی ضروری اقدامات کیے جا رہے ہیں ضلعی آفیسر صحت نے بتایا کہ سیکیورٹی صورتحال کے باعث کوئٹہ، گوادر زمینی راستے کی بندش سے ادویات اور طبی آلات کی ترسیل متاثر ہوئی ہے، تاہم دستیاب وسائل کے اندر رہتے ہوئے صحت کی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کی کوششیں جاری ہیں۔

بقیہ 19

سپورٹس کٹس تقسیم کیں۔ اس موقع پر انہوں نے طلباء کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے کھیلوں میں بھرپور حصہ لینے اور اپنی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے پر زور دیا۔ تقریب میں ہیڈ ماسٹر نصر اللہ خارانی نے خلیل احمد کو کرکٹ ٹیم جبکہ نوید عالم کو فٹبال ٹیم کی کوچنگ کی ذمہ داریاں بھی سونپیں۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ہیڈ ماسٹر نصر اللہ خارانی نے کہا کہ تعلیم کے ساتھ ساتھ کھیلوں کی سرگرمیاں بھی طلباء کی جسمانی و ذہنی نشوونما میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ انہوں نے طلباء پر زور دیا کہ وہ کھیل اور تعلیم دونوں شعبوں میں بھرپور محنت کریں اور نظم و ضبط کو اپنا شعار بنائیں۔ انہوں نے طلباء سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا کہ "آپ کو ہر میدان میں کامیابی حاصل کرنے کے لیے سخت محنت کرنا ہو گی تاکہ پورے بلوچستان میں ہمارے ادارے کا نام روشن ہو۔" تقریب کے اختتام پر طلباء اور اساتذہ نے کھیلوں کے فروغ اور سکول کی ٹیموں کی بہتر کارکردگی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

بقیہ 20

حضرت مولانا عبدالعزیز نے قرآنِ کریم کی عظمت و فضیلت پر تفصیلی روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ قرآن پاک اللہ تعالیٰ کی آخری کتاب اور پوری انسانیت کے لیے ہدایت و رہنمائی کا سرچشمہ ہے۔ قرآن انسان کو اندھیروں سے نکال کر روشنی کی طرف لے جاتا ہے اور اس میں دنیا و آخرت کی کامیابی کے لیے مکمل رہنمائی موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ قرآنِ کریم صرف تلاوت کے لیے نہیں بلکہ سمجھنے، سیکھنے اور اس کی تعلیمات پر عمل کرنے کے لیے نازل ہوا ہے۔ ہماری انفرادی اور اجتماعی زندگی میں قرآن سے جتنا مضبوط تعلق ہو گا، اتنا ہی ہمارے کردار، معاشرے اور نسلوں میں بہتری پیدا ہو گی۔ قرآن سے دوری انسان کو روحانی کمزوری اور معاشرتی بگاڑ کی طرف لے جاتی ہے، جبکہ قرآن سے وابستگی ایمان کو مضبوط اور زندگی کو مقصد عطا کرتی ہے۔ شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالعزیز نے کہا کہ قرآنِ پاک کی تعلیم حاصل کرنا اور اسے اپنی اولاد کے سینوں میں محفوظ کرانا والدین کے لیے عظیم سعادت ہے۔ حدیثِ مبارکہ کا مفہوم ہے کہ قیامت کے روز حافظِ قرآن کے والدین کو نور کا تاج پہنایا جائے گا جبکہ حفاظِ کرام کو بھی خصوصی اعزاز سے نوازا جائے گا۔ انہوں نے والدین پر زور دیا کہ وہ اپنے بچوں کو دینی تعلیم، خصوصاً قرآنِ کریم کی تعلیم سے ضرور آراستہ کریں۔ اس موقع پر حافظ عتیق الرحمٰن بن محمد رمضان زہرازئی اور حافظ محمد سلمان بن محمد سلیمان آدم زئی کی تکمیلِ حفظِ قرآن کی خوشی میں ان کی دستار بندی کی گئی۔ اس موقع پر مہتمم مدرسہ حضرت مولانا عبدالحمید زہرازئی سمیت علماء و مشائخ اور اہلِ علاقہ کی بڑی تعداد موجود تھی۔ تقریب میں حفاظِ کرام، ان کے والدین اور اساتذہ کو مبارکباد پیش کی گئی اور قرآنِ کریم کی تعلیم و ترویج کے عزم کا اظہار کیا گیا۔ آخر میں شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالعزیز نے مدرسے، اساتذہ و طلبہ، حفاظِ کرام، ان کے والدین اور امتِ مسلمہ کی سلامتی و سربلندی کے لیے خصوصی دعا فرمائی۔

بقیہ 21

ڈھانچے کو مکمل طور پر فعال بنانا اور عوامی فلاح و بہبود کے جاری ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنانا تھا، اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر خالد شمس نے واشگاف الفاظ میں کہا کہ نئے ضلع کی تعمیر و ترقی اور پبلک سروس ڈیلیوری کے نظام کو مثالی بنانا انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، جس کے لیے تمام محکموں کو اپنی کارکردگی سو فیصد یقینی بنانا ہو گی، انہوں نے سٹرکٹ امپلیمنٹیشن کمیٹی کو ہدایت کی کہ تمام فیلڈ پروجیکٹس کی کڑی مانیٹرنگ کی جائے اور عوامی ریلیف کے کاموں میں کسی بھی قسم کی غفلت یا تاخیر برداشت نہ کی جائے، ڈپٹی کمشنر نے تعلیم اور صحت کے شعبوں پر خصوصی توجہ دینے پر زور دیتے ہوئے دور دراز علاقوں کے اسکولوں اور بنیادی مراکزِ صحت میں اساتذہ و طبی عملے کی سو فیصد حاضری کو لازمی قرار دیا

بقیہ 22

کے درمیان مؤثر رابطہ و تعاون کے امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس کے دوران بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو BSDI فیز ون، فیز ٹو اور فیز تھری کے تحت جاری، مکمل شدہ اور زیرِ تکمیل ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ متعلقہ افسران نے ڈپٹی کمشنر کو منصوبوں کی موجودہ صورتحال، کام کی رفتار، معیار، تکمیل کی مدت، درپیش رکاوٹوں اور مستقبل کے لائحہ عمل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ تمام ترقیاتی منصوبوں پر کام کی رفتار کو مزید تیز کیا جائے اور منصوبوں کی تعمیر میں معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے جبکہ مقررہ مدت کے اندر منصوبوں کی تکمیل کو یقینی بنایا جائے تاکہ عوام ان منصوبوں کے ثمرات سے جلد مستفید ہو سکیں۔ ڈپٹی کمشنر نے شہری علاقوں میں صفائی ستھرائی کے نظام نکاسی آب گلیوں اور سڑکوں کی صفائی اور عوامی مقامات کی دیکھ بھال پر خصوصی توجہ دینے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ شہر میں صفائی کے مؤثر انتظامات کو یقینی بنایا جائے انہوں نے متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ نکاسی آب کے نظام کو مزید بہتر بنایا جائے نالیوں اور نالوں کی صفائی باقاعدگی سے کی جائے اور جہاں نکاسی آب کے مسائل موجود ہیں وہاں فوری اقدامات کیے جائیں تاکہ شہریوں کو درپیش مشکلات کا ازالہ ہو اور انہیں صاف، صحت مند اور بہتر ماحول فراہم کیا جا سکے۔ اجلاس میں این اے 65 پر امن و امان کی مجموعی صورتحال ٹریفک کی روانی ٹریفک کے بڑھتے ہوئے دباؤ پارکنگ تجاوزات اور شاہراہ پر عوام کو درپیش مشکلات کے حوالے سے بھی تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ متعلقہ افسران نے شاہراہ پر ٹریفک کے نظام کو مزید منظم بنانے عوام اور مسافروں کو درپیش مشکلات کے خاتمے اور ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لیے کیے جانے والے اقدامات سے اجلاس کو آگاہ کیا ڈپٹی کمشنر دریندر لعل نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ این اے 65 پر ٹریفک کی روانی کو یقینی بنانے غیر قانونی تجاوزات کے خاتمے پارکنگ کے مسائل کے حل اور امن و امان کو برقرار رکھنے کے لیے مربوط حکمت عملی کے تحت عملی اقدامات کیے جائیں

بقیہ 23

مفہوم زمین کی کاشت اور زرخیزی سے متعلق ہے۔ وقت کے ساتھ یہی تصور انسانی ذہن، معاشرے اور تہذیب کی تعمیر و نشوونما تک پھیل گیا۔ انسان نے اپنی بود و باش، علم، فنون، معیشت اور سماجی اداروں کو مسلسل ترقی دی اور ثقافت سے تہذیب تک کا سفر طے کیا۔ آج انفارمیشن ٹیکنالوجی اور جدید مواصلاتی ذرائع نے دنیا کو ایک دوسرے کے مزید قریب لا کر عالمی تہذیب کے ارتقا کی رفتار کو کئی گنا تیز کر دیا ہے۔ پشتون کلچر ڈے کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ثقافت کسی بھی قوم کی شناخت، اجتماعی یادداشت اور تاریخی تسلسل کی علامت ہوتی ہے۔ پشتون کلچر ڈے ہمیں اس عزم کی تجدید کا موقع فراہم کرتا ہے کہ ہم اپنی روایات کی مثبت اقدار کو نئی نسلوں تک منتقل کرتے ہوئے انہیں جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ کریں گے۔ پشتون قوم کی تاریخ قدیم اور شاندار روایات کی امین ہے، جبکہ پشتو زبان خطے کی اہم اور بڑی زبانوں میں شمار ہوتی ہے۔ پشتون معاشرہ آج بھی اپنی دلکش روایتی پوشاک، ذائقہ دار کھانوں، روایتی رقص، عدالتی نظام جرگہ، سخاوت، انسان دوستی اور مہمان نوازی جیسی قابلِ قدر روایات کے باعث ایک منفرد ثقافتی شناخت رکھتا ہے۔ پشتون ثقافت کی خوبصورتی اس کے اجتماعی مزاج، وقار اور باہمی احترام میں بھی پنہاں ہے۔ شملہ پشتون معاشرے میں وقار اور شناخت کی علامت ہے تو شال ہماری آبادی کے ایک بڑے اور اہم حصے کی نمائندگی کرتی ہے۔ اسلیے ہماری ثقافتی ترقی اور سماجی پیشرفت بھی اسی وقت مکمل ہو سکتی ہے جب معاشرے کے مرد اور خواتین برابر احترام، مواقع اور ذمہ داری کے ساتھ آگے بڑھیں۔ شملہ اور شال، دونوں ملکر ہی ایک متوازن اور ترقی یافتہ معاشرے کی تصویر مکمل کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پشتون کلچر ڈے محض اپنی ثقافت کو یاد کرنے کا دن نہیں بلکہ تجدید عہد کا دن بھی ہے۔ ہمیں عہد کرنا ہو گا کہ ہم اپنی زبان، ادب، تاریخ اور ثقافتی ورثے کے تحفظ کے ساتھ ساتھ تعلیم، سائنس، ٹیکنالوجی، تحقیق اور جدید علم کے میدان میں بھی آگے بڑھیں گے۔ ہماری نئی نسل اپنی شناخت پر فخر کرتے ہوئے دنیا کے جدید تقاضوں کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت پیدا کرے، یہی ہماری حقیقی کامیابی ہو گی۔

بقیہ 24

ہیں اور اس دن کو منانے کا اصل مقصد ان تمام روایات، ثقافت اور منفرد طرزِ زندگی کو بہتر طور پر سمجھنے اور اسے ہمیشہ زندہ رکھنے کی کوشش ہے انہوں نے کہا کہ پشتون ثقافت کا اپنا رنگ ہے اور اس کے طور طریقوں میں محبت، بھائی چارہ، انکساری اور رواداری کا درس ملتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پشتون ثقافت، بہادری، غیرت، مہمان نوازی، پشتونوالی، امن پسندی، محبت اور ایثار جیسی شاندار تاریخ سے عبارات ہے۔ ہماری ثقافت دنیا بھر میں اپنی الگ اور منفرد پہچان رکھتی ہے۔ صوبائی مشیر نسیم الرحمان خان نے کہا کہ ہمارے آج کے نوجوانوں کو چاہیے کہ وہ اپنی ثقافت کو زندہ رکھیں اور اسے نئی نسل تک منتقل کریں تاکہ دنیا بھر میں پشتون قوم کی روایات اور اخلاقی اقدار کو مثبت انداز میں پیش کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان بھر میں جتنی بھی اقوام رہتی ہیں ان کی اپنی تاریخ ہے لہٰذا ہم سب کو چاہیے کہ ملک و صوبے کی تعمیر و ترقی کے لئے ہم سب کو اپنا مثبت کردار ادا کرنا چاہیے یہ ملک ہے تو ہم ہیں ہماری پہچان پاکستان سے ہے۔ نسیم الرحمن ملاخیل نے کہا ہے کہ ثقافت ایک تاریخی تسلسل ہے جسکے ذریعے ہمارا ماضی اور حال جڑا ہوا ہے جس کی بنیاد پر ہم اپنے مستقبل کا رخ متعین کرتے ہیں. انہوں نے کہا کہ ارتقاء اور ترقی کا سفر جیسے جیسے آگے بڑھتا ہے تو ماضی کی کئی چیزیں قصہ پارینہ بن جاتی ہیں. اور انسان نئے حالات، ضروریات اور تقاضوں کے مطابق نئی اقدار اور اشیاء کو اختیار کرتے ہیں. انہوں نے کہا کہ پشتون قوم بھائی چارہ، بردباری اور بشر دوست کی مضبوط اور شاندار اقدار و روایات کا آمین ہے لہٰذا ضروری ہے پشتون کلچر کی تقریبات کے ذریعے اپنی مترقی سوچ اور شاندار اقدار کو زیادہ سے زیادہ اجاگر کریں. ضروری ہے کہ ہم مختلف ثقافتوں اور زبانوں سے تعلق رکھنے کے باوجود امن، محبت اور یگانگت سے رہیں. صوبائی مشیر نے کہا ہے کہ

ثقافت ایک تاریخی تسلسل ہے جسکے ذریعے ہمارا ماضی اور حال جڑا ہوا ہے جس کی بنیاد پر ہم اپنے مستقبل کا رخ متعین کرتے ہیں. انہوں نے کہا کہ ارتقاء اور ترقی کا سفر جیسے جیسے آگے بڑھتا ہے تو ماضی کی کئی چیزیں قصہ پارینہ بن جاتی ہیں. اور انسان نئے حالات، ضروریات اور تقاضوں کے مطابق نئی اقدار اور اشیاء کو اختیار کرتے ہیں. انہوں نے کہا کہ پشتون قوم بھائی چارہ، بردباری اور بشر دوست کی مضبوط اور شاندار اقدار و روایات کا آمین ہے لہٰذا ضروری ہے پشتون کلچر کی تقریبات کے ذریعے اپنی مترقی سوچ اور شاندار اقدار کو زیادہ سے زیادہ اجاگر کریں. ضروری ہے کہ ہم مختلف ثقافتوں اور زبانوں سے تعلق رکھنے کے باوجود امن، محبت اور یگانگت سے رہیں۔

بقیہ 25

فورسز نے فوری کارروائی کرتے ہوئے ناکام بنا دیا۔ فرار ہونے والے دہشگردوں کا تعاقب کر کے مزید 7 دہشگردوں کو ہلاک کیا گیا، سیکیورٹی فورسز نے ایک بار پھر اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا۔ کارروائی کے دوران دہشگردوں کے قبضے سے 3 موٹرسائیکلوں سمیت بھاری مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود برآمد کیا گیا۔ فائرنگ کے تبادلے میں سیکیورٹی فورسز کے ایک جوان کے زخمی ہونے پر افسوس ہے، قوم اپنے بہادر جوانوں کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ بلوچستان میں امن و استحکام کے لیے سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں قابلِ قدر ہیں، دہشگردی کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔ بلوچستان میں دہشگردی کے مکمل خاتمے اور عوام کے تحفظ کے لیے ریاستی ادارے پرعزم ہیں۔

بقیہ 1

امان اللہ نے تلاوت کلام پاک سے شروع کی۔ ایجنڈے میں شامل سب سے پہلے ہمارے وہ پنشنرز ساتھی جو اس دنیا سے وفات پا چکے ہیں، جن میں سید امین شاہ امیر بخش بگٹی اور دین محمد گشکوری شامل ہیں، ان کی وفات پر دعائے مغفرت کی گئی۔ محترم جناب امان اللہ صاحب نے امین شاہ صاحب کی پنشنرز کاز کے لیے ان کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔ نمبر2: پی ٹی ای ٹی کی جانب سے سالانہ انکریز جو کہ 4.5 فیصد کی گئی ہے، ریجنل باڈی اور بلوچستان کے پنشنرز ساتھیوں کی طرف سے شدید مذمت کی گئی۔ 4.5 فیصد اضافہ اس مہنگائی کے دور میں آٹے میں نمک کے برابر ہے اور گزارا کرنا بڑا مشکل ہے۔ نمبر3: مرکزی قیادت سے پرزور مطالبہ کیا گیا کہ ایک وفد پی ٹی سی ایل ہیڈ کوارٹر میں لیڈی ڈاکٹر کے بارے میں ملاقات کرے اور یہ دیرینہ مسئلہ حل کیا جائے، کیونکہ بلوچستان کے پنشنرز اپنی فیملی کے چیک اپ کیلئے پریشان ہیں۔ اس کے علاوہ دو رکنی وفد موجودہ سی پی اے سے لیڈی ڈاکٹر کے بارے میں ملاقات کرے گا۔ نمبر4: صوبائی صدر عبدالغنی سومرو نے اپنے ذاتی دورے کے دوران محترم صادق علی صاحب سے پشاور میں ملاقات کی، ان سے کیس کے بارے میں معلومات حاصل کیں اور ریجنل باڈی کو کیس کے بارے میں بریفنگ دی۔ آخر میں تمام بیمار ساتھیوں کیلئے دعا کی گئی۔

بقیہ 2

کرلیا، وزیراعظم کی امریکا سے واپسی کے بعد محمود اچکزئی سے ملاقات متوقع ہے۔ حکومتی ذرائع کے مطابق وزیراعظم ،اپوزیشن لیڈر ملاقات میں صرف چیف الیکشن کمشنر اور دو ارکان کی تقرری پر بات ہوگی۔ بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کی رہائی کا معاملہ مذاکراتی ایجنڈے میں شامل نہیں ہوگا۔ حکومتی ذرائع کے مطابق عمران خان کی مستقل طور پر نجی اسپتال منتقلی پر بھی بات نہیں کی جائیگی، مذاکرات میں آئینی اور قانونی تقاضوں کو ملحوظ خاطر رکھا جائے گا، وفاق پر چڑھائی کے دباؤ میں عمران خان سے متعلق کسی معاملے پر بات چیت ممکن نہیں۔ واضح رہے کہ پاکستان تحریک انصاف اور حکومت کے درمیان جاری شدید سیاسی کشیدگی کے ماحول میں مذاکرات کی ایک بار پھر بات سامنے آگئی ہے۔ پی ٹی آئی کی جانب سے سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر علامہ راجا ناصر عباس نے حکومت کو کھلے الفاظ میں مذاکرات کی پیشکش کی ہے، جبکہ چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے بھی وفاقی سطح پر متعلقہ حلقوں سے رابطوں کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ صورتحال کو مزید بگڑنے سے روکنے کے لیے کشیدگی کم کرنا ضروری ہے۔

بقیہ 3

میں خواجہ آصف نے کہا کہ ہر دوسرے دن وفاق پر حملے کی تیاری شروع کردی جاتی ہے، پی ٹی آئی کو خیبر پختونخوا کا بھی 13 سال کا حساب دینا ہوگا۔ وزیر دفاع نے سومنات کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ سومنات پر 17 حملے ہوئے تھے، گنتی کرلیں کتنے ہوگئے، کتنے باقی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تاریخ بتاتی ہے سومنات پر بار بار حملے کیوں ہوتے تھے لیکن اسلام آباد سومنات نہیں، سوچ سمجھ کر آنا، کچھ لے کر نہیں بلکہ دے کر جاگے

بقیہ 4

گون کے مطابق ایران جنگ میں ہلاک ہونے والے امریکی فوجیوں کی مجموعی تعداد 19 ہوگئی ہے۔ واضح رہے کہ رواں ماہ امریکی اخبار نے اپنی ایک رپورٹ میں دعویٰ کیا تھا کہ ایران جنگ میں کم از کم 22 امریکی فوجی ہلاک ہو چکے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق ایران جنگ میں امریکی فوجیوں کی ہلاکتیں پینٹاگون کی جانب سے جاری کردہ اعداد وشمار سے کہیں زیادہ ہیں۔ امریکی محکمہ دفاع کے انسپکٹر جنرل کے مطابق یہ ہلاکتیں جنگ کے پہلے 4 ماہ میں ہوئیں

بقیہ 5

قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ کارروائی کے دوران 9 دہشت گردوں کو ہلاک کرنا سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور مؤثر حکمت عملی کا مظہر ہے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کی بزدلانہ کارروائی کو بروقت اور مؤثر انداز میں ناکام بنایا۔ ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے اسلحہ، گولہ بارود اور 3 موٹر سائیکلوں کی برآمدگی بھی کارروائی کی اہم کامیابی ہے۔ انہوں نے دہشت گردوں کے خلاف کارروائی کے دوران زخمی ہونے والے سیکیورٹی فورسز کے جوان کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کے جوانوں کی قربانیاں قوم کے لیے باعثِ فخر ہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان میں دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑے ہیں۔ دہشت گرد عناصر بلوچستان کے امن کو سبوتاژ کرنے میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ردالفتنہ 3 کے تحت دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں آخری دہشت گرد کے خاتمے تک جاری رہیں گی۔ بلوچستان کے عوام کے جان و مال کے تحفظ اور پائیدار امن کے قیام کے لیے ریاستی ادارے پوری قوت اور عزم کے ساتھ سرگرم ہیں انہوں نے کہا کہ حکومت، سیکیورٹی فورسز اور عوام کے باہمی تعاون سے دہشت گردی کے ناسور کا خاتمہ کیا جائے گا اور بلوچستان میں امن واستحکام کے قیام کی کوششیں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 6

خیال کیا گیا۔ ترجمان وزارتِ داخلہ کے مطابق محسن نقوی کی سرکاری دورے کے دوران تہران میں ان کی ایرانی قیادت اور سیکیورٹی حکام سے ملاقاتیں ہوئیں۔ ترجمان کے مطابق ملاقات میں محسن نقوی اور جنرل احمد وحیدی نے مشرقِ وسطیٰ کی صورتحال سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر گفتگو کی۔ اس سے قبل وفاقی وزیر داخلہ نے اپنے ایرانی ہم منصب سکندر مومنی سے بھی تفصیلی ملاقات کی، جس میں دوطرفہ تعلقات، مختلف شعبوں میں تعاون اور خطے کی مجموعی صورتحال پر غور کیا گیا۔

بقیہ 7

ہے۔ ضلعی انتظامیہ کے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق وفاقی دارالحکومت میں دفعہ 144 کا نفاذ کردیا گیا ہے، شہر میں کسی بھی قسم کے اجتماع یا اکٹھ کی اجازت نہیں ہے، پیس فل اسمبلی اور پبلک آرڈر ایکٹ 2024 کے تحت بھی شہر میں اجتماعات پر پابندی عائد ہے۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق خلاف ورزی کی صورت میں قانون کے مطابق سخت کارروائی کی جائے گی، ایکٹ کی خلاف ورزی کرنے پر تین سال قید کی سزا ہے، شہریوں سے گزارش ہے کہ کسی بھی غیر قانونی سرگرمی کا حصہ مت بنیں۔ ضلعی انتظامیہ نے مزید کہا کہ ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دیتے ہوئے سیکیورٹی اداروں سے تعاون کریں۔

بقیہ 8

ملاقات کی جس دوران دونوں رہنماؤں نے پاکستان اور بوسنیا و ہرزیگووینا کے درمیان دوطرفہ تعلقات کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لیا، جن میں سیاسی، اقتصادی، دفاعی تعاون، ہنرمند افرادی قوت کا تبادلہ، تعلیم اور ثقافت کے شعبے شامل ہیں۔ دونوں رہنماں نے باہمی دلچسپی کے علاقائی اور عالمی امور پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ وزیراعظم نے بوسنیا و ہرزیگووینا کے ساتھ پاکستان کے تاریخی، قریبی اور برادرانہ تعلقات کی اہمیت کا اعادہ کرتے ہوئے ان تعلقات کو تجارت اور اقتصادی تعاون پر مبنی مضبوط اور وسیع البنیاد شراکت داری میں تبدیل کرنے کی خواہش کا اظہار کیا۔ وزیراعظم نے بوسنیا و ہرزیگووینا کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے لیے پاکستان کی بھرپور حمایت کا اعادہ کرتے ہوئے زور دیا کہ علاقائی استحکام ایک مضبوط، مستحکم اور خوشحال بوسنیا و ہرزیگووینا سے وابستہ ہے۔ بوسنیا و ہرزیگووینا کے یورپی یونین میں شمولیت کے مذاکرات کے باضابطہ آغاز پر ڈاکٹر ڈینس بیچیروویچ کو مبارکباد دیتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان بوسنیا و ہرزیگووینا کو یورپی اور مغربی بلقان کی منڈیوں تک پاکستانی مصنوعات کی رسائی کے لیے خطے میں تجارت اور علاقائی روابط کے ممکنہ مرکز کے طور پر دیکھتا ہے

بقیہ 9

دعوے اور غیر ذمہ دارانہ بیانات علاقائی امن کے لیے خطرہ ہیں، بھارت اپنے غیر قانونی زیر تسلط جموں و کشمیر میں انسانی حقوق کی صورتِ حال بہتر بنائے، کشمیری سیاسی قیدیوں کو رہا کرے، کشمیری سیاسی جماعتوں پر عائد پابندی ختم کرے، تمام پابندیوں پر مبنی اور سخت قوانین منسوخ کرے۔ بدھ کو وزارت خارجہ سے جاری اعلامیہ کے مطابق او آئی سی رابطہ گروپ برائے جموں و کشمیر کے رکن ممالک جمہوریہ آذربائیجان، پاکستان، ترکیہ، سعودی عرب اور نائجر کے وزرائے خارجہ اور اعلیٰ حکام کا نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس کے موقع پر اجلاس ہوا۔ اجلاس کی صدارت او آئی سی کے سیکرٹری جنرل نے کی۔ او آئی سی جنرل سیکرٹریٹ اور او آئی سی کی آزاد مستقل انسانی حقوق کمیشن کی رپورٹ، پاکستان کے نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ کی بریفنگ، رابطہ گروپ کے دیگر رکن ممالک کے وزرائے خارجہ اور اعلیٰ حکام کے خیالات، اور کشمیری عوام کے حقیقی نمائندوں کی جانب سے بھارت کے غیر قانونی زیر تسلط جموں و کشمیر کی تازہ صورتحال پر بریفنگ کے بعد تنازعہ جموں و کشمیر سے متعلق او آئی سی کے سابقہ بیانات اور قراردادوں کی توثیق کرتے ہوئے 25 ستمبر 2019، 22 جون 2020، 23 ستمبر 2021، 22 مارچ 2022، 21 ستمبر 2022، 17 مارچ 2023، 20 ستمبر 2023، 26 ستمبر 2024، 22 جون 2025 اور 23 ستمبر 2025 کو منعقدہ او آئی سی رابطہ گروپ برائے جموں و کشمیر کے اجلاسوں میں جاری کیے گئے مشترکہ اعلامیوں کے مندرجات کا اعادہ کرتے ہوئے وزرائے خارجہ اور اعلیٰ حکام نیا قوام متحدہ کی سلامتی کونسل اور او آئی سی کی قراردادوں کے مطابق کشمیری عوام کے حق خودارادیت کے ناقابل تنسیخ حق کے لیے اپنی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کیا، پاکستان کی حکومت اور عوام کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا اور مئی 2025 میں جنوبی ایشیائی خطے میں فوجی کشیدگی پر گہری تشویش کا اظہار کیا، جس میں پاکستان اور آزاد کشمیر کے متعدد مقامات پر کیے گئے غیر قانونی اور بلاجواز حملے کیے گئے، اور زیادہ سے زیادہ تحمل کا مظاہرہ کرنے اور ایسے اقدامات سے گریز کرنے کی ضرورت پر زور دیا جو خطے کو عدم استحکام سے دوچار کریں۔ اجلاس نے دونوں فریقوں کے درمیان فوجی کشیدگی کے بعد جنگ بندی کا خیر مقدم کیا اور تمام ممالک کی جانب سے ثالثی اور دونوں فریقوں کو مذاکرات کی میز پر لانے اور اس معاہدے تک پہنچنے کے لیے کی جانے والی تعمیری کوششوں کو سراہا۔ اجلاس میں کہا گیا کہ جنوبی ایشیا میں پائیدار امن اور استحکام کا انحصار جموں و کشمیر کے تنازعہ کے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق حتمی تصفیے پر ہے۔ اجلاس میں اس امر پر زور دیا کہ بعض بھارتی رہنماؤں کی جانب سے آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کے بارے میں بلاجواز دعوے اور غیر ذمہ دارانہ بیانات علاقائی امن کیلئے خطرہ ہیں۔ پہلگام حملے کے ردعمل میں بھارتی حکام کی جانب سے بھارت کے غیر قانونی زیر تسلط جموں و کشمیر میں شروع کیے گئے کریک ڈاؤن پر تشویش کا اظہار کیا گیا جس میں تقریباً 2,800 افراد کی گرفتاری اور تقریباً تین درجن مکانات کی مسماری شامل ہے۔ اجلاس میں بھارت کے غیر قانونی زیر تسلط جموں و کشمیر میں ڈومیسائل سرٹیفکیٹس کے مسلسل اجرا کی مذمت کی گئی اور نشاندہی کی کہ 2019 سے اب تک 3.4 ملین سے زائد ایسے سرٹیفکیٹس جاری کیے جا چکے ہیں۔ ممتاز کشمیری رہنماؤں یاسین ملک، آسیہ اندرابی اور شبیر احمد شاہ کی مسلسل حراست اور ضمانت سے انکار پر شدید تشویش کا اظہار کیا گیا اور ہزاروں کشمیری سیاسی کارکنوں، اختلاف رائے رکھنے والوں اور انسانی حقوق کے علمبرداروں کی طویل حراست، متعدد کشمیری سیاسی جماعتوں پر پابندی اور کشمیری کارکنوں کی جائیدادیں ضبط کرنے کی جاری مہم کی مذمت کی گئی۔

بقیہ 10

نہیں ہورہی، بانی پی ٹی آئی کے خاندان کے چار لوگ اور آٹھ اراکین قومی اسمبلی گرفتار اور وزراء لاپتہ ہیں، خیبر پختونخواہ میں اراکین قومی وصوبائی ہمارے ہیں لیکن سکہ آپ کا چلتا ہے یہ جمہوریت کیلئے خطرناک ہے۔ یہاں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا کہ میں بانی پی ٹی آئی کی بہنوں سے اظہار یکجہتی کیلئے لاہور آیا ہوں، بانی پی ٹی آئی کی بہنوں کی گرفتاری بدترین سیاسی انتقام ہے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخواہ میں بغیر گورنر رول کے اس وقت گورنر راج لگا ہوا ہے، آپ نے ایک طرح سے خیبر پختونخواہ کو مکمل کنٹرول کیا ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم یہ چاہ رہے ہیں کہ ہمارا مارچ بھی ہو اور پرامن بھی ہو ایک حکومتی ٹولہ ہمارے لانگ مارچ کے حوالے کے حوالے سے بے بنیاد پروپیگنڈا کررہا ہے کہ ہم اداروں پر حملہ آور ہوں گے، حکومتی ٹولہ جو بیانیہ بنا رہا ہے اس کا کوئی بندوبست کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں معلوم ہے کہ ہم نے کس سے بات کرنی ہے، بات ہونی چاہیے لیکن بدقسمتی سے ابھی بات نہیں ہورہی، سیاسی مسائل کا سیاسی حل نکالنا ہوگا، کچھ لوگ نہیں چاہتے کہ سیاسی مسائل کا سیاسی حل نکلے اور پاکستان کے مسائل حل ہوں

بقیہ 11

سالانہ اجلاس سے خطاب پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ٹرمپ کی اقوام متحدہ میں تقریر امریکا کی اسٹریٹجک شکست کی نشاندہی کرتی ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق مشترکہ بیان میں کہا گیا کہ ٹرمپ کی تقریر میں ایران کے خلاف جارحیت کے حوالے سے کیے گئے دعوے امریکا کی اسٹریٹجک شکست کی حقیقت کو نہیں چھپا سکتے۔ بیان کے مطابق امریکا نے اپنی پے در پے شکست کی تلافی کے لیے عالمی اقتصادیات کو یرغمال بنا رکھا ہے۔ ایرانی مسلح افواج نے کہا کہ اس قسم کے لفظی دعووں سے ایران کے خلاف جنگ میں امریکا کی شکست کی تلافی نہیں کی جاسکتی۔ بیان میں کہا گیا کہ ایرانی مسلح افواج تمام شہدا کے قاتلوں اور جارحین پر کاری ضرب لگانے کے لیے پوری طرح تیار ہیں۔

بقیہ 12

پہلی بالمشافہ ملاقات ہوئی ہے۔ ملاقات میں تجارت، امیگریشن اور دیگر اہم امور پر گفتگو کی گئی۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق ٹرمپ نے برطانوی وزیراعظم کے ساتھ معاملات آگے بڑھانے پر آمادگی ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ برنہم کے ساتھ میرا اچھا تعلق قائم ہوا ہے اور برطانیہ و امریکا کے تعلقات اب زیادہ بہتر ہیں۔ ٹرمپ نے چاگوس جزائر معاہدے پر شدید تنقید کرتے ہوئے اسے خوفناک قرار دیا۔ واضح رہے کہ چاگوس جزائر معاہدہ برطانیہ اور امریکا کے درمیان اختلاف کا اہم نکتہ بن گیا ہے۔ برطانوی وزیراعظم اینڈی برنہم نے مختلف فریقوں کے ساتھ مل کر چاگوس جزائر معاہدے کے معاملے کا حل تلاش کرنے کا اعلان کرتے ہوئے امریکی شراکت داروں کے ساتھ مل کر مسئلہ حل کرنے پر اعتماد کا اظہار کیا ہے۔

بقیہ 13

سابق اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے کہا ہے کہ پنجاب میں ہمارے ورکرز کی زندگیاں اجیرن بنادی گئی ہیں، کسی شہری کو یہ حق حاصل نہیں کہ پبلک میں بات کرے یا جلسہ جلوس کرے۔ صوابی میں ورکرز کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے وزیراعلیٰ پنجاب کو چیلنج دیا کہ آج پنجاب میں فری اینڈ فیئر الیکشن ہوجائیں آپ 10 سیٹیں بھی جیت گئیں تو وہ سیاست چھوڑ دیں گے۔ سابق اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ گزشتہ روز وفاقی وزیر اطلاعات آئے اور دھمکیاں دے رہے تھے، آپ جس لہجے میں بات کرتے ہیں یاد رکھے وقت ایک جیسا نہیں رہتا۔

بقیہ 14

کو حکومت کرنے کا موقع دیں گے، انشا اللہ ایک دن ایسا آئے گا جب خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی کا نام ونشان تک باقی نہیں رہے گا۔ گزشتہ روز یونیورسٹی ٹاؤن پشاور میں رکن صوبائی اسمبلی جلال خان کے دفتر کا افتتاح کے موقع پر کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ وہ بڑی تعداد میں استقبال کرنے پر عوام کے شکر گزار ہیں۔ انہوں نے ان کے درمیان موجودگی پر خوشی کا اظہار کیا۔ وفاقی وزیر عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ خیبر پختونخوا غیور، بہادر اور غیرت مند لوگوں کی سرزمین ہے، پاکستان کیلئے ان کی قربانیاں بے شمار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) کے قائد محمد نواز شریف نے متعدد ترقیاتی منصوبے مکمل کر کے خیبر پختونخوا کو عزت دی جبکہ وزیراعظم محمد شہباز شریف صوبے کو خوشحالی کی راہ پر آگے لے جانے کے لیے ان تھک محنت کر رہے ہیں۔ حکومت کے تعلیمی اقدامات کا حوالہ دیتے ہوئے وفاقی وزیر عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں دانش اسکول قائم کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبے کے عوام نے پاکستان مسلم لیگ)ن(کے ٹکٹ پر صوبائی اسمبلی کے بہترین ارکان کو منتخب کیا ہے۔ انہوں نے صوبے کی خدمت میں ان کے کردار کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف والے جلال خان کے جلال سے ڈرتے ہیں۔ پاکستان تحریک انصاف پر تنقید کرتے ہوئے وفاقی وزیر عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ پی ٹی آئی کا سیاسی بیانیہ سوشل میڈیا پر جھوٹ اور شعبدہ بازی پر مبنی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی حکومت نے خیبر پختونخوا کو تباہی اور بربادی کے سوا کچھ نہیں دیا۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا حکومت اسلام آباد پر چڑھائی کرنا چاہتی ہے، اپنے صوبے میں آگ لگی ہے اور یہ لاہور پہنچ گئے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا حکومت صوبے کی حالت پر توجہ دیں۔ وفاقی وزیر عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ جب بھی صوبے کے عوام پاکستان مسلم لیگ (ن) کو حکومت کرنے کا موقع دیں گے، پارٹی صوبے کو تیز رفتار ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے کام کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) عملی اقدامات پر یقین رکھتی ہے جبکہ پی ٹی آئی کی سیاست کھوکھلے نعروں پر مبنی ہے۔

بقیہ 15

تعلیم، صحت، ٹرانسپورٹ، دیہی ترقی، ڈیجیٹلائزیشن اور موسمیاتی لچک کے منصوبوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں وزیر تعلیم سید سردار علی شاہ، چیئرمین منصوبہ بندی وترقی نجم احمد شاہ، سیکریٹری اسکول ایجوکیشن زاہد عباسی، سیکریٹری ٹو وزیراعلیٰ آصف جمیل، پروجیکٹ ڈائریکٹر ایس ایس ای آئی پی رضوان سومرو اور دیگر حکام شریک ہوئے، جبکہ اے ڈی بی وفد میں پرنسپل کنٹری اسپیشلسٹ شوکت صافی، پرنسپل پروجیکٹ آفیسر خرم امتیاز اور دیگر نمائندے موجود تھے۔ وزیراعلیٰ سندھ نے کہا کہ تعلیم سندھ حکومت کی سب سے بڑی ترقیاتی ترجیح ہے، اسکولوں کی تکمیل صوبے کے بچوں کے مستقبل میں سرمایہ کاری ہے۔ انہوں نے بتایا کہ سندھ سیکنڈری ایجوکیشن امپروومنٹ پروجیکٹ (ایس ایس ای آئی پی) کے تحت 10 نئے سیکنڈری اسکول مکمل کرلیے گئے ہیں، جنہیں مرحلہ وار فعال کیا جارہا ہے، جبکہ گھارو، مکلی اور ٹھٹھہ سمیت مختلف علاقوں میں نئے اسکولوں کا افتتاح کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ایس ایس ای آئی پی کے تحت سندھ کے 10 اضلاع میں 116 جدید سیکنڈری اسکول بلاکس تعمیر کیے جائیں گے، جن سے خصوصاً لڑکیوں اور پسماندہ علاقوں کے طلبہ کو فائدہ ہوگا۔ رواں سال کے اختتام تک 200 سے زائد اسکول مکمل کرنے کا ہدف ہے جبکہ مختلف پروگراموں کے تحت چند ماہ میں 800 سے زائد اسکول مکمل کیے جائیں گے۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ ایس ایس ای آئی پی کے تحت 2 ہزار 630 سیکنڈری اسکول اساتذہ کی پانچ اہم مضامین میں تربیت مکمل کرلی گئی ہے، 100 اسکولوں کو لیبارٹری کا سامان فراہم کیا گیا ہے اور سندھ کے تمام 7 تعلیمی بورڈز میں امتحانی اصلاحات نافذ کردی گئی ہیں۔ شفافیت کیلئے او ایم آر پر مبنی امتحانی نظام بھی متعارف کرایا گیا ہے۔ منصوبے پر تعمیراتی پیش رفت تقریباً 59 فیصد تک پہنچ گئی ہے جبکہ نظرثانی شدہ تکمیل دسمبر 2027 تک جاری رہے گی۔ ملاقات میں سیلاب سے متاثرہ اسکولوں کی تعمیر نو کا بھی جائزہ لیا گیا۔ بریفنگ کے مطابق ایس ایس ای آئی پی کی اضافی مالی معاونت کے تحت 5 اضلاع میں 722 سیلاب متاثرہ اسکول دوبارہ تعمیر کیے جا رہے ہیں اور تعمیر نو میں 54 فیصد پیش رفت مکمل ہوچکی ہے۔ 495 دوبارہ تعمیر شدہ اسکول اکتوبر 2026ء سے جون 2027ء کے درمیان حوالے کیے جائیں گے۔ اجلاس میں موسمیاتی خطرات سے محفوظ 125 سیکنڈری اسکولوں کی تعمیر کیلئے تقریباً 125 ملین ڈالر کی نئی مالی معاونت کی تجویز پر بھی غور کیا گیا، جس میں اساتذہ کی پیشہ ورانہ تربیت، ڈیجیٹل اسیسمنٹ، سائنس، ٹیکنالوجی، انجینئرنگ وریاضی، اطلاعاتی ٹیکنالوجی اور ڈیجیٹل لرننگ کی سہولیات شامل ہوں گی۔ پروگرام میں 10 ملین ڈالر کی گرانٹ بھی شامل ہے۔

بقیہ 16

کیا گیا ہے۔ اقتصادی امور کی رپورٹ کے مطابق رواں مالی سال جولائی سے اگست کے دوران پاکستان نے ایک ارب 70 کروڑ ڈالر کی بیرونی مالی معاونت حاصل کی، جبکہ گزشتہ مالی سال کے اسی عرصے میں ایک ارب 37 کروڑ ڈالر کی بیرونی معاونت ملی تھی۔ رپورٹ کے مطابق رواں مالی سال کے پہلے دو ماہ میں حاصل کردہ بیرونی قرض 476 ارب روپے کے مساوی رہا، جبکہ گزشتہ مالی سال جولائی سے اگست کے دوران 391 ارب روپے کے مساوی بیرونی قرض حاصل کیا گیا تھا۔ اقتصادی امور کے مطابق پہلے دو ماہ میں مختلف منصوبوں کے لیے 48 کروڑ 45 لاکھ ڈالر کا قرض حاصل ہوا، جبکہ نان پراجیکٹ مد میں ایک ارب 21 کروڑ ڈالر کی بیرونی معاونت ملی۔ رپورٹ کے مطابق عالمی مالیاتی اداروں نے پہلے دو ماہ کے دوران 59 کروڑ ڈالر سے زائد کا قرض فراہم کیا۔ اسلامی ترقیاتی بینک نے 19 کروڑ 12 لاکھ ڈالر، عالمی بینک نے 23 کروڑ 84 لاکھ ڈالر جبکہ ایشیائی ترقیاتی بینک نے 9 کروڑ 57 لاکھ ڈالر فراہم کیے۔ اقتصادی امور کی رپورٹ کے مطابق مختلف ممالک نے پاکستان کو 3 کروڑ 52 لاکھ ڈالر کی مالی معاونت فراہم کی، جس میں جرمنی کی جانب سے ایک کروڑ 28 لاکھ ڈالر اور سعودی عرب کی جانب سے 89 لاکھ ڈالر شامل ہیں۔ رپورٹ کے مطابق نیا پاکستان سرٹیفکیٹ کی مد میں 62 کروڑ 97 لاکھ ڈالر کا قرض حاصل کیا گیا، جبکہ غیر ملکی کمرشل بینکوں سے 30 کروڑ ڈالر قرض لیا گیا۔

بقیہ 17

توانائی، بیرونی غیر یقینی صورتحال، عالمی مالیاتی حالات اور موسمیاتی خطرات معاشی نمو کے لیے چیلنج برقرار ہیں۔ اے ڈی بی کی رپورٹ کے مطابق مالی سال 2026 میں پاکستان کی معاشی نمو میں خدمات، مینوفیکچرنگ، زراعت اور نجی سرمایہ کاری نے اہم کردار ادا کیا۔ سیلابی نقصانات کے باوجود زرعی شعبے کی شرح نمو 2.9 فیصد رہی، جبکہ مینوفیکچرنگ اور خدمات کے شعبوں میں توسیع نے مجموعی معاشی سرگرمیوں کو تقویت دی۔ رپورٹ میں مالی سال 2027 کے لیے پاکستان کی معاشی شرح نمو 3.7 فیصد رہنے کی پیشگوئی برقرار رکھی گئی ہے، جو حکومت کے 4 فیصد بجٹ ہدف سے کم ہے۔ اے ڈی بی کے مطابق مسلسل معاشی اصلاحات اور زرمبادلہ کے مضبوط ذخائر پاکستان کے معاشی منظرنامے کو سہارا دے رہے ہیں، جبکہ گزشتہ دو برس کے دوران معاشی استحکام مضبوط بنانے میں پیش رفت ہوئی ہے۔ اے ڈی بی کے مطابق مجموعی بین الاقوامی زرمبادلہ ذخائر میں اضافے سے پاکستان کی بیرونی مالیاتی لچک مضبوط ہوئی ہے، جبکہ خودمختار کریڈٹ ریٹنگ میں بہتری اور عالمی سرمایہ مارکیٹ تک دوبارہ رسائی سے نجی سرمایہ کاری کے امکانات میں اضافہ ہوسکتا ہے۔ رپورٹ کے مطابق مالی سال 2026 کے دوران پاکستان نے یورو بانڈ اور پانڈا بانڈ کے ذریعے عالمی سرمایہ مارکیٹ تک دوبارہ رسائی حاصل کی، جبکہ مالیاتی استحکام کا عمل بھی جاری رہا۔ اے ڈی بی نے کہا کہ نجی سرمایہ کاری میں اضافے کے لیے اصلاحات کا تسلسل اور کاروباری ماحول میں بہتری اہم عوامل ہیں

بقیہ 18

سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر بتایا کہ امریکی اور ایرانی وفود کے درمیان دن بھر ثالثوں کے ذریعے رابطے جاری رہے۔ ان کے مطابق مذاکرات کا ایک دور مکمل ہوگیا ہے اور امید ہے کہ یہ بات چیت تعمیری اور مثبت ثابت ہوگی۔ وٹکوف نے واضح کیا کہ دونوں وفود کے درمیان براہِ راست مذاکرات کے بجائے ثالثوں نے ایک فریق سے دوسرے فریق تک پیغامات پہنچانے کا کردار ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ ثالث اپنا کام جاری رکھیں گے، تاہم انہوں نے مذاکرات میں زیر بحث آنے والے معاملات کی مزید تفصیلات نہیں بتائیں۔

بقیہ 19

بحفاظت طیارے سے باہر نکلنے میں کامیاب ہو گیا۔ امریکی فوج کے مطابق طیارہ مغربی جرمنی کے اسپانگڈاہلیم ایئربیس پر تعینات تھا، حادثے کے بعد پائلٹ کو طبی امداد کے لیے منتقل کردیا گیا۔ امریکی فوج کا کہنا تھا کہ حادثے کی وجہ جاننے کے لیے تحقیقات جاری ہیں، جبکہ ہنگامی امدادی ٹیمیں فوری جائے حادثہ پر پہنچ گئی تھیں۔ جرمن ایئر ٹریفک کنٹرول اتھارٹی کے مطابق تربیتی مشق میں مجموعی طور پر 4 ایف 16 طیارے شریک تھے، 2 طیارے تربیتی علاقے میں موجود تھے جبکہ 2 اسپانگڈاہلیم ایئربیس واپس آرہے تھے۔

بقیہ 20

سیاسی نظریات کی تشہیر سے گریز کرنے کی ہدایت کی ہے۔ سفارتخانے نے پاکستانی شہریوں کو سوشل میڈیا کے استعمال میں بھی مقامی قوانین کی پابندی اور احتیاط برتنے کا مشورہ دیا ہے۔ سفارتخانے کی جانب سے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری پیغام میں کہا گیا کہ سعودی قوانین کے تحت کسی بھی قسم کی سیاسی سرگرمی میں ملوث ہونا ممنوع ہے۔ اس لیے پاکستانی شہری سیاسی اجتماعات، مظاہروں، سیاسی جماعتوں کی سرگرمیوں اور سیاسی نظریات کی تشہیر سے مکمل طور پر گریز کریں۔ بیان میں سوشل میڈیا کے ذمہ دارانہ استعمال پر بھی زور دیا گیا اور پاکستانی شہریوں کو غیر مصدقہ خبروں اور افواہوں کو پھیلانے سے روکنے کی ہدایت کی گئی۔ سفارتخانے نے کہا کہ سیاسی یا فرقہ وارانہ بحث، تکرار اور اشتعال انگیز مواد شیئر کرنے سے بھی اجتناب کیا جائے۔ سفارتخانے نے سعودی عرب میں مقیم پاکستانیوں کو یہ بھی ہدایت کی کہ مقامی حکومت کی پالیسیوں پر تنقید یا اشتعال انگیزی پھیلانے والے مواد سے دور رہیں اور خطے کی سیاسی وسیکیورٹی صورتحال کو سنسنی خیز انداز میں پیش کرنے سے گریز کریں۔ بیان میں خبردار کیا گیا کہ سعودی عرب کے مقامی قوانین کی خلاف ورزی کی صورت میں قانونی کارروائی کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے

بقیہ 21

خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی کے مطابق امریکا اور ایران کے درمیان پیغامات کا تبادلہ تقریباً دو گھنٹے جاری رہا۔ اسماعیل بقائی نے کہا کہ ایران نے سفارت کاری کی بحالی کے لیے اپنی شرائط واضح طور پر امریکا تک پہنچادی ہیں۔ ایرانی وزارت خارجہ کے مطابق ایران کی شرائط میں آبنائے ہرمز میں محفوظ بحری راستے کو تسلیم کرنا بھی شامل ہے، جبکہ امریکی جارحانہ کارروائیوں اور بحری ناکہ بندی کو فوری طور پر ختم کرنے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ ایرانی حکام کے مطابق جنگ کا خاتمہ اور ایران کے منجمد اثاثوں کی رہائی بھی سفارت کاری کی بحالی کے لیے تہران کی اہم شرائط میں شامل ہیں۔

بقیہ 22

تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق انٹیلی جنس اداروں نے ضلع کوئٹہ کے علاقے شعبان میں فتنۃ الخوارج اور فتنۃ الہندوستان سے وابستہ متعدد ٹھکانوں کی موجودگی کی اطلاع دی تھی، جو مقامی آبادی کیلئے خطرہ بن رہے تھے۔ مقامی آبادی کے تحفظ اور علاقے کو دہشتگردوں سے پاک کرنے کے لیے سیکیورٹی فورسز نے 21 ستمبر سے شعبان میں کلیئرنس آپریشن شروع کیا، کارروائی کے دوران فورسز نے دہشتگردوں کے متعدد ٹھکانوں کو مؤثر انداز میں نشانہ بنایا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق شدید فائرنگ کے تبادلے کے بعد اب تک 13 بھارتی سرپرستی میں سرگرم دہشتگرد ہلاک ہوچکے ہیں، جبکہ کلیئر کیے گئے ٹھکانوں سے بڑی تعداد میں اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکا خیز مواد بھی برآمد کیا گیا۔ دوسری جانب 22 اور 23 ستمبر کو ضلع کیچ اور ضلع کوئٹہ ویسٹ میں بھی سیکیورٹی فورسز نے خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر پیشگی کارروائیاں کیں۔ کارروائیوں کے دوران شدید فائرنگ کے تبادلے میں مزید 6 دہشتگرد ہلاک ہوئے جبکہ ان کے قبضے سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فائرنگ کے تبادلے میں 39 سالہ صوبیدار محمد جمیل بھی شہید ہوگئے، شہید صوبیدار محمد جمیل ضلع ڈیرہ غازی خان کے علاقے تونسہ شریف کے رہائشی تھے۔ آئی ایس پی آر نے کہا ہے کہ نیشنل ایکشن پلان پر وفاقی ایپکس کمیٹی کی منظوری سے عزمِ استحکام کے تحت جاری انسداد دہشتگردی مہم پوری رفتار سے جاری رہے گی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے ملک سے غیر ملکی سرپرستی اور معاونت سے ہونے والی دہشتگردی کے خاتمے کے لیے پرعزم ہیں۔

بقیہ 23

ہوئے کہا کہ یہ سوچنا کہ مائنس عمران خان فارمولا کامیاب ہوگا، لانگ مارچ غیر جمہوری حکومت کے خاتمے تک جاری رہے گا، جمہوری احتجاج عوام کا حق ہے، ملک کے کروڑوں عوام کو اپنے حق کے لیے نکلنا ہوگا، جمہوری پاکستان کی تشکیل نو کرنی ہوگی سب نے آئین کا احترام کرنا ہوگا اور آئینی فریم میں کام کرنا ہوگا، میاں نواز شریف، مولانا فضل الرحمن، آصف زرداری صاحب، پیپلز پارٹی، جماعت اسلامی، اے این پی سب نے کم سے کم نکات پر اکٹھے ہوجائیں اور اپنی افواج سے بھی کہہ دیں کہ ہم سیاسی لوگوں نے یہ فیصلہ کیا ہے اور عدلیہ اور میڈیا کو آزادی دلائیں۔ سیاسی پارٹیوں کے ووٹ سے کمزوریاں آئیں ہیں آئین، پارلیمنٹ کے خلاف ووٹ دیا اور اپنے لئے اپنے ہاتھ خود باندھے ہیں، بے انصافیوں سے کدورتیں بڑھتی ہیں نفرتیں جنم لیتی ہیں، بے انصافیوں سے کوئی نظام نہیں چل سکتا، کروڑوں انسان غربت کی لکیر کے نیچے زندگی گزار رہے ہیں جب یہ لانگ مارچ میں نکلیں گے پھر انہیں کون سنبھالیں گا۔ خود بھی توبہ کرلیں اور آئندہ کے لیے ضمانت دے دیں۔ پاکستان وسائل کے لحاظ بہترین ملک لیکن ہمارا گزارا مانگنے پر ہیں۔ دھمکیوں سے کام نہیں چلے گا، عوام کو حق حکمرانی میں شامل کرنا ہوگا، گورننس نیچے تک لیجائیں عوام کو شامل کریں عوام سارے مسائل کا حل نکالیں گے۔ محنت کش عوام ہیں ملک کو بہترین ملک بنادیں گے۔ محمود خان اچکزئی نے کہا کہ جب کسی شخص کو تنہا کر دیا جائے، اسے تنگ کیا جائے، خاص طور پر جب وہ حق پر ہو، اور اسے توڑنے یا دھکانے کی کوشش کی جائے۔ میں بالکل دوٹوک بات کروں گا اگرچہ میری عمران خان سے سالوں سے ملاقات نہیں ہوئی، لیکن مجھے پختہ یقین ہے کہ ہم اس شریف انسان کو اس بات پر قائل کرلیں گے کہ ماضی کی تلخیوں کو بھلا کر آگے بڑھیں۔ ہم کسی سے اس بات کا انتقام نہیں لیں گے کہ کس نے کیا کیا، لیکن دوسری جانب یہ بھی طے کرنا ہوگا کہ سیاسی لوگوں کو دیوار سے لگانے اور سیاست کو بدنام کرنے کا سلسلہ اب بند ہونا چاہیے۔ بدقسمتی سے ہماری ایجنسیوں نے یہی کام کیا ہے، حالانکہ وہ انتہائی پیشہ ور اور قابل ایجنسیاں ہیں۔ ان کی ذمہ داریاں بین الاقوامی سطح کی تھیں، لیکن انہیں جعلی سیاستدان تیار کرنے کے کام پر لگا دیا گیا ہے۔ سیاستدان بھی ایجاد نہیں ہوتے آپ کیمرہ، گھڑی یا میز تو بنا سکتے ہیں لیکن ایک حقیقی سیاستدان عوام کے درمیان اور گلی کوچوں سے جنم لیتا ہے، خدارا اس عمل سے گریز کیا جائے۔ محمود خان اچکزئی نے کہا کہ میں کسی کو ڈرانے کے لیے نہیں بلکہ ایک گزارش کر رہا ہوں کہ ہماری سول اور ملٹری ایجنسیوں کی بنیادی ذمہ داری یہ ہے کہ وہ اس بات پر نظر رکھیں کہ ملک میں کون کیا کر رہا ہے اور کس نے قومی دولت کو لوٹا ہے۔ ان کا اصل کام ان تمام کرپشن کے معاملات کا درست ریکارڈ اور فائلیں مرتب کرنا ہے۔ عمران خان مقبولیت کے اس مقام پر پہنچ گئے ہیں کہ جب بھی انتخابات ہوں گے، عمران خان پاکستان سویپ کر جائیں گے۔ لوگ نہیں دیکھیں گے کہ کون لوہار کھڑا ہے، چمیار کھڑا ہے، یا فلانا کھڑا ہے۔ ایم این ایز کی اپنی ایک حیثیت ہے، لیکن بات یہ ہے کہ یہ سارے عمران خان کے مرہونِ منت ہیں۔ اگر ایسی کوئی سوچ ہو کہ مائنس عمران خان، تو یہ پاکستان کے لیے خطرناک ہے، یہ بربادی کا راستہ ہے۔ بات یہ ہے کہ انسان جب اکیلا ہو جاتا ہے، جب آپ اس کو تنگ کرتے ہیں، وہ حق پر بھی ہوتا ہے، آپ اسے توڑنے کی کوشش کرتے ہیں، اس کو دھمکیاں دینے کی کوشش کرتے ہیں کہ ادھر بھاگ جاؤ، اُدھر بھاگ جاؤ، آپ سیدھی بات کے لیے تیار ہوں، میں عمران خان سے سالوں سے نہیں ملا، لیکن میرا ایمان ہے کہ اس شریف آدمی کو ہم قائل کرسکیں گے کہ یار ماضی کو بھول جاؤ، آئیں۔ لیکن انہوں نے بھی یہ کرنا ہوگا کہ پھر ایسے سیاسی لوگوں کو دیوار سے لگانے یا سیاست کو بدنام کرنے کی روش چھوڑنی ہوگی۔ ہماری ایجنسیوں نے کام ہی یہ کیا ہے، حالانکہ وہ بڑی باصلاحیت ایجنسیاں ہیں۔ آج عمران خان کی بہنوں کو گرفتار کرنے کا کیا جواز ہے؟ علیمہ بی بی اور ان کی ہمشیرہ نے ایسا کیا کرلینا تھا؟ کیا یہ دانستہ طور پر عوام کو مشتعل کرنے کی کوشش نہیں ہے؟ اگر علیمہ خان لاہور میں باہر نکل آتیں تو کیا طوفان آجاتا؟ اور اگر عوام ان کے پیچھے چل پڑتے، تو یہ نقارۂ خدا تھا، پھر آپ کو ان کی بات مان لینی چاہیے تھی۔ آپ اپنے ہی عوام سے کیوں خوفزدہ ہیں؟ پشاور میں جو کچھ ہوا، اس پر میں مقتدر حلقوں سے درخواست کرتا ہوں کہ خدارا اس روش کو ترک کریں۔ ایک منتخب رکن اسمبلی، جن کے پاس اپنے گارڈز موجود تھے، ان پر سادہ لباس میں ملبوس نامعلوم مسلح افراد کا دھاوا بولنا اور پھر الٹا انہی کے خلاف ایف آئی آر درج کرنا کہاں کا انصاف ہے؟ وزیر شکور خان پارلیمنٹ سے نکلے تو بغیر کسی محکمے کی وردی پہنے نامعلوم مسلح افراد نے ان کی گاڑی کے ٹائروں پر فائرنگ کر دی۔ یہ کون سا طریقہ کار ہے؟ کیا آپ اس ملک کو خانہ جنگی کی جانب دھکیلنا چاہتے ہیں؟ خیبر پختونخوا میں کوئی غیر قانونی حکومت نہیں بلکہ ایک آئینی اور منتخب صوبائی حکومت قائم ہے۔ وہاں صوبائی خودمختاری موجود ہے جس پر آپ حملہ آور ہو رہے ہیں۔ کیا آپ ملک میں امریکی تاریخ کی طرز پر شمال اور جنوب جیسی لڑائی شروع کروانا چاہتے ہیں؟ خدارا اس ملک پر رحم کریں۔ پشتونخوامیپ کے چیئرمین و تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ اور قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف محمود خان اچکزئی نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ اتنا غصہ کس بات کا؟ سومنات کیا ہے، کون سا سومنات، کہاں کا محمود غزنوی اور کہاں اس کا حملہ؟ ان پہاڑوں سے ہم آئیں گے، کون آئے گا اور کہاں سے آئے گا؟ ہر جگہ تو آپ کی رکاوٹیں (بیریئرز) ہیں۔ آپ غصہ کیوں ہوتے ہیں؟ جب آپ عوام کا مینڈیٹ چھینتے ہیں، جب آپ صوبائی خودمختاری کے اختیار کا احترام نہیں کرتے، جب آپ لوگوں کے ووٹ کا احترام نہیں کرتے اور انہیں اتنا بھی حق نہیں دیتے ... ایک جنیدا کبر نے شاید کوئی سخت بات کر دی ہو، لیکن سینکڑوں، ہزاروں لوگ تو معقول بات کرتے ہیں۔ مجھے نہیں معلوم کہ آپ نے یہ کہاں پڑھا ہے کہ اپنے ہی بچوں کے جذبہ حریت کو کچلا جائے۔ جب سب رشوت خور بن جائیں گے، جب سب بکاؤ مال بن جائیں گے، تو پھر اس پاکستان کو کون سنبھالے گا؟'' ویسے بھی اس حکومت کو قائم ہوئے ڈھائی سال گزر چکے ہیں، اور پچھلے ڈھائی سال سے یہ ایک غیر آئینی اور غیر قانونی حکومت چل رہی ہے۔ ہم سب مل بیٹھ کر نئے اور شفاف انتخابات پر متفق کیوں نہیں ہو جاتے؟ نیا الیکشن کمیشن تشکیل دیا جائے اور انتخابات کروائے جائیں۔ اگر اس کے بعد یہ خدشات ہیں کہ خدانخواستہ عمران خان اس تمام صورتحال سے مایوس ہو کر کوئی انتقامی کارروائی کریں گے، تو ہم اس کی پیش بندی کر سکتے ہیں؛ ان سے یہ یقین دہانی حاصل کی جاسکتی ہے کہ ان کی جانب سے ایسا کوئی قدم نہیں اٹھایا جائے گا۔ تاہم مستقبل کے لیے یہ طے ہونا چاہیے کہ ہر ادارہ اپنے آئینی دائرہ کار تک محدود رہے۔ آج کل سب کا یہ نعرہ ہے کہ 'پاکستان سب سے پہلے' لیکن کیا 'پاکستان سب سے پہلے' اس طرح ہوگا کہ آپ کی اپنی مرضی چلے، میری اپنی مرضی ہو اور کسی تیسرے کی اپنی مرضی مسلط ہو؟ 'پاکستان سب سے پہلے' کا اصول تبھی ممکن ہے جب ہم سب ایک آئین پر متفق ہوں، سب اس کا احترام کریں اور اسی آئینی دائرے کے اندر رہیں۔

بقیہ 24

پاکستان کے ساتھ گیٹس فاؤنڈیشن کے تعاون کو سراہتے ہوئے پاکستان سے پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے حکومت کے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کیا ہے۔ بدھ کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف سے گیٹس فاؤنڈیشن کے چیئرمین بل گیٹس نے یہاں ملاقات کی۔ وزیراعظم نے رواں ماہ کے اوائل میں گیٹس فاؤنڈیشن کی ٹیم کے دورہ پاکستان کا ذکر کرتے ہوئے پولیو کے خاتمے، ماں و بچے کی صحت، غذائیت، حفاظتی ٹیکہ جات، ڈیجیٹلائزیشن اور مالیاتی شمولیت کے شعبوں میں پاکستان کے ساتھ فاؤنڈیشن کے تعاون کو سراہا۔ وزیراعظم نے پاکستان سے پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے حکومت کے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے اس اہم مقصد کے لیے گیٹس فاؤنڈیشن کی طویل عرصے سے جاری معاونت پر شکریہ ادا کرتے ہوئے پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے اپنے ذاتی عزم کا بھی اظہار کیا۔ بل گیٹس نے وزیراعظم کی قیادت میں پاکستان کی پولیو کے خاتمے کے لیے جاری کوششوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ آئندہ نسلوں کو اس موذی مرض سے محفوظ رکھنے کے لیے پولیو کا مکمل خاتمہ انتہائی اہم ہے۔ انہوں نے ملک بھر میں پولیو ویکسی نیشن پروگرام پر صوبائی حکومتوں کو وزیراعظم کی جانب سے فراہم کی گئی ذاتی رہنمائی کی بھی تعریف کی۔ وزیراعظم نے پاکستان کی سماجی واقتصادی ترقی میں گیٹس فاؤنڈیشن کے قابل اعتماد شراکت داری کے کردار کو سراہتے ہوئے صحتِ عامہ، زراعت، ڈیجیٹل جدت اور مصنوعی ذہانت سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید وسعت دینے میں دلچسپی کا اظہار کیا۔ وزیراعظم نے بل گیٹس کو حکومت کی جانب سے زرعی شعبے میں کی جانے والی اصلاحات سے بھی آگاہ کیا، جن میں جدت، بائیوٹیکنالوجی، موسمیاتی تبدیلیوں سے مطابقت پیدا کرنے کی صلاحیت، تحقیق اور کسانوں کی استعداد کار میں اضافے پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے۔ دونوں رہنماں نے بہتر بیجوں کی تیاری، مویشیوں کی جینیاتی بہتری اور ابھرتی ہوئی زرعی ٹیکنالوجیز کی ترقی کے شعبوں میں تعاون کے امکانات تلاش کرنے پر اتفاق کیا۔ ملاقات میں پاکستان کی پائیدار ترقی، تکنیکی پیش رفت اور سماجی شعبوں میں بہتری کے لیے شراکت داری کی مزید مضبوطی اور وسعت دینے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ وزیراعظم نے ملاقات میں بل گیٹس کو جلد پاکستان کا دورہ کرنے کی دعوت بھی دی۔

بقیہ 25

کوئٹہ کے نواحی علاقے اغبرگ میں پولیس چوکی پر نامعلوم افراد کی جانب سے فائرنگ کی گئی، پولیس کی جوابی فائرنگ سے 5 مبینہ دہشت گرد ہلاک ہوگئے۔ واضح رہے کہ گزشتہ دنوں کوہاٹ پولیس لائنز کی مسجد پر نمازِ جمعہ کے دوران خودکش حملہ کیا گیا تھا جس میں پولیس اہلکاروں سمیت 23 افراد شہید اور 100 سے زائد زخمی ہوئے تھے۔

بقیہ 26

ہوئے احسن اقبال نے کہا کہ ہمارا دشمن ملک کے اندر دہشت گردی، انتشار کے ذریعے اپنے مقاصد پورا کرنا چاہتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں کو سنجیدگی سے سوچنا چاہیے کہ اس وقت ملک میں انتشار، ہلڑبازی پیدا کرکے ہم اس کے مقاصد کو کامیاب کریں گے؟ پاکستان کا مفاد یہ تقاضہ کرتا ہے کہ اس وقت ملک میں استحکام ہو، ملک میں امن ہو۔ احسن اقبال نے کہا کہ اگر ٹی وی سکرینوں پر مار کٹائی، ڈنڈے، ہلڑ بازی دکھائی جائے گی تو کون سا بین الاقوامی سرمایہ کار پاکستان آئے گا؟ اگر کسی کو کوئی شکایات ہیں تو وہ پارلیمنٹ آئے، اس پر بحث ہونی چاہیے، اگر کوئی قانونی جنگ لڑنی ہے وہ بھی عدالتوں کے اندر لڑنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے چاروں طرف خطرات کے بادل ہیں اور دشمن دہشت گردی کے ذریعے پاکستان میں انتشار پیدا کرنا چاہتا ہے، ہم اسلام آباد کو سومنات قرار دیں، میں سمجھتا ہوں کہ یہ نہایت ہی شرمناک طرز عمل ہے، جو لوگ ایسا سوچتے ہیں پاکستان کے عوام ان کی سیاست کا سومنات بنا دیں گے۔ احسن اقبال نے کہا کہ ہم ملک کے استحکام، معاشی مفاد کا ہر قیمت پہ دفاع کریں گے، کسی کو اجازت نہیں کہ وہ صرف اپنے مذموم مقاصد کے لیے جب چاہے دارالخلافے پہ چڑھائی کردے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کے جو سنجیدہ، محب وطن لوگ ہیں ان سے اپیل کروں گا کہ وہ اپنی قیادت پر اثر انداز ہوں اور ان کو یہ زور دیں کہ وہ ایک ذمہ دارانہ طرز عمل اختیار کریں۔ احسن اقبال نے کہا کہ اس وقت پاکستان کسی ایسی مہم جوئی کا متحمل نہیں ہوسکتا، ایسے طرز عمل سے صرف پاکستان کے دشمنوں کا ایجنڈا پورا ہوگا، پاکستان کا نقصان ہوگا، خطے میں بڑا بحران ہے، دنیا اضطراب سے گزر رہی ہے، اس وقت پاکستان کو امن اور استحکام کی بہت زیادہ ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ کوشش ہونی چاہیے کہ پاکستان کم سے کم نقصان کے ساتھ موجودہ صورتحال سے نکلے، سڑکوں پر آگ اور بلوا ملک کی ترقی کا راستہ نہیں، انتشار اور فساد کے ذریعے ملک کو بربادی کی طرف لے جانے کی اجازت نہیں دیں گے۔ احسن اقبال نے کہا کہ جس لیڈر کے لیے احتجاج کیا جارہا ہے اسے عدالت سے سزا ہوئی، عدالت میں مقدمہ لڑیں، 190 ملین پاؤنڈ پاکستان کو برطانیہ نے واپس دیے تھے، 190 ملین پاؤنڈ سرکاری خزانے میں جمع کرانے کے بجائے ملک ریاض کو دیے گئے۔ انہوں نے کہا کہ 190 ملین پاؤنڈ تقریباً 60 ارب روپے بنتے ہیں، 60 ارب روپے پاکستان کے غریبوں کے تھے، ان پر ڈاکہ ڈالا گیا، امریکہ یا برطانیہ میں ایسا جرم ہوتا تو سیاستدان ساری عمر منہ دکھانے کے قابل نہ رہتا۔

بقیہ 27

خاتمے کے لیے سفارت کاری پر یقین رکھتا ہے، ہم دہشت گرد نہیں، جارحیت کے خلاف اپنا دفاع کر رہے ہیں، ایران نے اپنے دفاع کا حق استعمال کیا ہے اور جوابی کارروائی میں صرف امریکی اہداف کو نشانہ بنایا، عام شہریوں کو نہیں، اسرائیل قتلِ عام کرتا ہے اور پابندیاں ایران پر لگائی جاتی ہیں، یہ دہرا معیار ہے، آبنائے ہرمز کو کسی صورت ان ہتھیاروں کی ترسیل کے لیے استعمال نہیں ہونے دیا جا سکتا جو ایران کے خلاف استعمال کیے جائیں۔ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے سالانہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ایرانی صدر نے شہید ایرانی سپریم لیڈر آیت اللہ خامنہ ای اور میناب کے ان اسکول کے بچوں کی تصاویر دکھائیں جو امریکی اور صیہونی حملوں کا نشانہ بنے۔ انہوں نے کہا کہ امریکا نے ایک ایرانی قصبے پر کلسٹر بم گرائے جس میں معصوم شہریوں، خواتین اور بچوں کو شہید کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ اسپتالوں اور اسکولوں پر حملوں میں عالمی قوانین کا خیال نہیں رکھا گیا جس سے سیکڑوں افراد شہید اور ہزاروں بے گھر ہوچکے ہیں۔ ایرانی صدر نے واضح کیا کہ ہم دہشت گرد نہیں، جارحیت کے خلاف اپنا دفاع کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایران نے اپنے دفاع کا حق استعمال کیا ہے اور جوابی کارروائی میں صرف امریکی اہداف کو نشانہ بنایا، عام شہریوں کو نہیں۔ عالمی برادری کے دہرے معیار پر کڑی تنقید کرتے ہوئے صدر مسعود پزشکیان نے کہا کہ اسرائیل قتلِ عام کرتا ہے اور پابندیاں ایران پر لگائی جاتی ہیں، یہ دہرا معیار ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے بیانات پر سخت ردعمل دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ٹرمپ نے ہمیں دہشت گرد قرار دیا حالانکہ ہم خود دہشت گردی کا نشانہ بنے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جو لوگ خود دہشت گرد ہیں وہی ہم پر دہشت گرد ہونے کا الزام لگاتے ہیں۔ ایرانی صدر نے کہا کہ امریکی صدر جان لیں کہ دھمکیاں اور خطرات ایرانی قوم کو متحد کرتے ہیں۔ خطے کی سیکیورٹی اور آبی گزرگاہوں کے حوالے سے صدر پزشکیان نے کہا کہ آبنائے ہرمز کو کسی صورت ان ہتھیاروں کی ترسیل کے لیے استعمال نہیں ہونے دیا جاسکتا جو ایران کے خلاف استعمال کیے جائیں۔ ایرانی صدر نے کہا کہ ایران نے اپنا سر نہیں جھکایا، تاہم شہری آبادیوں کو بھی نشانہ نہیں بنایا، ان کے مطابق ملک کے دفاع کے لیے کسی کی اجازت یا منظوری کی ضرورت نہیں۔ مسعود پزشکیان نے کہا کہ طاقتور ممالک ہی دنیا میں عدم استحکام اور تباہی پیدا کر رہے ہیں جبکہ ایران اپنے اور دوسرے ممالک کے لیے عدم تحفظ نہیں چاہتا، جنگ کے میدان میں امن حاصل نہیں ہوگا۔ ایرانی صدر نے ایران کے جوہری پروگرام پر بات کرتے ہوئے کہا کہ ایران کو جوہری توانائی چاہیے، جوہری بم نہیں، پرامن جوہری ٹیکنالوجی ایران کی ترقی کا حصہ ہے، تاہم جوہری طاقت کے حق پر کوئی پابندی قبول نہیں کی جائے گی۔ مسعود پزشکیان نے کہا کہ ایران اپنا حق چھوڑ کر سر نہیں جھکائے گا اور ملک کو اپنے دفاع کے لیے ضروری طاقت حاصل کرنے کا حق ہے۔ ایرانی صدر کی تقریر شروع ہوتے ہی امریکی مندوب نے جنرل اسمبلی کے اجلاس سے واک آؤٹ کیا۔

بقیہ 28

کیا کہ سعودی عرب نے تعز، مرب اور الجوف میں ایف 15 اور ٹائفون جنگی طیاروں کے ذریعے 19 فضائی حملے کیے، حوثیوں کے زیر انتظام وزارتِ صحت کے مطابق الجا میں کیے گئے فضائی حملوں میں 2 بچوں اور ایک خاتون سمیت 6 افراد ہلاک ہوئے۔

بقیہ 29

سیکٹر میں افغان طالبان کی جانب سے پاکستانی سرحدی چوکیوں پر بلا اشتعال فائرنگ کی گئی تاہم پاکستانی فورسز کا منہ توڑ جواب دیتے ہوئے دشمن کی توپیں خاموش کرادیں، جبکہ مستونگ میں سیکورٹی فورسز کی کارروائی کے دوران 9 خوارج دہشت گرد مارے گئے۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق بدھ کی صبح افغان طالبان رجیم کی جانب سے 8 ڈرونز پاکستان کی فضائی حدود میں داخل ہوئے، جنہیں افواج پاکستان کے ایئر ڈیفنس سسٹم نے مار گرایا۔ ذرائع کے مطابق 4 ڈرونز طورخم بارڈر سے ملحقہ علاقوں میں گرائے گئے۔ سیکورٹی ذرائع نے کہا کہ یہ دراندازی افغان طالبان رجیم کی دہشت گردوں کی براہ راست معاونت اور سرپرستی کا ثبوت ہے۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق گزشتہ رات افواج پاکستان نے کرم سیکٹر میں افغان طالبان رجیم کے مورچوں اور ٹھکانوں کو بھی تباہ کیا گیا تھا۔ قبل ازیں سیکورٹی ذرائع کے مطابق ناکامی کے بعد کرم سیکٹر میں افغان طالبان نے پاکستانی سرحدی چوکیوں پر بلا اشتعال فائرنگ کی۔ پاکستان کی سیکورٹی فورسز نے بھرپور جوابی کارروائی کرتے ہوئے دشمن کی توپیں خاموش کروادیں۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق افغان صوبے ننگرہار اور پکتیا میں افغان پوسٹوں سے فتنہ الخوارج نے دراندازی کی کوشش کی جنہیں بارڈر پر موجود بہادر جوانوں نے موثر اور منہ توڑ جواب دیا۔ افغان طالبان نے پاکستانی سرحدی چوکیوں کو بھاری ہتھیاروں، مارٹرز اور دیگر اسلحے سے بلااشتعال نشانہ بنایا، سیکیورٹی فورسز نے جوابی کارروائی کرتے ہوئے افغان طالبان کی متعدد سرحدی پوسٹوں، مارٹر پوزیشنز کو نشانہ بنایا۔ پاکستانی فورسز نے سرحدی علاقوں پر مکمل کنٹرول برقرار رکھتے ہوئے دشمن کی جارحیت کا بھرپور جواب دیا۔ شدید جوابی کارروائی کے نتیجے میں افغان طالبان متعدد پوسٹیں چھوڑ کر فرار ہوگئے۔ دریں اثناء بلوچستان کے ضلع مستونگ کے علاقے کنک وادی میں سیکورٹی فورسز نے کارروائی کرتے ہوئے 9 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق ہلاک دہشت گردوں نے کنک وادی میں سیکورٹی چوکی پر حملے کی کوشش کی تھی۔ سیکورٹی ذرائع نے بتایا کہ فورسز نے کارروائی کرتے ہوئے ابتدائی طور پر 2 دہشت گردوں کو ہلاک کیا جبکہ فرار ہونے والے دہشت گردوں کا تعاقب کرکے مزید 7 خوارج کو ہلاک کر دیا۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے 3 موٹر سائیکلیں، اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا۔ سیکورٹی ذرائع نے بتایا کہ فائرنگ کے تبادلے میں سیکورٹی فورسز کا ایک جوان زخمی ہوگیا، جسے ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ دوسری جانب سیکورٹی فورسز کی آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کر دی گئیں، سیکورٹی ذرائع کے مطابق سیکورٹی فورسز نے تربت میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران 2 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ تربت کے علاقے جوسک میں سیکورٹی فورسز نے دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر آپریشن کیا۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق فرار ہونے والے دہشت گردوں کا تعاقب اور علاقے میں سرچ آپریشن جاری رہا۔ سیکورٹی ذرائع نے کہا کہ دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں غیر متزلزل عزم کے ساتھ جاری ہیں۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے مستونگ کے علاقے کنک وادی میں کامیاب آپریشن پر سیکورٹی فورسز کی ستائش کی ہے، انہوں نے 9 دہشت گردوں کو جہنم رسید کرنے پر سیکورٹی فورسز کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں کے مذموم عزائم ناکام بنانے والے سیکورٹی فورسز کے بہادر سپوتوں پر فخر ہے، سیکورٹی فورسز کی کارروائیاں قومی سلامتی کے تحفظ کے عزم کی عکاس ہیں، قوم دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کے خلاف آپریشنز پوری قوت سے جاری ہیں اور جاری رہیں گے۔

بقیہ 30

،عبید کاظمی، فرزانہ سفیر اور عاصمہ راجہ کے نام شامل ہیں۔

بقیہ 31

پانچویں قسط کے لیے مذاکرات 2 ہفتے جاری رہیں گے اور کامیابی کی صورت میں پاکستان کو 1.2 ارب ڈالر تک ملنے کا امکان ہے۔ وزارت خزانہ کے ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف مشن اسٹیٹ بینک حکام کے ساتھ مذاکرات کا آغاز کرے گا۔ پہلے مرحلے میں اسٹیٹ بینک حکام سے تکنیکی مذاکرات کیے جائیں گے جس میں کرنٹ اکاؤنٹ خسارے، بنیادی شرح سود اور ایکسچینج ریٹ پر بات ہوگی جبکہ اسٹیٹ بینک حکام آئی ایم ایف وفد کو معاشی کارکردگی پر بریفنگ دیں گے۔ ذرائع کے مطابق پاکستان نے زرمبادلہ کے ذخائر 17 ارب ڈالر سے زیادہ رکھنے کا ہدف حاصل کرلیا ہے۔ آئی ایم ایف وفد کو براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری میں اضافے سے بھی آگاہ کیا جائے گا۔ عالمی مالیاتی ادارے کے مشن کو یورو بانڈ کے کامیاب اجرا اور بیرونی ذرائع سے حاصل ہونے والی رقوم پر بھی بریفنگ دی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف وفد اسٹیٹ بینک سے مذاکرات کے بعد 25 ستمبر کو اسلام آباد روانہ ہوگا، جہاں وزارت خزانہ، نجکاری، توانائی اور ایف بی آر کے ساتھ مذاکرات کیے جائیں گے۔ قرض پروگرام کی پانچویں قسط کے لیے بات چیت 2 ہفتے جاری رہے گی، جبکہ عالمی مالیاتی ادارے کے مشن کو جون تک کی معاشی سرگرمیوں پر بریفنگ دی جائے گی۔ آئی ایم ایف کے ساتھ اسٹرکچرل بینچ مارکس کے تحت اہداف پر بھی بات ہوگی، جبکہ پاکستان معاشی اصلاحات کے اہداف پر عالمی مالیاتی ادارے سے مذاکرات کرے گا۔ مذاکرات کے دوران توانائی کے شعبے میں اصلاحات کے ساتھ بجلی اور گیس کے شعبوں کے سرکلر ڈیٹ سے متعلق اہداف بھی زیر بحث آئیں گے۔ ذرائع کے مطابق مذاکرات کامیاب ہونے پر پاکستان کو مجموعی طور پر 1.2 ارب ڈالر تک ملنے کا امکان ہے، جس میں ای ایف ایف کی قسط کے تحت تقریباً ایک ارب ڈالر ملنے کی توقع ہے۔ علاوہ ازیں موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کے لیے پاکستان کو مزید 20 کروڑ ڈالر ملنے کا بھی امکان ہے۔

بقیہ 32

ساتھ کھڑا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے سعودی عرب کے قومی دن پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ سعودی عرب کی ترقی اور خوشحالی پاکستان کیلئے بھی باعثِ فخر ہے، پاکستان کو سعودی عرب کے ساتھ اپنی تاریخی، دیرینہ اور آزمودہ برادرانہ وابستگی پر فخر ہے۔ انہوں نے کہا کہ محمد بن سلمان کی قیادت میں پاکستان، سعودی عرب کے برادرانہ تعلقات ایک مزید مضبوط اور جامع اسٹریٹجک شراکت داری میں ڈھل رہے ہیں جس کی بنیاد امن و سلامتی کے فروغ اور امتِ مسلمہ کے اتحاد کیلئے ہماری مشترکہ وابستگی پر قائم ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ سعودی عرب کے خلاف حوثیوں کے حالیہ حملوں بالخصوص مقدس شہر مکہ مکرمہ پر ڈرون حملے کی قابل مذمت کوشش کی گئی، حملوں کی پاکستان کی جانب سے سخت ترین الفاظ میں مذمت کا اعادہ کرتا ہوں، حرمین شریفین کی حرمت، تقدس اور سلامتی کو لاحق کوئی بھی خطرہ دنیا بھر کے مسلمانوں کے جذبات کو شدید مجروح کرتا ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ ہم نے عزم کے تحت اسٹریٹجک باہمی دفاعی معاہدے اور مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط کیے، پاکستان سعودی عرب کی خودمختاری، سلامتی اور اسلام کے مقدس ترین مقامات کے تحفظ کے لیے سعودی عرب کے کھڑا ہے۔

بقیہ 33

جائے بصورت دیگر عوام حکومت گرانے کے لیے نکل پڑیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسلام آباد میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ نائب امیر میاں محمد اسلم، ڈپٹی سیکرٹری سید فراست شاہ، امیر اسلام آباد نصر اللہ رندھاوا، قائمقام امیر پنجاب شمالی اقبال خان اور امیر راولپنڈی عارف شیرازی بھی اس موقع پر موجود تھے۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ جماعت اسلامی کی جدوجہد کے نتیجہ میں عوام میں شعور بیدار ہوا ہے۔ لیوی پر عوامی آگاہی سے قبل جماعت اسلامی نے آئی پی پیز کے خلاف احتجاج کیا اور حکومت کو ان سے بات کرنے پر مجبور کیا جس سے قومی خزانہ کو ساڑھے چار ہزار ارب کا فائدہ ہوا۔ انہوں نےکہا کہ بدقسمتی سے ملک کی سیاسی پارٹیاں عوامی مسائل پر آواز نہیں اٹھاتیں، جماعت اسلامی کی جدوجہد مافیاز کے خلاف ہے جب کہ دیگر پارٹیاں مافیاز کی مدد سے سیاست کرتی ہیں۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ جماعت اسلامی نے لیوی کے خلاف پانچ سو دس مقامات پر سڑکیں بند کرکے جدوجہد کا آغاز کیا، سولہ اگست سے دھرنوں کا آغاز ہوا جو ملک کے بیالیس مقامات پر دیے گئے، اسی دوران حکومت سے مذاکرات کے کئی ادوار ہوئے، حکمرانوں کو قابل عمل تجاویز دیں، حکومت کے پاس ہماری تجاویز کا کوئی مدلل جواب نہیں ہے، حکومت کو بتایا کہ شرح سود صرف تین فیصد کم کرنے سے خزانہ کو پندرہ سو ارب سے زائد کا فائدہ ہوگا، حکمران اپنی مراعات اور عیاشیاں ختم کریں، گیارہ ارب کے جہاز میں سفر کرنے کی بجائے تیرہ سوسی گاڑیاں استعمال کریں، جاگیرداروں پر ٹیکس لگائیں، آئی پی پیز کو کیپسٹی چارجز کی ادائیگیاں بند کی جائیں، ایف بی آر میں تیرہ سو ارب کی کرپشن ہو رہی ہے اس کا خاتمہ کیا جائے۔ حکومت کبھی کہتی ہے سود کا معاملہ سٹیٹ بنک کے اختیار میں ہے جو خود مختار ادارہ ہے اور کبھی کہا جاتا ہے کہ آئی ایم ایف کا دباؤ ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ آئی ایم ایف معاہدہ میں کہیں ذکر نہیں ہے کہ آمدن کے اہداف لیوی لگا کر پورے کیے جائیں، آئی ایم ایف پروگرام قومی معیشت کے لیے فائدہ مند ہے یا نقصان دہ یہ الگ موضوع ہے اور گزشتہ چھبیس پروگراموں سے یہ امر واضح بھی ہوگیا ہے کہ آئی ایم ایف کا ملکی معیشت کو کتنا فائدہ ہوا، تاہم یہ واضح ہے کہ آئی ایم ایف حکمرانوں کو اخراجات کم کرنے، جاگیرداروں پر ٹیکس لگانے سے نہیں روکتا، آئی ایم ایف نہیں کہتا کہ بجلی پر عوام سے فکسڈ چارجز وصول کیے جائیں۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ عوام پٹرول کے ایک لٹر پر ایک سو چالیس روپے کے قریب ٹیکس ادا کر رہے ہیں، یہ ظلم اب مزید برداشت نہیں کیا جائے گا، حکومت بنک مافیا، آئی پی پیز مافیا، چینی مافیا، آٹا مافیا، ریفائنریز مافیا، آئل مارکیٹنگ کمپنیاں مافیا اور اسی طرح کے دیگر بے شمار مافیاز کو پال رہی ہے، حکومت پرائیویٹ بنکوں سے ستتر فیصد قرض لیتی ہے اور ساڑھے گیارہ فیصد سود کی شرح سے بجٹ میں بنکوں کو ساڑھے آٹھ ہزار ارب کے لگ بھگ ادائیگیاں ہوتی ہیں، ملک کے چالیس فیصد عوام کے بنک اکاؤنٹ کرنٹ کیٹگری کے ہیں، جب عوام اتنی بڑی تعداد میں بنکوں سے سودی کاروبار نہیں کر رہی تو حکومت پرائیویٹ بنکوں سے قرضوں پر سود کہاں سے ادا کرتی ہے؟ یہ سود عوام کی جیبوں پر براہ راست ڈاکہ ڈال کر ادا کیا جاتا ہے اور یہی بدترین سرمایہ دارانہ نظام ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ پاکستان کی طرح کی معیشت میں شرح سود کا مہنگائی سے کوئی تعلق نہیں بنتا۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ انہوں نے وزیراعظم سے ٹیلی فون گفتگو میں واضح کردیا ہے کہ جماعت اسلامی احتجاج اور لانگ مارچ کے حق سے اس وقت تک دستبردار نہیں ہوگی جب تک لیوی ختم نہیں کی جائے گی، وزیراعظم سے ملاقات کے فوری بعد صورتحال واضح ہوجائے گی، اس وقت تک احتجاج جاری رہے گا، لاہور سمیت دیگر شہروں میں عوامی جلسوں کا بھی انعقاد ہوگا۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی تنقید سے نہیں گھبراتی، عوام ہمارے ساتھ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ بارہا کہہ چکے ہیں کہ عمران خان سیاسی قیدی ہیں اور پی ٹی آئی سے زیادتی ہورہی ہے۔

بقیہ 34

قرضوں کی ادائیگی مالی گنجائش کو محدود کر رہی ہے۔ اقوام متحدہ ہیڈکوارٹرز میں ڈیکلریشن آن رائٹ ٹو ڈویلپمنٹ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ 40 سال قبل حق ترقی کے اعلامیے نے اس بات کی توثیق کی کہ یہ عوام کا ناقابل تنسیخ حق ہے، اس اعلامیہ کا پیغام بڑا واضح تھا۔ شہباز شریف نے کہا کہ ہر فرد کا حق ہے کہ وہ بہتر مستقبل کی تلاش کرے۔ انہوں نے کہا کہ موسمیاتی آفات کی وجہ سے مسائل بڑھ رہے ہیں، موسمیاتی آفات برسوں کی محنت سے حاصل ہونے والی کامیابیوں کا خاتمہ کر رہی ہے۔

بقیہ 35

نوجوانوں کو ان کا جائز حق دلانے کا وقت آگیا ہے۔ ہم اس ملک کے وارث ہیں اور خاموشی سے خیرات کا انتظار کرنے کے بجائے نئے انتظامی یونٹس اور صوبوں کی صورت میں اپنا حق لے کر رہیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے فیڈرل بی ایریا میں ہزاروں کی تعداد میں موجود پرجوش نوجوانوں (AlphaGen اور ZGen) کے عظیم الشان مجمع سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ سید مصطفیٰ کمال نے مزید کہا کہ ایک وقت تھا جب کراچی پورے خطے کا معاشی لیڈر اور ترقی کا استعارہ تھا، جہاں دنیا بھر کی پروازیں اترتی تھیں۔ آج 18 سالوں میں صوبہ سندھ کے ناعاقبت اندیش حکمرانوں کو این ایف سی ایوارڈ کی مد میں 22 ہزار ارب روپے ملنے کے باوجود کراچی کو دنیا کے بدترین شہروں میں تیسرے نمبر پر دھکیل دیا گیا ہے۔ ہمارے ٹیکسز، سیلز ٹیکس اور پورٹ کا پیسہ براہ راست شہر کی ترقی پر خرچ ہونے کے بجائے وزیر اعلیٰ ہاؤس میں پارک ہوجاتا ہے۔ وفاق سے ملنے والے اربوں روپے صوبائی حکومت ہڑپ کر رہی ہے اور کراچی کے شہریوں کو پینے کا پانی، سڑکیں اور تعلیم تک میسر نہیں۔ مصطفیٰ کمال نے اپنے دور نظامت کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے اپنے ساڑھے چار سالہ دور نظامت میں محض 300 ارب روپے خرچ کرکے کراچی کو دنیا کے 12 تیزی سے ترقی کرنے والے شہروں کی فہرست میں شامل کیا تھا۔ آج ہزاروں ارب روپے ملنے کے باوجود شہری بنیادی سہولیات کو ترس رہے ہیں اور بچے کھلے گٹروں میں گر کر مر رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ 26 ویں اور 27 ویں آئینی ترمیم کے دوران وزیراعظم اور وفاقی کابینہ سمیت ایوان میں موجود تمام سیاسی جماعتیں بلدیاتی حکومتوں اور میئرز کو بااختیار بنانے پر متفق تھیں، لیکن پیپلز پارٹی نے اپنی طاقت کے گھمنڈ میں اس ترمیم کو صرف اس لیے ویٹو کردیا کہ یہ ترمیم انکے سیاسی حریف ایم کیو ایم پاکستان نے پیش کی تھی۔ یہ ثابت کرتا ہے کہ موجودہ صوبائی حکومت نچلی سطح پر اختیارات منتقل نہیں کرنا چاہتی۔ اس استحصالی نظام کا اب ایک ہی حل بچا ہے اور وہ نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس کا قیام ہے۔ جب تک اختیارات اور وسائل نچلی سطح پر منتقل نہیں ہوں گے، شہر ترقی نہیں کرسکتا۔ مصطفیٰ کمال نے مزید کہا کہ ہماری یہ جدوجہد لسانیت کی بنیاد پر نہیں بلکہ انتظامی بنیاد پر ہے۔ آج اندرون سندھ کے حالات مزید ابتر ہیں جہاں مائیں اور بہنیں جوہڑوں سے پانی پینے پر مجبور ہیں۔ ہم شہری سندھ کے ساتھ ساتھ اندرون سندھ کے مظلوم عوام کو بھی اس ظالمانہ نظام سے نجات دلائیں گے۔ نوجوانوں کو پیغام دیتے ہوئے مصطفیٰ کمال نے کہا کہ ظلم پر خاموش رہنے والا سب سے بڑا ظالم ہے۔ نوجوانوں کو اب اپنے حقوق کے لیے بیدار ہونا ہوگا۔ یہ سیاست اور عہدوں کی جنگ نہیں ہے، میں ایسی ہر وفاقی وزارت پر لعنت بھیجتا ہوں جہاں میرے شہر کے بچے گٹروں میں گر کر مر رہے ہوں۔ ہماری یہ جدوجہد آئندہ آنے والی نسلوں کے محفوظ مستقبل کے لیے ہے۔ سید مصطفیٰ کمال نے خطاب کے آخر میں نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ اس شعور کو اپنے گھروں، محلوں، درسگاہوں اور کام کی جگہوں تک پھیلائیں تاکہ ایک منظم اور پرامن جدوجہد کے ذریعے کراچی اور اس صوبے کے باسیوں کو ان کا چھنا ہوا حق واپس دلایا جاسکے۔ اجتماع میں موجود ہزاروں نوجوانوں نے فلک شگاف نعروں کے ساتھ سید مصطفیٰ کمال کی تائید کی اور نئے صوبے کے مطالبے پر بھرپور عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ 36

ذرائع کے مطابق وفاقی دارالحکومت کے مختلف راستوں پر ایک ہزار سے زائد کنٹینرز لگادیے گئے۔ شہر کے اندر بھی ایک ہزار کنٹینرز پہنچا دیے گئے ہیں۔ پنجاب بھر میں دفعہ 144 نافذ کردی گئی جبکہ امن امان کے قیام کو یقینی بنانے کے لیے رینجرز طلب کرلی گئی ہے۔ موٹروے ایم ٹو پر اسلام آباد کے لیے مال بردار اور بڑی گاڑیوں کے داخلے پر پابندی لگادی گئی۔ ایم 14 اور پشاور موٹروے بھی ٹریفک کے لیے بند کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ پنجاب حکومت نے 27 ستمبر سے موبائل اور انٹرنیٹ سروس سست کرنے کی درخواست بھی کردی ہے۔

بقیہ 37

خٹک نے اپوزیشن جماعتوں کو اسمبلیوں سے مستعفی ہوجانے کی تجویز دے دی۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے شاہد خٹک نے کہا کہ اراکین پارلیمنٹ کو اٹھا کر بے توقیری کی جارہی ہے اور خیبر پختونخوا سے بھی ہمارے صوبائی اسمبلی کے اراکین کو اغوا کیا جارہا ہے۔

بقیہ 38

شناخت کا ایک اہم اور خوبصورت حصہ ہے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پشتون ثقافت میں مہمان نوازی، رواداری، بہادری، بھائی چارے اور انسان دوستی کی اعلیٰ روایات نمایاں ہیں، جنہوں نے معاشرے کی تشکیل اور اجتماعی اقدار کے فروغ میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان مختلف اقوام، زبانوں اور ثقافتوں کا حسین امتزاج ہے اور یہی ثقافتی ولسانی تنوع صوبے کی اصل خوبصورتی اور قوت ہے۔ تمام اقوام اپنی منفرد ثقافتی شناخت کے ساتھ بلوچستان کی اجتماعی پہچان کو مزید مضبوط بناتی ہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ پشتون برادری نے بلوچستان کی سماجی، ادبی، سیاسی اور معاشی ترقی میں اہم کردار ادا کیا ہے، جسے قدر واحترام کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ثقافتی ورثے کا تحفظ نئی نسل کو اپنی تاریخ، اقدار اور شناخت سے جوڑنے کا اہم ذریعہ ہے۔ ہماری ذمہ داری ہے کہ اپنی ثقافتوں، زبانوں اور روایات کو محفوظ بنائیں اور انہیں آنے والی نسلوں تک منتقل کریں انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں بسنے والی تمام اقوام کی ثقافتیں اور زبانیں صوبے کے مشترکہ ثقافتی ورثے کا حصہ ہیں۔ تمام ثقافتوں، زبانوں اور روایات کا احترام اور فروغ ہماری مشترکہ ذمہ داری ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ پشتون کلچر ڈے نہ صرف پشتون ثقافت اور روایات کو اجاگر کرنے کا موقع ہے بلکہ امن، بھائی چارے، باہمی احترام اور رواداری کے فروغ کا بھی پیغام ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے پشتون کلچر ڈے کے موقع پر پشتون برادری کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کی تمام اقوام باہمی احترام، ہم آہنگی اور بھائی چارے کے ساتھ صوبے کی ترقی اور خوشحالی میں اپنا کردار جاری رکھیں۔

بقیہ 39

نے توشہ خانہ مینجمنٹ اینڈ ریگولیشن رولز 2026 کا نوٹیفکیشن جاری کردیا۔ اسلام آباد سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق وزیراعظم اور صدر کے سوا تحائف وصول کرنے پر حوصلہ شکنی ہوگی، توشہ خانہ میں موجود اور موصول ہونے والے تمام تحائف کی نیلامی ہوگی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق نیلامی کی رقم پسماندہ علاقوں میں بچیوں کی تعلیم پر خرچ ہوگی، ہر مالی سال توشہ خانہ میں موصول تمام تحائف کا تھرڈ پارٹی آڈٹ ہوگا۔ تمام تحائف کھلی عوامی نیلامی میں فروخت ہوں گے، ثقافتی، تاریخی اور سفارتی حساس تحائف نیلام نہیں ہوں گے۔ نیلامی سال میں 2 بار ترجیحا اور کم از کم ایک بار ضرور ہوگی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق سرکاری عہدیداران اور ان کے خاندان نیلامی میں حصہ نہیں لے سکیں گے، سیٹ کی صورت میں تحائف کو الگ الگ فروخت نہیں کیا جائے گا۔ نیلامی کی براہ راست میڈیا کوریج ہوگی، تحائف سے متعلق فیصلوں کیلئے سیکریٹری کابینہ کی سربراہی میں کمیٹی قائم ہوگی، کمیٹی میں خزانہ، خارجہ، قانون اور ثقافت ڈویژن کے ایڈیشنل سیکریٹریز شامل ہوں گے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق کمیٹی فیصلہ کرے گی کون سے تحائف نیلام اور کون سے تاریخی حیثیت رکھتے ہیں، سفارتی آداب پر تحفہ لینا ناگزیر ہو تو توشہ خانہ میں جمع کرانا ہوگا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ملنے والا تحفہ 30 دن کے اندر جمع کرانا لازم ہوگا، بیرون ملک دورے کی صورت میں واپسی کے 30 دن میں تحفہ جمع کرانا ہوگا، الگ جہاز سے آنے والے تحفے کے لیے 60 دن کی مہلت ہوگی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق گریڈ 1 سے 4 کے ملازمین نقد انعام رکھ سکیں گے، مقررہ مدت میں تحفہ جمع نہ کرانے پر عدالت میں شکایت درج ہوگی، تحائف کی مارکیٹ ویلیو ایف بی آر اور نجی تخمینہ کار طے کریں گے۔ دونوں قیمتوں میں 25 فیصد سے زیادہ فرق پر تیسرے تخمینہ کار کی رائے حتمی ہوگی، اے آئی کو بھی حوالہ قیمت کے لیے استعمال کیا جاسکے گا، ہتھیاروں کی قیمت پی او ایف واہ طے کرے گی، تحائف کی حفاظت گریڈ 20 کے افسر کے سپرد ہوگی، توشہ خانہ اسٹور روم میں سی سی ٹی وی اور تالہ بندی لازمی قرار دے دی گئی ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق تمام تحائف کا ریکارڈ اور تصویر ویب پورٹل پر شائع کی جائے گی، تحفہ دینے والی شخصیت اور ملک کا نام ظاہر نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ 40

سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا کہ کابینہ کی منظوری کے بعد صوبے کے مختلف شہروں میں مرحلہ وار نئی الیکٹرک بسیں چلائی جائیں گی۔ سندھ حکومت پبلک ٹرانسپورٹ کے نظام کو مزید وسعت دے رہی ہے۔ شرجیل انعام میمن کے مطابق سندھ حکومت کی ترجیح ہے کہ جدید پبلک ٹرانسپورٹ کی سہولت صرف کراچی تک محدود نہ رہے، اسی مقصد کے تحت پیپلز بس سروس کے دائرہ کار کو مسلسل بڑھایا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نئے روٹس متعارف کرانے کا مقصد شہریوں کو سستی اور بہتر سفری سہولت فراہم کرنا ہے۔ 50 ڈبل ڈیکر بسیں 30 نومبر تک سندھ پہنچ جائیں گی جنہیں مختلف روٹس پر چلایا جائے گا۔ سینئر وزیر نے کہا کہ ڈبل ڈیکر بسوں کی آمد سے مسافروں کو اضافی سفری گنجائش میسر آئے گی۔ قمبر شہدادکوٹ میں پیپلز بس سروس کے آغاز کو عوام کی جانب سے بھرپور پذیرائی مل رہی ہے۔ شرجیل انعام میمن نے کہا کہ قمبر، شہدادکوٹ اور دیگر علاقوں کے شہری جدید بس سروس کو سراہ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ الیکٹرک بسوں کا منصوبہ سندھ کے پبلک ٹرانسپورٹ نظام میں ایک اہم اضافہ ہوگا، جبکہ نئی الیکٹرک بسیں شہری علاقوں میں ٹرانسپورٹ کے بڑھتے ہوئے مسائل کے حل میں بھی معاون ثابت ہوں گی۔

بقیہ 41

پر مسافروں کی سہولت، شجرکاری اور پینے کے پانی کی فراہمی کے لیے مؤثر اقدامات اٹھانے کی ہدایت کردی۔ سماعت کے دوران عدالت کے حکم مورخہ 09 اپریل 2026 کی تعمیل میں این ایچ اے بلوچستان کے ممبر (ویسٹ زون) بشارت حسین عدالت میں پیش ہوئے۔ انہوں نے عدالت کو بتایا کہ چیئرمین این ایچ اے کا حال ہی میں تبادلہ ہوچکا ہے اور اس وقت چیئرمین کا عہدہ خالی ہے۔ انہوں نے N-50 اور N-25 پر جاری ترقیاتی کاموں کی فزیکل پیشرفت سمیت عدالت کی جانب سے مختلف تاریخوں میں جاری کیے گئے احکامات اور ہدایات پر عملدرآمد سے متعلق جامع رپورٹ پیش کرنے کے لیے مزید مہلت طلب کی۔ دوران سماعت عدالت نے مشاہدہ کیا کہ دونوں مجوزہ ریسٹ ایریاز کے درمیان خاصا طویل فاصلہ موجود ہے، جس کے باعث قومی شاہراہوں پر مسافروں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے مزید اقدامات کی ضرورت ہے۔ عدالت نے ہدایت کی کہ شاہراہوں کے ساتھ شمسی توانائی سے چلنے والے ٹیوب ویل نصب کیے جائیں تاکہ سڑک کے دونوں اطراف شجرکاری کو یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ مسافروں اور مقامی آبادی کے لیے پینے کے صاف پانی کی سہولت بھی دستیاب ہوسکے۔ عدالت نے مزید ہدایت کی کہ مناسب مقامات پر مسافروں کے آرام اور نماز کے لیے الگ جگہ مختص کی جائے اور ان تمام سہولیات کو ایسے انداز میں فراہم کیا جائے کہ معاشرے کے پسماندہ طبقات اور بالخصوص دور دراز علاقوں کے رہائشی بھی ان سے مستفید ہوسکیں۔ عدالت نے یہ بھی حکم دیا کہ جہاں جہاں مذکورہ منصوبہ جاری ہے وہاں شمسی توانائی سے چلنے والے ٹیوب ویلز کی تنصیب، پینے کے پانی کی سہولیات اور شجرکاری کا کام ترجیحی بنیادوں پر شروع کیا جائے۔ اس مقصد کے لیے ایک مناسب، جامع اور قابل عمل پالیسی گائیڈ لائن بھی مرتب کی جائے، تاکہ مجوزہ ٹیوب ویلز اور ریسٹ ایریاز سے ملحقہ اراضی کو مناسب شرائط کے تحت کرائے یا لیز پر دینے سمیت مسافروں کی ضروریات کے مطابق چھوٹے کاروباری مراکز اور دیگر ضروری سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جاسکے۔ عدالت نے قرار دیا کہ قومی شاہراہوں پر مذکورہ بنیادی سہولیات کی فراہمی سے نہ صرف مسافروں کو سہولت حاصل ہوگی بلکہ علاقے کے عوام، بالخصوص پسماندہ اور دور دراز علاقوں کے لوگوں کی ضروریات بھی پوری ہوسکیں گی۔ عدالت نے حکم دیا کہ فیصلے کی نقل ایڈیشنل اٹارنی جنرل، ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل اور این ایچ اے کے وکیل کے دفاتر کے ذریعے متعلقہ حکام کو معلومات اور عملدرآمد کے لیے ارسال کی جائے۔ عدالت نے کیس کی مزید سماعت کے لیے 23 نومبر 2026 کی تاریخ مقرر کردی۔

بقیہ 42

نے شہر کے داخلی راستے بند کرنے اور مظاہرین سے نمٹنے کیلئے ضروری سامان کی فہرست تیار کرلی۔ اسلام آباد پولیس کے مطابق شہر کے انٹری پوائنٹس بند کرنے کیلئے 210 کنٹینرز درکار ہوں گے، جبکہ دو لاکھ سے زائد ریت کی بوریاں بھی منگوالی گئی ہیں۔ پولیس نے ایک لاکھ 10 ہزار آنسو گیس شیل کا انتظام کرلیا ہے، جبکہ آنسو گیس شیل فائر کرنے والی 1300 گنز پہلے سے موجود ہیں اور مزید 500 گنز کا آرڈر دیا گیا ہے۔ کنٹینرز لگانے اور ہٹانے کیلئے اسلام آباد پولیس کے پاس 22 کرینیں بھی دستیاب ہیں۔ پولیس کے مطابق ریڈ زون اور ایکسٹینڈڈ ریڈ زون میں پہلے ہی سیکورٹی ہائی الرٹ ہے، جبکہ ریڈ زون جانے والے تین راستے سیل کردیئے گئے ہیں۔ لانگ مارچ کے پیش نظر دوسرے صوبوں سے پولیس کی نفری بھی اسلام آباد پہنچ چکی ہے۔

بقیہ 43

بچوں سمیت 103 غیر قانونی مقیم افغان باشندوں کو حراست میں لے لیا۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق گرفتار افغان باشندوں کو قانونی کارروائی کیلئے پولیس کے حوالے کر دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق گرفتار افغانی انسانی اسمگلرز کے ذریعے براستہ پاکستان، ایران اور یورپ جانے کی کوشش کر رہے تھے۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق ایک ہفتے میں زیر حراست غیر قانونی مقیم افغان باشندوں کی تعداد 129 ہوگئی ہے۔

گنداخلہ، گورنمنٹ بوائز ہائی سکول الاہی بخش جمالی کے طلباء میں یونیفارم اور دیگر سامان تقسیم کیا گیا

مصنوعی سیاسی بندوبست عوامی مسائل کا متبادل نہیں ہو سکتا مولانا واسع

جمعیت علماء اسلام بلوچستان کی محض ایک سیاسی جماعت نہیں بلکہ صوبے کی سیاسی جدوجہد، عوامی حقوق اور جمہوری مزاحمت کی مضبوط اور توانا آواز ہے

عوامی مینڈیٹ کو نظرانداز کر کے تشکیل دیا جانے والا کوئی بھی سیاسی بندوبست دیرپا استحکام کی ضمانت نہیں بن سکتا

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ جمعیت علماء اسلام بلوچستان کی محض ایک سیاسی جماعت نہیں بلکہ صوبے کی سیاسی جدوجہد، عوامی حقوق اور جمہوری مزاحمت کی مضبوط اور توانا آواز ہے، جس نے ہر دور میں (بقیہ نمبر 1 صفحہ 2 پر)

خاران، دو سرکاری محافظ یوسف فقیر اور ڈرائیور پیرک خان بازیاب ہوگئے

خاران (محمد عیسیٰ محمد حسنی) گزشتہ روز کوئٹہ سے خاران آتے ہوئے ڈپٹی کمشنر خاران منیر احمد سومرو کے ہمراہ اغوا ہونے والے اُن کے دو سرکاری محافظ یوسف فقیر اور ڈرائیور پیرک خان بازیاب ہوگئے جبکہ ڈپٹی کمشنر خاران منیر احمد سومرو اور اُن کے ہمراہ ایک اور شخص تاحال بازیاب نہیں ہوئے ہیں۔

پشتون ثقافت بلوچستان کے تاریخی، تہذیبی اور ثقافتی ورثے کا اہم حصہ ہے، ظہور بلیدی

پشتون ثقافت اپنی شاندار روایات، مہمان نوازی، رواداری اور بھائی چارے کے حوالے سے منفرد مقام رکھتی ہے

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور احمد بلیدی نے پشتون کلچر ڈے کے موقع پر پشتون برادری کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ پشتون ثقافت بلوچستان کے تاریخی، تہذیبی اور ثقافتی ورثے کا اہم حصہ ہے۔ اپنے پیغام میں میر ظہور احمد بلیدی نے کہا کہ (بقیہ نمبر 2 صفحہ 2 پر)

تربت، فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق

تربت (یو این اے) کلاتک کے علاقے اللہ بخت میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہو گیا۔ مقتول کی شناخت عبیداللہ ولد ابراہیم کے نام سے ہوئی ہے عبیداللہ کو تین موٹر سائیکلوں پر سوار چھ نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کا نشانہ بنایا، جس کے نتیجے میں وہ موقع پر ہی جاں بحق ہو گئے۔

گنداخلہ، ڈی ای او اوستہ محمد شبیر احمد لانگو کا ماڈل سکول باغ ٹیل کا اچانک دورہ، خستہ حال کلاس رومز کا معائنہ، تعلیمی و انتظامی امور کا جائزہ لیا

ڈی ای او اوستہ محمد کا ماڈل سکول باغ ٹیل کا اچانک دورہ

خستہ حال کلاس رومز کا معائنہ، تعلیمی و انتظامی امور کا جائزہ، اساتذہ کی خدمات قابلِ تحسین ہیں، شبیر احمد لانگو

گنداخہ: (نامہ نگار) ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر اوستہ محمد شبیر احمد لانگو نے مڈل سکول باغ ٹیل کا اچانک انتظامی دورہ کیا، جہاں انہوں نے سکول کی تعلیمی و انتظامی صورتحال، کلسٹر کے سامان، سکول بلڈنگ اور کلاس رومز کا تفصیلی معائنہ کیا اور دستیاب تعلیمی سہولیات کا جائزہ لیا۔ (بقیہ نمبر 3 صفحہ 2 پر)

گورنمنٹ بوائز ہائی سکول کے طلبہ میں یونیفارم، تعلیمی اور اسپورٹس کا سامان تقسیم

اسکول میں سولر سسٹم کی تنصیب وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ہیڈ ماسٹر شاہین اسلم سمیجو

گنداخہ (نورحسن جمالی) گورنمنٹ بوائز ہائی سکول الاہی بخش جمالی میں ہیڈ ماسٹر شاہین اسلم سمیجو اور اسکول اسٹاف استاد ذوالفقار علی جمالی، استاد سید زاہد علی شاہ اور استاد یاسر علی (بقیہ نمبر 8 صفحہ 2 پر)

سریاب میں پرائس کنٹرول ٹیموں کی کارروائیاں

گرانفروشی اور روٹی کے مقررہ وزن میں کمی کے مرتکب 5 دکانداروں کو موقع پر ہی گرفتار کر کے جیل منتقل کر دیا

کوئٹہ (انور حسین بولانی) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کیپٹن (ر) مہراللہ بادینی کی خصوصی ہدایات پر عوام کو سرکاری نرخوں پر روٹی کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے ایسٹ ڈویژن سریاب میں پرائس (بقیہ نمبر 9 صفحہ 2 پر)

کوئٹہ آل پاکستان پی ٹی سی ایل پنشنرز ٹرسٹ اپیٹ کوئٹہ ریجن کا اجلاس کے موقع پر سید امین شاہ امیر بخش بگٹی اور دین محمد گشکوری کی وفات پر فاتحہ خوانی کی جا رہی ہے

مرزا شجاعت محمود کی زیر صدارت پنشنرز ٹرسٹ اپیٹ کوئٹہ ریجن کا اجلاس

سالانہ 4.5 فیصد اضافہ اس مہنگائی کے دور میں آٹے میں نمک کے برابر ہے

کوئٹہ (پ ر) آل پاکستان پی ٹی سی ایل پنشنرز ٹرسٹ اپیٹ کوئٹہ ریجن کا اجلاس چیئرمین محترم مرزا شجاعت محمود کی صدارت میں ہوا۔ اجلاس کی کارروائی وائس پریزیڈنٹ (بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر)

بلوچستان مختلف اقوام، زبانوں اور ثقافتوں کا خوبصورت گلدستہ ہے، مینا مجید

صوبے کی ترقی، امن اور خوشحالی میں پشتون عوام کا کردار قابلِ قدر ہے، صوبائی مشیر کھیل

کوئٹہ (خ ن) پشتون کلچر ڈے کے موقع پر صوبائی مشیر کھیل و امور نوجوانان محترمہ مینا مجید بلوچ کی پاکستان سمیت دنیا بھر میں آباد تمام پشتون بہن بھائیوں کو دلی مبارکباد (بقیہ نمبر 11 صفحہ 2 پر)

کوئٹہ، ڈپٹی کمشنر مہراللہ بادینی کی خصوصی ہدایت پر اسپیشل مجسٹریٹ سریاب عزاللہ مشرقی بائی پاس پر گرانفروں کے خلاف کارروائی کر رہے ہیں

دہشتگرد امن و استحکام کو نقصان پہنچانے کے مذموم عزائم میں کامیاب نہیں ہو سکتے، ہدایت

صوبے کے امن، عوام کے جان و مال کے تحفظ اور ریاستی رٹ کے قیام کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے

بلوچستان سے آخری دہشت گرد کے خاتمے تک سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری رہیں گی، معاون وزیر اعلیٰ

کو (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے مستونگ کے علاقے کنک وادی میں سیکیورٹی فورسز کی جانب سے فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ سیکیورٹی (بقیہ نمبر 17 صفحہ 2 پر)

قلات، نامعلوم افراد نے ایمبولینس چھین لی

قلات (این این آئی) قلات کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد نے ایدھی کی ایمبولینس چھین لی۔ ایدھی ذرائع کے مطابق بدھ کو قلات کے علاقے گیڈر میں نامعلوم مسلح افراد نے خاتون کی میت چھوڑ کر واپس آنے والی ایدھی کی ایمبولینس نمبر ای اے 2008 چھین لی اور ڈرائیور کو تشدد کا نشانہ بنایا اور موقع سے فرار ہو گئے۔

بسیمہ، نامعلوم شخص کی لاش برآمد

بسیمہ (یو این اے) بسیمہ کے علاقے دالی سے ایک نامعلوم شخص کی لاش برآمد ہوئی ہے۔ پولیس نے لاش کو شناخت کے لیے سول ہسپتال بسیمہ منتقل کر دیا، جہاں اسے رکھا گیا ہے۔ ہسپتال ذرائع کے مطابق نامعلوم شخص کو گولیاں مار کر قتل کیا گیا ہے، جبکہ مقتول کی شناخت تاحال نہیں ہو سکی۔ لاش کو شناخت کے لیے سول ہسپتال بسیمہ میں رکھا گیا ہے

مراکز صحت کو مزید فعال بنانے کے لیے اقدامات جاری ہیں، ڈاکٹر یاسر طاہر

دستیاب وسائل کے اندر رہتے ہوئے صحت کی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کی کوششیں جاری ہیں

گوادر (خ ن) ضلعی آفیسر صحت گوادر ڈاکٹر یاسر طاہر بلوچ سے رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ کے معاون خصوصی وسیم صمد نے جیونی کے معتبرین اورنگزیب اور عزیز کے ہمراہ ملاقات کی اور آر ایچ سی جیونی کو درپیش مسائل، خصوصاً خراب ایکسرے مشین، پانی کی (بقیہ نمبر 18 صفحہ 2 پر)

کلسٹر بجٹ کے تحت گورنمنٹ بوائز ہائی سکول میں تقریب کا انعقاد

تعلیم کے ساتھ ساتھ کھیلوں کی سرگرمیاں بھی طلباء کی جسمانی و ذہنی نشوونما میں اہم کردار ادا کرتی ہیں، نصراللہ

جعفرآباد (مقصود احمد مہر) 2026ء کو کلسٹر بجٹ 2025-26 کے تحت گورنمنٹ بوائز ہائی سکول روجھان جمالی، ضلع جعفرآباد میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کے دوران ہیڈ ماسٹر نصراللہ خاراتی نے سکول کی کرکٹ اور فٹبال ٹیموں کے کھلاڑیوں میں (بقیہ نمبر 19 صفحہ 2 پر)

ثقافت قوم کی شناخت، اجتماعی یادداشت اور تاریخی تسلسل کی علامت ہوتی ہے گورنر بلوچستان

آج انفارمیشن ٹیکنالوجی اور جدید مواصلاتی ذرائع نے دنیا کو ایک دوسرے کے مزید قریب لا کر عالمی تہذیب کے ارتقا کی رفتار کو کئی گنا تیز کر دیا

نوجوان اپنی تاریخ سے روشنی، اپنی ثقافت سے شناخت، علم سے طاقت اور اپنے مستقبل سے امید حاصل کریں، جعفر خان مندوخیل

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے پشتون کلچر ڈے کے موقع پر پوری پشتون قوم بالخصوص نوجوانوں کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ وہ اپنی تاریخ سے روشنی، اپنی ثقافت سے شناخت، علم سے طاقت اور اپنے مستقبل سے امید حاصل کریں۔ ہمیں ایسا معاشرہ تشکیل دینا ہے جہاں اپنی ثقافتی جڑوں سے وابستگی اور جدید دنیا کے تقاضوں سے ہم آہنگی ایک دوسرے کی ضد نہ ہوں بلکہ ایک دوسرے کی تکمیل بنیں۔ انسانی تہذیب کا سفر دراصل انسان کی مسلسل تخلیقی، فکری اور سماجی ترقی کی داستان ہے۔ لفظ کلچر کی جڑیں لاطینی زبان کے لفظ کلتور سے وابستہ ہیں، جس کا بنیادی (بقیہ نمبر 23 صفحہ 2 پر)

ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

حقوق کے حصول کیلئے ہر سطح پر عوامی، مذاہمتی جدوجہد جاری رہے گی ہدایت الرحمن بلوچ

بلوچستان کو حقوق، عزت دینے وسائل پر دسترس سے مسائل و مشکلات میں کمی آ سکتی ہے طاقت کے استعمال کی بجائے مذاکرات بہترین راستہ ہے

اگر وزیر اعظم شہباز شریف نے حافظ نعیم الرحمٰن سے وعدہ خلافی کی تو جماعت اسلامی کا لانگ مارچ دوبارہ وہیں سے شروع ہوگا

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا کہ مسائل کے حل، حقوق کے حصول کیلئے ہر سطح پر عوامی، مذاہمتی جدوجہد جاری رہے گی عوام کی امیدیں جماعت اسلامی سے ہے۔ بلوچستان کو حقوق، عزت دینے (بقیہ نمبر 4 صفحہ 2 پر)

پہلا آل گدر سوراب بابا میر یاسین جان رودینی و بابا میر غوث بخش رودینی فٹبال ٹورنامنٹ

جان مینگل فٹبال کلب سوراب کو صفر کے مقابلے میں تین گول سے شکست دے کر ٹورنامنٹ کا فاتحانہ آغاز کیا

سوراب (سراج ریکی) پہلا آل گدر سوراب بابا میر یاسین جان رودینی و بابا میر غوث بخش رودینی فٹبال ٹورنامنٹ کا شاندار افتتاحی تقریب رودینی گدر میں منعقد ہوئی، جس میں فٹبال شائقین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ افتتاحی میچ میں سالانی فٹبال کلب گدر نے شاندار کھیل کا (بقیہ نمبر 5 صفحہ 2 پر)

اسکولوں میں حاضری کی مؤثر نگرانی یقینی بنائی جائے، نقیب اللہ کاکڑ

کسی بھی اسکول میں اساتذہ کی کمی یا غیر حاضری کے باعث تدریسی سرگرمیاں متاثر نہیں ہونی چاہئیں

گوادر (خ ن) ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ڈاکٹر عبدالشکور، ضلعی افسر تعلیم زاہد حسین بلوچ، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر فیمیل زرا خاتون، گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج کی پرنسپل سین (بقیہ نمبر 6 صفحہ 2 پر)

ڈی ای او اوستہ محمد کا ماڈل سکول باغ ٹیل کا اچانک دورہ

خستہ حال کلاس رومز کا معائنہ، تعلیمی و انتظامی امور کا جائزہ، اساتذہ کی خدمات قابلِ تحسین ہیں، شبیر احمد لانگو

گنداخہ: (نامہ نگار) ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر اوستہ محمد شبیر احمد لانگو نے مڈل سکول باغ ٹیل کا اچانک انتظامی دورہ کیا، جہاں انہوں نے سکول کی تعلیمی و انتظامی صورتحال، کلسٹر کے سامان، سکول بلڈنگ اور کلاس رومز کا تفصیلی معائنہ کیا اور دستیاب تعلیمی سہولیات کا جائزہ لیا۔ (بقیہ نمبر 7 صفحہ 2 پر)

☆☆☆ حب، کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء انسداد اسمگلنگ کے حوالے سے سیکورٹی اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں ☆☆☆

گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول کی سراضی پر ناجائز قبضے اور غیر قانونی تعمیرات کے خلاف کارروائی

اورماڑہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ کی ہدایات اور اسسٹنٹ کمشنر اورماڑہ ڈاکٹر ماہ نور برکت کی نگرانی میں تحصیلدار اورماڑہ نور خان بلوچ نے گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول کوہ بن محلّہ کی سرکاری اراضی پر ناجائز قبضے اور غیر قانونی تعمیرات کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے اسکول کی زمین پر قائم غیر قانونی چار دیواری مسمار کر کے اراضی کرالی۔ سرکاری و تعلیمی اداروں کی اراضی کو تجاوزات سے محفوظ رکھنے اور غیر قانونی قبضوں کی روک تھام کے لیے انتظامیہ کی جانب سے مؤثر اقدامات کا سلسلہ جاری رکھنے پر زور دیا گیا

سعودی عرب کا قومی دن پاک سعودی برادرانہ تعلقات کی تجدید کا موقع ہے، سیدال خان ناصر

کوئٹہ+اسلام آباد (این این آئی) قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے مملکت سعودی عرب کے 96ویں قومی دن کے موقع پر خادم حرمین شریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز آل سعود، ولی عہد و وزیر اعظم شہزادہ محمد بن سلمان بن عبدالعزیز آل سعود، سعودی قیادت اور عوام کو دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے تہنیتی پیغام میں انہوں نے کہا کہ سعودی عرب کا قومی دن سعودی قوم کی قومی یکجہتی، ترقی اور کامیابیوں کے سفر کی عکاسی کرتا ہے۔

بلوچستان میں پاکستان نیوی اور کوسٹ گارڈز کی کارروائی اسمگلنگ ناکام بنا دیا

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کے علاقے پشوکان میں پاکستان نیوی اور پاکستان کوسٹ گارڈز نے مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے ممنوعہ اشیا کی اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنا دی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق کارروائی پاکستان نیوی اور پاکستان کوسٹ گارڈز نے جوائنٹ میری ٹائم انفارمیشن کوآرڈینیشن سینٹر کے اشتراک سے کی۔ آپریشن کے دوران بھاری مقدار میں شراب اور غیر قانونی ادویات پر مشتمل کھیپ ضبط کر لی گئی

27 ستمبر سے قبل مسافر کوچز کی بندش ظالمانہ اقدام ہے۔ ٹرانسپورٹرز

قومی شاہراہوں پر فوری طور پر آمد و رفت بحال کی جائے، ظاہر شاہ کاکڑ

کوئٹہ (پ ر) پنجاب خیبر پختونخوا بس یونین کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات ظاہر شاہ کاکڑ نے 27 ستمبر کے ممکنہ لانگ مارچ کے پیش نظر کوئٹہ سے خیبر پختونخوا جانے والی مسافر کوچز، بسوں اور دیگر گاڑیوں کی بندش اور انہیں ژوب کے قریب علاقے طور ناصر میں مسافروں سمیت روکے جانے کے اقدام کو ظالمانہ اور شدید قابلِ مذمت (بقیہ نمبر 12 صفحہ 2 پر)

شہریوں کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑیں گے، محمد علی جمالی

جرائم کی روک تھام اور امن و امان کے قیام میں عوام کا تعاون انتہائی اہم ہے

گنداخہ (نورحسن جمالی) گنداخہ کی تاریخ میں پہلی بار ڈی ایس پی سرکل/ایس ڈی پی او گنداخہ محمد علی جمالی اور ایس ایچ او گنداخہ حاجی خان لاشاری کی جانب سے شہر کی تاجر (بقیہ نمبر 13 صفحہ 2 پر)

پرائیویٹ اسکول ایسوسی ایشن کو منظم اور فعال بنانے کی ضرورت ہے، تابش علی بلوچ

ضلع کیچ کے تمام نجی اسکولوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانا ضروری ہے

تربت (خ ن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کیچ تابش علی بلوچ کی زیر صدارت ڈپٹی کمشنر آفس تربت میں پرائیویٹ اسکول ایسوسی ایشن کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کیچ امجد شہزاد، ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن فیمیل شاہستہ حاصل، پرائیویٹ اسکول (بقیہ نمبر 14 صفحہ 2 پر)

میونسپل کمیٹی وندر نے کتا مار مہم کا آغاز کر دیا

شہری اپنے علاقوں میں آوارہ کتوں کی موجودگی کی اطلاع میونسپل کمیٹی وندر کو دیں، میونسپل کمیٹی

سونمیانی وندر (زبیر بلوچ) میونسپل کمیٹی وندر نے کتا مار مہم کا آغاز کر دیا۔ چیئرمین میونسپل کمیٹی وندر امام بخش برہ، وائس چیئرمین عبدالحمید رونجہ، چیف آفیسر عبدالبصیر خان مندوخیل، سیکریٹری عنایت اللہ راٹھوڑ کی نگرانی میں میونسپل کمیٹی کا عملہ گزشتہ دو روز سے وندر شہر کے مختلف (بقیہ نمبر 15 صفحہ 2 پر)

بھرتی کے تمام مراحل شفاف انداز میں مکمل کیے جائیں، ولی محمد بڑیچ

تمام امیدواروں کو میرٹ اور مقررہ قواعد و ضوابط کے مطابق یکساں مواقع فراہم کیے جائیں

لورالائی (خ ن) کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ کی نگرانی میں محکمہ صحت کے تحت کنٹریکٹ کی بنیاد پر خالی آسامیوں پر ڈاکٹروں کے انٹرویوز کا عمل دوسرے روز بھی جاری رہا۔ انٹرویوز کے دوران لورالائی ڈویژن کے مختلف اضلاع سے تعلق رکھنے والے سینکڑوں امیدواروں نے شرکت کی ان آسامیوں میں میڈیکل آفیسرز اور ڈینٹل سرجنز کی خالی نشستیں شامل ہیں، جن (بقیہ نمبر 16 صفحہ 2 پر)

دہشتگردی کے مکمل خاتمے اور عوام کے تحفظ کیلئے پرعزم ہیں بابر یوسفزئی

قوم اپنے بہادر جوانوں کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ بلوچستان میں امن و استحکام کے لیے سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں قابلِ قدر ہیں

مستونگ میں سیکورٹی فورسز کی بروقت کارروائی قابلِ تحسین ہے، دہشتگردی کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی

کوئٹہ (یو این اے) معاون خصوصی وزیر داخلہ بلوچستان بابر یوسفزئی نے کہا ہے کہ مستونگ کے علاقے کنک وادی میں سیکورٹی فورسز کی بروقت اور مؤثر کارروائی قابلِ تحسین ہے۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق کنک وادی میں کارروائی کے دوران 9 دہشتگرد ہلاک کیے گئے، جو دہشتگردی کے خلاف جاری کارروائیوں میں اہم پیش رفت ہے۔ دہشتگردوں کی جانب سے سیکورٹی چوکی پر حملے کی کوشش کو سیکورٹی (بقیہ نمبر 25 صفحہ 2 پر)

باشعور قومیں ثقافتی روایتی اقدار اور تاریخی ورثے کا تحفظ کرتی ہیں نسیم الرحمان

پشتون ثقافت، بہادری، غیرت، مہمان نوازی، پشتونوالی، امن پسندی، محبت اور ایثار جیسی شاندار تاریخ سے عبارات ہے

پشتون ثقافت کا اپنا رنگ ہے اور اس کے طور طریقوں میں محبت، بھائی چارہ، انکساری اور رواداری کا درس ملتا ہے

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمان خان ملاخیل نے پشتون کلچرل ڈے کے موقع پر اپنے پیغام میں تمام پشتون اقوام کو مبارکباد و نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ زندہ اور باشعور قومیں ثقافتی و روایتی اقدار اور تاریخی ورثے کا تحفظ کرتی (بقیہ نمبر 24 صفحہ 2 پر)

سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ اور پولیس کی تحصیل پسنی میں گداگری کے خلاف کارروائی

پسنی (خ ن) ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر مکران ڈویژن عیسیٰ خان کی ہدایت پر سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ اور پولیس نے تحصیل پسنی میں گداگری کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے مختلف مقامات کا معائنہ کیا اور گداگری میں ملوث افراد کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی گئی کارروائی کے دوران عوامی مقامات، بازاروں اور دیگر اہم مقامات پر گداگری کی روک تھام کے لیے نگرانی کی گئی، جبکہ متعلقہ افراد کو گداگری سے اجتناب اور قانون کی پابندی کی ہدایت کی گئی سوشل ویلفیئر حکام کے مطابق گداگری کی حوصلہ شکنی، عوامی مقامات پر شہریوں کے لیے بہتر ماحول کی فراہمی اور معاشرے کے مستحق افراد کو فلاحی و سماجی معاونت سے منسلک کرنے کے لیے ایسی کارروائیاں آئندہ بھی جاری رکھی جائیں گی۔

سینئر صحافی سید عابد بخاری انتقال کر گئے

کوئٹہ (این این آئی) سینئر صحافی و روزنامہ سینچری ایکسپریس کے نیوز ایڈیٹر سید عابد بخاری انتقال کر گئے۔ مرحوم سید شاہد پرویز کے صاحبزادے، روزنامہ مشرق کوئٹہ کے نیوز ایڈیٹر سید حامد بخاری، سید زاہد بخاری، سید ساجد بخاری، سید طاہر بخاری اور سید جہانگیر بخاری کے بھائی، سید عزیر بخاری کے والد جبکہ حاجی اسد اور حاجی عاصم کے برادرِ نسبتی تھے۔ مرحوم کی فاتحہ خوانی عثمانیہ مسجد، فقیر محمد روڈ پر جاری ہے۔

پشتونخوامیپ کا سینئر صحافی عابد بخاری کے انتقال پر افسوس کا اظہار

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوامیپ کے صوبائی پریس ریلیز میں روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ کے نیوز ایڈیٹر سینئر صحافی سید عابد بخاری کی وفات پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت اور پسماندگان کو صبر جمیل عطاء فرمانے کی دعا کی گئی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ سید عابد بخاری ایک سینئر اور خوش اخلاق، ملنسار اور شفیق انسان تھے

پبلشر نذیر احمد نے سعید پرنٹنگ پریس مندوخیل پلازہ مشن روڈ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ گوادر بزنس کوئٹہ یونیورسل کمپلیکس آفس نمبر 10 فیز 1 انڈرگراؤنڈ کالون روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
فون نمبر 0302-3883703
اسلام آباد بیورو چیف 0300-9731626

قرآن سے وابستگی ہی ہماری دینی و اخروی کامیابی کی ضمانت ہے، مولانا عبدالعزیز

قرآنِ پاک اللہ تعالیٰ کی آخری کتاب اور پوری انسانیت کے لیے ہدایت و رہنمائی کا سرچشمہ ہے

خالق آباد منگچر (نامہ نگار) خالق آباد منگچر مدرسہ دارالعلوم حمیدیہ خالق آباد منگچر کے زیرِ اہتمام پروقار جلسہ دستارِ فضیلت کا انعقاد کیا گیا، جس میں علماء کرام، مشائخ عظام، طلبہ اور اہلِ علاقہ نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ جلسے سے خطاب کرتے ہوئے شیخ الحدیث (بقیہ نمبر 20 صفحہ 2 پر)

تمام فیلڈ پروجیکٹس کی کڑی مانیٹرنگ کی جائے، خالد شمس

نئے ضلع کی تعمیر و ترقی اور پبلک سروس ڈیلیوری کے نظام کو مثالی بنانا انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے

برشور (خ ن) ڈپٹی کمشنر برشور فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) خالد شمس کی زیرِ صدارت سٹرکٹ امپلیمنٹیشن کمیٹی کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں تمام ضلعی لائن ڈیپارٹمنٹس کے سربراہان اور انتظامی افسران نے شرکت کی، اجلاس کا بنیادی مقصد نو تشکیل شدہ ضلع برشور کے انتظامی (بقیہ نمبر 21 صفحہ 2 پر)

تمام ترقیاتی منصوبوں پر کام کی رفتار کو مزید تیز کیا جائے، ورینڈر لعل

مقررہ مدت کے اندر منصوبوں کی تکمیل کو یقینی اور منصوبوں کی تعمیر میں معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے

نصیرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیرآباد ورینڈر لعل کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں تمام ضلعی محکموں کے سربراہان متعلقہ افسران اور دیگر ذمہ دار حکام نے شرکت کی اجلاس میں ضلع نصیرآباد میں جاری ترقیاتی منصوبوں، عوامی مسائل کے حل، شہری سہولیات کی بہتری، امن و امان کی صورتحال اور مختلف سرکاری محکموں (بقیہ نمبر 22 صفحہ 2 پر)

گورنر جعفر خان مندوخیل سے ایڈووکیٹ امان اللہ کنرانی ملاقات کر رہے ہیں